روحانی وجسمانی امراض نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں

April 2016

ماہنامہ

خزینۂ روحانیات لاہور

رجب المرجب ۱۴۳۷ھ

جلد نمبر 6
شمارہ نمبر 12

Rs.80

"اسماء الحسنٰی نمبر"

وللہ الاسماء الحسنٰی فادعوہ بہا

ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو

اللہ

الرحمٰن الرحیم الملک القدوس السلام المومن المھیمن العزیز الجبار المتکبر الخالق الباری

المصور الغفار القھار الوھاب الرزاق الفتاح العلیم القابض الباسط الخافض الرافع المعز

المذل السمیع البصیر الحکم العدل اللطیف الخبیر الحلیم العظیم

الکبیر الغفور الشکور العلی الحفیظ المقیت الحسیب الجلیل

الکریم الرقیب المجیب الواسع الحکیم الودود المجید الباعث

الشھید الحق الوکیل القوی المتین الولی الحمید المحصی

المبدی المعید المحیی الممیت الحی القیوم الواجد الماجد

الواحد الاحد الصمد القادر المقتدر المقدم المؤخر الاول الاٰخر الظاھر الباطن الوالی

المتعال البر التواب المنتقم العفو الرؤف مالک الملک ذوالجلال والاکرام المقسط الجامع الغنی المغنی

المانع الضار النافع النور الھادی البدیع الباقی الوارث الرشید الصبور

زندگی کے ہر قدم پر کامیابیوں سے ہمکنار ہونے، ناکامیوں اور شرور سے حفاظت اور جملہ مقاصد میں بامراد ہونے کے لیے درج ذیل الواح اپنا ثانی نہیں رکھتیں۔ آج ہی رابطہ فرمائیں اور ان الواح کے حیرت انگیز کرشمات ملاحظہ فرمائیں۔

(1) لوح بیرون ملک ہدیہ: 1100 روپے

اللہ پاک کا بے حد و بے حساب شکر ہے اور آقائے نامدار ﷺ پر کروڑوں درود وسلام ہوں اور ان کے صحابہؓ واہلبیتؓ پر بھی بے شمار رحمت ہو کہ جن کی برکت سے ہم مسلمان ہیں۔ لوح بیرون ملک قدرت کا عجیب کرشماتی تحفہ ہے جس کی افادیت میں شک کرنا کفران نعمت ہے۔ جن لوگوں کو بیرون ملک جانے کا شوق ہے اور ویزہ نہیں مل رہا، وہ چاہتے ہیں کہ وہاں ملازمت بھی مل جائے تو یہ لوح ان کے لیے خوشی کا پیغام ہے۔ اس لوح میں قرآن مجید کی آیت ان اللہ ھو الرزاق ذو القوۃ المتین کی روحانیات سے مدد لی گئی ہے۔ یہ لوح ہر ماہ کی نوچندی شب جمعرات کو تیار کی جاتی ہے۔ اپنا آرڈر قبل از وقت بک کروائیں اور اس لوح کے کرشمات ملاحظہ فرمائیں۔

(2) لوح دولتمندی ہدیہ: 1500 روپے

مریخ مشتری تسدیس کا وقت حصول دولت کے لیے ایک خاص وقت ہے۔ اس وقت میں ایسے اعمال تیار کرنے چاہئیں، جو حصول مال وزر اور دولت کی فراوانی کے لیے ہوں۔ اس سال مریخ مشتری تسدیس کے خاص وقت کی ابتداء ۱۲ فروری ۲۰۱۶ء کو صبح 9:31 پر ہوئی اور 15 فروری 10:37 پر خاتمہ ہوا۔ اس سعد ساعت مشتری میں ادارے نے محدود تعداد میں لوح دولتمندی تیار کی ہیں۔ اپنا اور اپنی والدہ کا نام بتائیں اور لوح دولتمندی کے ذریعے دولت کے ڈھیر لگائیں، ان شاءاللہ۔ لوح منگوانے والوں کو خاص وظیفہ دیا جاتا ہے۔ جس کو پڑھنے سے فیض جاری ہو جاتا ہے اور خوب فائدہ ہوتا ہے۔ یہ لوح کاغذ پر زعفران سے تیار کی گئی ہے۔

(3) لوح خاص برائے حصول علم، ترقی علم اور کامیابیٔ امتحان

ہدیہ: 1200 روپے

یہ لوح قرآن پاک کی ایک آیت پر مشتمل ہے، جس کا تعلق علم سے ہے۔ آیت یہ ہے: رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ﴿سُوْرَۃُ طٰہٰ: ۱۱۴﴾

ترجمہ: ”میرے پروردگار مجھے اور زیادہ علم دے“۔

لوح تیار کرنے کا خاص وقت

شرفِ قمر کا وقت، حصولِ علم اور علمی میدان میں کامیابیوں کے لیے ایک خاص وقت ہے۔ اس وقت میں ایسے اعمال تیار کرنے چاہئیں، جو علم کی ترقی اور کامیابی امتحانات کے لیے ہوں۔

یہ لوح سائل کے نام مع والدہ کے لحاظ سے بنائی جاتی ہے اور کاغذ پر زعفران سے تیار کی گئی ہے۔ ھدیہ پیشگی آنا ضروری ہے۔ ڈاک خرچ بذمہ خریدار ہوگا۔ شرفِ قمر ہر ماہ ایک بار لگتا ہے۔ ہر ماہ اوقات مختلف ہوتے ہیں۔ لہٰذا آپ ہر ماہ ہمارے ادارے سے کروا سکتے ہیں۔

(4) لوح فتوحات مجرب ہدیہ: 1100 روپے

یہ لوح ایک انمول تحفہ ہے۔ آپ بھی قدردان بنیں اور 29 سال کے بعد آنے والے اوجِ زحل میں تیار کی جانے والی ”لوح فتوحات مجرب“ منگوائیں جو فوری اثر کرتی ہے اور سو فیصد یقینی کامیابی بھی ملتی ہے۔

ایسے حضرات وخواتین جو عرصہ دراز سے بہت پریشان ہیں، ہر طرف سے ہر کام میں رکاوٹیں ہیں، سحر جادو کا اثر ہے یا پیدائشی زائچہ میں نحوست ہو تو زحل سے منسوب لوح فتوحات مجرب اپنے پاس رکھیں۔

فوائد لوح فتوحات

* جائیداد، زمین، مکان، دکان، تعمیراتی کام، خرید وفروخت یعنی اسٹیٹ ایجنسی کے کام میں فائدہ ہوگا۔ * دشمنان پر آپ کا رعب ودبدبہ قائم ہوگا۔ دشمن زیر اور آپ ہر میدان میں ان پر غالب ہوں گے۔ * امتحان، مقدمات، الیکشن...... ہر قسم کے مقابلے میں فتح آپ کی ہوگی * سحر، جادو، نظر بد، شیطان، جنات، بیماری، چوری، غرقابی...... ہر قسم کے حادثات، تیر، تلوار، بم، گولی، بندوق، بجلی، گرج چمک جیسے نقصانات سے حفاظت ہوگی۔ غرض یہ کہ ہر قسم کے حالات میں فتح آپ کی ہوگی۔ لوحِ فتوحات کے مؤکلات آپ کو ہر قدم پر کامیاب کرتے رہیں گے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ

یہ لوح محدود تعداد میں تیار کی گئی ہے۔ جلد از جلد منگوانے کے لیے رابطہ فرمائیں۔

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ لاہور

خزینۂ روحانیات

جلد 6 رجب المرجب ۱۴۳۷ھ...... اپریل 2016ء شمارہ 12

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب

معاون مدیر: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

نائب مدیر: مولانا حافظ محمد عرفان صاحب

سرکولیشن، اشتہارات وشکایات 0322-4773786

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال ''دو خاص نمبر'' شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani

Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com

Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat

Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat

Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat

Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت خاص نمبر 80 روپے | سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 650 روپے | سالانہ ممبرشپ رجسٹرڈ ڈاک 1000 روپے

فہرست مضامین...... اپریل ۲۰۱۶ء...... رجب المرجب ۱۴۳۷ھ

مضمون	صفحہ
اسماء الحسنیٰ کے ہر اسم کی الگ مناجات (ابن عربی رحمہ اللہ تعالیٰ)	5
چلہ اللہ الصمد (محمد ارشد صاحب)	14
برکات اسماء الحسنیٰ (حکیم صوفی عبدالروف نظامی)	18
اسماء الحسنیٰ کے خواص و اعمال	20
مجموعہ اسماء الحسنیٰ کے چند خاص اعمال	93
کرامات جفر۔ تسخیر موکل و تسخیر ہمزاد بذریعہ اسماء الحسنیٰ	96
نقش اسماء الٰہی بمع خواص	97

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کرواسکتے ہیں۔

ٹیلی نار 03437727721...... یوپیسہ 33343082867

موبی کیش 03028401977۔ یو بی ایل اومنی 03437772772

2 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔

برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

اہم گزارشات برائے قارئین

۱) دارالعمل چشتیہ کے اوقات کار صبح 10 بجے تا شام 7 بجے۔ چھٹی بروز جمعۃ المبارک۔ ان اوقات کے علاوہ تشریف نہ لائیں۔ ہمیشہ فون کر کے اور اپنا آرڈر کنفرم کر کے آئیں۔

۲) روحانی ملاقات یا علاج کے لئے بروز اتوار شام 4 بجے سے 7 بجے کے درمیان تشریف لائیں۔ شکریہ

۳) اپنے متعلقہ شعبہ کے نمبر پر رابطہ فرمائیں، دوسرے شعبوں کے نمبروں پر کال کر کے اپنا اور ادارہ کا وقت ضائع نہ کریں۔

۴) نمبر نہ ملنے کی صورت میں SMS کریں۔ دوسرے نمبروں پر مختلف نمبروں سے کال ہرگز نہ کریں۔ ایک ہی مسئلے کے لئے مختلف نمبروں پر کال کر کے ادارے کا وقت ضائع نہ کریں۔

۵) ابتداءً اپنے، آرڈر، سوال یا مسئلے کے لئے کال کریں، SMS پر کوئی جواب نہیں دیا جائے گا۔ بعد میں اہم پیغام کے لئے Sms کریں۔

۶) براہ کرم مس کال یا فضول SMS ہرگز نہ کریں۔

اوقات کار و فون نمبرز کی تفصیلات

- مکتبہ العارف: 0332-4487877
- مطب العارف والعارف شہد SMS: 0307-5525103
- روحانی دکان: 0334-4312272
- دارالعمل چشتیہ (جنرل معلومات): 042-35410586

(فون نہ ملنے پر 0322-4773786 پر کال کریں)

- چھٹی: بروز جمعۃ المبارک (ملاقات کرنے یا فون سننے سے معذرت)
- ماہنامہ خزینہ روحانیات سرکولیشن، اشتہارات، مالی معاملات و شکایات: 0322-4773786

(اوقات فون: صبح 10 بجے...... شام 7 بجے، چھٹی بروز جمعہ)

- جنرل روحانی معلومات و خط و کتابت: 0343-7772772

(اوقات فون: صبح 11 بجے...... شام 5 بجے علاوہ جمعہ، اتوار)

- روحانی درسگاہ: مولانا عرفان صاحب 0345-4661681

(اوقات فون: دوپہر 2 بجے...... مغرب علاوہ جمعہ اتوار)

- برائے جسمانی علاج و مشورہ و روحانی درسگاہ:

مولانا سلیم اللہ ظفر مدظلہ 0343-4686217

(اوقات فون: صبح 9 بجے...... مغرب)

- زونگ نمبر: 0315-4777677 (جن حضرات کا زونگ کا پیکج ہو وہ اس نمبر پر کال کر سکتے ہیں)
- گذارشات: ☆مختصر، جامع اور کام کی بات کریں ☆جو حضرات لمبی بات کرتے ہیں وہ SMS کریں ☆جن کسٹمرز کو SMS کا کہہ دیا جائے وہ صرف SMS کریں، کال ہرگز نہ کریں ☆اگر آپ کا پیکج ہے تو اپنے مطلوبہ نیٹ ورک پر کال کر سکتے ہیں ☆SMS کرنے سے گریز کریں، فون پر بات کریں ☆رقم جمع کروانے سے پہلے بل کا ٹوٹل بمع ڈاک خرچ معلوم کریں۔

روحانی علاج کروانے والے متوجہ ہوں

ہمارے ادارے کی روحانی علاج گاہ سے علاج کروانے کے خواہشمند حضرات وخواتین سے گذارش ہے کہ درج ذیل اصولوں کی پابندی کریں۔

۱)......ہم فون پر یا online روحانی تشخیص نہیں کرتے۔ اس سلسلے میں اپنا اور ہمارا وقت ضائع نہ فرمائیں۔

۲)......تشخیص کا طریقہ ہم نے اپنی ویب سائٹ darulamal.org پر دیا ہوا ہے۔ اب کسی شخص کی یا کسی جگہ کی تشخیص با آسانی خود کی جا سکتی ہے۔

۳)......روحانی علاج کے سلسلے میں مشورہ کرنا ہو تو رابطے کی تفصیل یہ ہے

** ......ای میل: ruhaniilajgah@gmail.com

** ......موبائل: سید محمد عامر صاحب۔ دوپہر 3 بجے تا رات 9 بجے۔ ناغہ بروز جمعہ و اتوار 0344-8439477۔ روحانی علاج گاہ۔ صبح 11 بجے تا شام 5 بجے۔ ناغہ بروز جمعہ و اتوار 0343-7772772

** ......خط و کتابت: روحانی علاج گاہ، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119 لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570۔ (جوابی لفافہ لازمی ساتھ بھیجیں)

WhatsApp WeChat Viber imo fring LINE +92-322-7772772

اداریہ...

مولانا علی آفاق صاحب

الحمد للہ خزینہ روحانیات کا گیارہواں خاص نمبر ''اسما الحسنیٰ'' آپ کے ہاتھوں میں ہے، اس کی کامیابی کا فیصلہ اللہ تعالیٰ کی ذات کو کرنا ہے، مگر ہم سب بطور مسلمان یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ ''محنت میری رحمت تیری'' اس لئے اللہ کے حضور یہ دعا ہے کہ خزینہ کے دیگر خاص نمبرز کی طرح اس خاص نمبر کو بھی قبول عام ونافع تام بنائے آمین۔ ہم سب اراکین ادارہ آپ قارئین کے خطوط، آراء اور تجاویز کو ہمیشہ خوش آمدید کہتے ہیں اور آپ کی آراء کی روشنی میں رسالہ کو بہتر بنانے کی پُرخلوص کوشش کرتے ہیں۔ یہ انسانی کوشش ہے، لہٰذا کمی کوتاہی کا پایا جانا بشری تقاضا ہے۔ اس لیے دل کھول کر فیڈ بیک دیجئے۔

آج کل عمومی طور پر ہم سب روحانی پریشانیوں کے شکار ہیں۔ کسی کو جادو کی پریشانی ہے، کسی کو جنات سے واسطہ ہے، کوئی رشتہ کی بندش کا سامنا کر رہا ہے، کسی کو اولاد کی نعمت سے محرومی کا گلا ہے۔ کوئی بے روزگاری کے دن کاٹ رہا ہے، کسی کو خاندان کے بچوں کے ہاتھوں عزت کے جنازے کے نکلنے کا خطرہ ہے، کوئی اولاد کے ہاتھ پیلے کرنے کیلئے کوشاں ہے، کسی کو بیماری نے آگھیرا ہے، الغرض مختلف پریشانیاں ہرسُو منہ کھولے کھڑی ہیں، ان تمام سماجی، معاشی، معاشرتی، پریشانیوں اور مشکلات کا سبب ہمارے اعمال بد ہیں اور نتیجہ کے طور پر اللہ کی ناراضگی اور بعض مرتبہ آزمائش کی شکل میں ان چیزوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اگر تو اعمال بد کا شاخسانہ ہے، تو فوری طور پر ہم سب کو اپنے اعمال کا جائزہ لے کر توبہ واستغفار کے ساتھ ساتھ اس مسئلہ اور پریشانی کے حل کی مناسب تدابیر کو اختیار کرنے کے ساتھ روحانی تدابیر کو بھی اختیار کرنا چاہئے اور اگر آزمائش ہے تو پھر فوری طور پر اپنی عجز وانکساری سے بھرپور دعا کا سہارا لے کر اللہ تعالیٰ سے آزمائش سے پناہ کی درخواست کرنی چاہیے۔ ہمارے معاشرے میں جلد بازی اور عملیات پسندی کی وجہ سے سب کچھ ریڈی میڈ پکا پکایا کھانے، سمیٹنے اور پڑھنے کی عادت نے ہمیں سہل پسند بنادیا ہے۔ اس لئے لمبے وظائف، لمبی چلہ کشی، ریاضت، محنت اور عمل کی طاقت کو حاصل کرنے کی صرف خواہش ہی باقی رہ گئی ہے۔ لمبی ریاضت اور عمل کی طاقت کو قابو میں کرنے، حفاظت کے حصار، اعمال، دشمن کی تباہی بربادی کے اعمال، صحت کے حوالے سے پریشانی کا سامنا کرنے والے سائلین اور جادو جنات، بدنظر کا شکار افراد، حاسدین کے آسان ہدف بننے والے افراد، اگر درست منتخب کردہ ''اسماء الحسنیٰ'' کی ریاضت کو کرنے کے بعد اس کی طاقت کے بھرپور استعمال کو معمول بنائیں تو پھر وہ دن دور نہیں کہ ''صاحب نظر'' استاد اور روحانیت کے رموز واسرار سے واقفیت رکھنے والے کی راہنمائی اور نگرانی کی برکت سے جادو کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ، جنات سے مستقل حفاظت، دشمن سے حفاظت کے ساتھ اگر شرعاً جائز ہوا تو تباہی بھی دشمن کا مقدر ٹھہرے گی۔

اس کی سادی اور عام فہم وجہ یہ ہے کہ عمل میں تاثیر اللہ کی مرضی اور منشاء سے ممکن ہے، جبکہ اسماء الحسنیٰ کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ آپ براہ راست اللہ تعالیٰ کی مبارک ذات اور ہستی کو پکار رہے ہیں۔

جو کہ ہر انسان کی ''شہہ رگ'' سے زیادہ قریب ہے اور اس کا واضح اور صاف اعلان ہے کہ ''تم مجھے پکارو میں تمہیں اس کا جواب (تمہاری راحت رسانی) دوں گا۔ اس خاص نمبر کی اہم خوبی جس کی وجہ سے میری نظر میں اس کو چار چاند لگ گئے ہیں، وہ یہ ہے کہ اس میں تمام اراکین ادارہ نے بھرپور دلچسپی اور دلجمعی سے حصہ لیا۔

آخری سطور میں ایک دفعہ پھر میں تمام مضامین نگار اور منتظمین کی کاوشوں کی عند اللہ مقبولیت اور عوام الناس اور قارئین کے لیے ان کی کوششوں کے بار آور اور نافع ہونے کیلئے دعا گو ہوں۔

میں ہر بار کی طرح اس مرتبہ یہ بات دہرانا ضروری سمجھتا ہوں کہ دورد شریف ہو یا اسماء الحسنیٰ کے ذریعے علاج، مشکلات کا حل ہو یا ضروریات کا اللہ کے مبارک ناموں سے طلب کرنا، اس میں مناسب اور بقدر ضرورت ریاضت ضرور کریں اور ادارہ سے اجازت حاصل کریں۔

اسماء الحسنیٰ کے ہر اسم کی الگ مناجات (ابن عربی رحمہ اللہ تعالیٰ)

مترجم: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب مدظلہ

ابن عربی رحمہ اللہ تعالیٰ کا شمار ایسی شخصیات میں ہوتا ہے، جنہوں نے مخفی علوم پر کمال حاصل کیا۔ اور ایسے ایسے رازوں سے پردہ اٹھایا، جن کی مثال نہیں ملتی۔ اگر چہ ابن عربی رحمہ اللہ تعالیٰ پر بہت اعتراضات بھی لگائے گئے، مگر ہمیں ان کی پرواہ نہیں۔ ہم تو ان کے انتہائی ممنون اور شکر گزار ہیں کہ انہوں نے تصوف اور روحانیت کے رازوں سے پردہ اٹھایا اور ہم جیسے کم علموں کے لیے اندھیرے میں شمع روشن کی۔

اللہ تعالیٰ کے ننانوے ناموں کے لحاظ سے حضرت ابن عربی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ہر اسم کی مناسبت سے الگ الگ مناجات لکھی ہیں۔ یہ ایک نایاب مضمون ہے اور اہل علم حضرات کے لیے نایاب تحفہ ہے۔

پڑھنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اول و آخر ایک ایک بار درود شریف کے ساتھ پوری مناجات ایک بار پڑھ لی جائے تاکہ ہر اسم کا فیض مل جائے۔ اللہ تعالیٰ پڑھنے کی توفیق دے اور ایسے نایاب روحانی تحفوں کو قارئین خزینہ روحانیات کو پہنچانے میں غیبی مدد فرمائے۔ آمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(1) اللہ : اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ : يَا اَللّٰهُ دُلَّنِيْ بِكَ عَلَيْكَ وَارْزُقْنِيْ مِنَ الثَّبَاتِ عَنْدَ وُجُوْدِكَ مَا أَكُوْنُ بِهٖ مَتَأَدِّباً بَيْنَ يَدَيْكَ.

اے اللہ! اپنی رحمت سے میری راہنمائی اپنی جانب فرمایئے اپنے سامنے حاضری کے وقت ثابت قدمی عطا فرمانا تاکہ میں آپ کے سامنے باادب حاضری دے سکوں!

(2) الرَّحْمٰنُ : يَا رَحْمٰنُ اِرْحَمْنِيْ بِسُبُوْغِ نِعَمِكَ وَآلَائِكَ وَبُلُوْغِ الأمل فِيْ دَفْعِ شَدَائِدِكَ وَبَلْوَائِكَ.

اے بے حد مہربان ذات! اپنی بے پناہ نعمتوں کی عطا کے ساتھ مجھ پر رحم فرمایئے۔ مصیبتوں اور پریشانیوں کے دور کرنے میں میری امیدوں کو اپنی رحمت سے پورا فرمایئے!

(3) الرحیم : يَا رَحِيْمُ اَرْحَمْنِيْ بِدُخُوْلِ جَنَّتِكَ وَالتَّنَعُّمِ بِقُرْبِكَ وَرَؤْيَتِك.

اے نہایت رحم کرنے والے! مجھے اپنی وسیع رحمت سے جنت میں داخل فرمانا اور اپنے قرب اور دیدار سے باریاب فرمانا!

(4) الملك : يَامَن مُّلِكَهٗ وَاسِعٌ وَاَنْتَ رَبُّ النَّاسِ وَاِلٰهُ النَّاسِ اِرْحَمْنِيْ وَاَنَا فِيْ رَعِيَّتِكَ

اے بادشاہ! اے وہ ذات کہ جس کی بادشاہت بہت وسیع ہے اور آپ ہی لوگوں کے رب ہیں، آپ ہی حقیقی بادشاہ اور اِلٰہ ہیں۔ میں تیری رعیت میں ہوں۔ آپ مجھ پر رحم فرمایئے!

(5) اَلْقُدُّوْسُ : يَا قُدُّوْسُ قَدِّسْنِيْ مِنَ الْعُيُوْبِ وَالْآفَاتِ وَطَهِّرْنِيْ مِنَ الذُّنُوْبِ وَالسَّيِّئَاتِ.

اے نہایت پاکیزہ ذات! مجھے ہر طرح کے عیوب اور آفات سے محفوظ فرمایئے اور گناہوں اور تمام خطاؤں سے پاک فرمایئے!

(6) اَلسَّلَامُ : يَا سَلَامُ سَلِّمْنِيْ مِنْ كُلِّ وَصْفٍ ذَمِيْمٍ وَاْجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَأْتِيْكَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ.

اے سلامتی دینے والے! ہر بری چیز سے مجھے سلامت رکھیے اور مجھے ایسا بنا دیجیے کہ قلب سلیم لے کر آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوں!

(7) اَلْمُؤْمِنُ : يَا مُؤْمِنُ آمِنِّيْ يَوْمَ الْفَزَعِ الْأَكْبَرِ وَارْزُقْنِيْ مِنْ مَّزِيْدِ الْإِيْمَانِ الْحَظَّ الْأَكْبَر.

اے امن دینے والے! بڑے دن کی گھبراہٹ سے مجھے امن عطا فرمایئے

اور میرے ایمان میں بہت اضافہ اور کمال پیدا فرمائیے۔

(8) اَلْمُهَيْمِنُ : يَا مُهَيْمِنُ اجْعَلْنِيْ لِهَيْمِنَتِكَ شَاهِدًا وَّرَائِيًا وَلِأَمَانَاتِكَ وَعَهْدِكَ حَافِظًا وَّرَاعِيًا.

اے نگہبان! مجھے اپنی نگہبانی کا شہود اور نظارا عطا فرمائیے اور اپنی امانتوں اور عہد کا محافظ و پاسبان بنائیے!

(9) اَلْعَزِيْزُ : يَا عَزِيْزُ اجْعَلْنِيْ بِعِزَّتِكَ مِنَ الْأَذَلِّيْنَ بَيْنَ يَدَيْكَ وَاسْتَعْمِلْنِيْ بِأَعْمَالِ الْآخِرَةِ لَدَيْكَ.

اے غالب! مجھے اپنے غلبے کے ساتھ اپنے سامنے عاجزی کرنے والوں میں شامل فرمائیے اور آخرت میں کام آنے والے اعمال صالحہ میں مصروف رکھیے!

(10) اَلْجَبَّارُ : يَا جَبَّارُ اُجْبُرْ حَالِيْ بِمُوَافَقَةِ مُرَادِكَ وَلَا تَجْعَلْنِيْ جَبَّارًا عَلٰى عِبَادِكَ.

اے پورا کرنے والے! میری مراد کے مطابق میرے حال کو پورا فرمائیے اور مجھے اپنے بندوں پر جبر کرنے والا نہ بنائیے!!

(11) اَلْمُتَكَبِّرُ : يَا مُتَكَبِّرُ اجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَوَاضِعِيْنَ لِكِبْرِيَائِكَ الْخَاضِعِيْنَ لِحُكْمِكَ وَقَضَائِكَ.

اے بڑائی والے! مجھے اپنی کبریائی کے سامنے تواضع کرنے والوں میں شامل فرما کر اپنے حکموں اور فیصلوں کے مطابق فرماں بردار بنائیے!

(12) اَلْخَالِقُ : يَا خَالِقُ اُخْلُقْ فِيْ قَلْبِيْ تَوْفِيْقًا لِلطَّاعَةِ وَاعْصِمْنِيْ بَيْنَ خَلْقِكَ مِنْ كُلِّ ظَلَامَةٍ وَّتَبَاعَةٍ.

اے پیدا کرنے والے! میرے دل میں اپنی فرماں برداری کی توفیق پیدا فرما کر اپنی مخلوق میں سے ہر طرح کی تباہی اور بربادی سے مجھے بچائیے!

(13) اَلْبَارِئُ : يَا بَارِئُ اجْعَلْنِيْ مِنْ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ وَخَلِّقْنِيْ بِأَخْلَاقٍ حَسَنَةٍ مَّرْضِيَّةٍ.

اے اچھے انداز سے بنانے والے! مجھے اپنی مخلوق میں سے بہترین بنائیے اور پسندیدہ اخلاق سے آراستہ فرمائیے!

(14) اَلْمُصَوِّرُ : يَا مُصَوِّرُ صَوِّرْنِيْ بِصُوْرَةِ عُبُوْدِيَّتِكَ وَنَوِّرْنِيْ بِأَنْوَارِ مَعْرِفَتِكَ.

اے صورتیں بنانے والے! مجھے اپنی عبودیت کے سانچے میں ڈھال دیجئے اور اپنی معرفت کے انوار سے منور فرمائیے!

(15) اَلْغَفَّارُ : يَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِيْ جَمِيْعَ الْكَبَائِرِ وَالصَّغَائِرِ وَهَوَاجِمِ الْغَفَلَاتِ وَهَوَاجِسِ الضَّمَائِرِ.

اے بخشنے والے! میرے تمام کبائر و صغائر بخش دیجئے اور میرے باطن کی ہر میل و کچیل دور فرما دیجئے!

(16) اَلْقَهَّارُ : يَا قَهَّارُ أَشْهِدْنِيْ قَهْرَكَ وَلَا تُؤْمِنِّيْ مَكْرَكَ.

اے غلبے والے! مجھے اپنے غلبے کا شاہد بنائیے اور اپنی خفیہ تدبیر سے امن میں رکھیے!

(17) اَلْوَهَّابُ : يَا وَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ جَزِيْلِ هِبَتِكَ مَا يُبَلِّغُنِيْ إِلٰى مَرْضَاتِكَ.

اے بہت زیادہ عطا کرنے والے! اپنی بہترین عطاؤں سے مجھے بہت کچھ عطا فرمائیے جو مجھے آپ کی رضا تک پہنچا دے!

(18) اَلرَّزَّاقُ : يَا رَزَّاقُ اُرْزُقْنِيْ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا حَلَالًا وَّاسِعًا.

اے زیادہ رزق دینے والے! مجھے علم نافع اور رزق حلال کشادگی سے عطا فرمائیے!

(19) اَلْفَتَّاحُ : يَا فَتَّاحُ اِفْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ السَّعَادَةِ وَحَقِّقْنِيْ بِحَقَائِقِ أَهْلِ الْإِرَادَةِ.

اے کھولنے والے! میرے لیے سعادت کے دروازے کھول دیجئے اور چیزوں کے حقائق تک رسائی عطا فرمائیے!

(20) اَلْعَلِيْمُ : يَا عَلِيْمُ عَلِّمْنِيْ مِنْ عِلْمِكَ مَا تَرْضٰى بِهٖ عَنِّيْ وَلَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا تَعْلَمُهٗ مِنِّيْ.

اے علم والے! مجھے اپنے پاس سے ایسا علم عطا فرمائیے جس کی وجہ سے آپ

مجھ سے راضی ہوجائیں اور جو کچھ آپ میرے بارے میں جانتے ہیں اس کی وجہ سے میری پکڑ نہ فرمائیے!

(21+22) اَلْقَابِضُ + اَلْبَاسِطُ : یَا قَابِضُ یَا بَاسِطُ اِقْبِضْنِیْ عَنْ مُسَابَقَةِ دَوَاعِیَ النَّفْسِ وَابْسُطْ عَلَیَّ نَسِیْمِ نَفَحَاتِ الْأُنْسِ.

اے تنگی اور کشادگی لانے والے! خواہشات نفس کی جانب دوڑنے سے مجھے روک دیجئے اور اپنے قرب کی گھڑیوں میں آپ مجھ پر اپنی رحمت کی بارش برسائیے!

(23+24) اَلْخَافِضُ + اَلرَّافِعُ : یَا خَافِضُ یَا رَافِعُ اِخْفِضْ لِیْ هَوَائِیْ بِمُوَافَقَةِ کِتَابِكَ وَارْفَعْنِیْ بِقُرْبِكَ فَهُوِیَّتِیْ إِلٰی جَنَابِكَ.

اے پست کرنے والے اور بلند کرنے والے! میری خواہشات کو اپنی کتاب کے موافق پست کر دیجئے اور اپنی بارگاہ میں قرب عطا فرما کر مجھے بلندی عطا فرمائیے!

(25+26) اَلْمُعِزُّ + اَلْمُذِلُّ : یَا مُعِزُّ یَا مُذِلُّ أَعِزَّنِیْ بِعِزِّ التَّوْحِیْدِ وَالْإِیْمَانِ وَلَا تُذِلَّنِیْ بِاتِّبَاعِ خُطُوَاتِ الشَّیْطَانِ.

اے عزت دینے والے اے ذلت دینے والے! مجھے توحید اور ایمان کامل کے ساتھ عزت عطا فرمائیے اور شیطان کے قدموں کی پیروی کے ساتھ ذلیل ہونے والا نہ بنائیے!

(27) اَلسَّمِیْعُ : یَا سَمِیْعُ اِسْمَعْنِیْ بِلَطَائِفِ أَسْمَاعِ مَنْ عَلِمْتَ فِیْهِ الْخَیْرَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الرَّاغِبِیْنَ لِسَمْعِكَ وَبَصَرِكَ فِیْ کُلِّ نَهْیٍ وَّأَمْرٍ.

اے سننے والے! جن چیزوں کے سننے میں میری بھلائی ہے، اپنے فضل سے مجھے وہ سنوائیے اور ہر امر و نہی میں مجھے اپنے سننے اور دیکھنے کا دھیان نصیب فرمائیے!

(28) اَلْبَصِیْرُ : یَا بَصِیْرُ اجْعَلْنِیْ بَصِیْرًا فِیْ دِیْنِكَ عِنْدَ اشْتِبَاهِ الْأُمُوْرِ ذَا بَصِیْرَةٍ تَامَّةٍ فِیْ اِجْتِنَابِ کُلِّ مَحْظُوْرٍ.

اے دیکھنے والے! مجھے اپنے دین کے معاملے میں تمام امور میں اشتباہ کے وقت کامل بصیرت سے سرفراز فرماتے ہوئے ہر ممنوع چیز سے بچائیے!

(29) اَلْحَکِیْمُ : یَا حَکِیْمُ اجْعَلْنِیْ لِحُکْمِ إِرَادَتِكَ مُسْلِمًا وَلِأَحْکَامِ شَرِیْعَتِكَ مُعَظِّمًا.

اے حاکم حقیقی! مجھے اپنے احکام کے معاملے میں فرماں بردار بنائیے اور تمام احکامات میں شریعت کی تعظیم کرنے والا بنائیے!

(30) اَلْعَدْلُ : یَا عَدْلُ اِجْعَلْنِیْ مِمَّنْ یَّقُوْمُ بِالْعَدْلِ فِیْ جَمِیْعِ عَمَلِهٖ وَیَبْلُغُ بِالتَّرَقِّیْ فِیْ دَرَجَاتِ الْإِحْسَانِ غَایَةَ أَمَلِهٖ.

اے عدل کرنے والے! مجھے تمام اعمال میں عدل پر قائم رکھیے اور عافیت فضل وکرم سے مجھے تمام نیک امور میں احسان کے درجے تک پہنچائیے!

(31) اَللَّطِیْفُ : یَا لَطِیْفُ اَلْطُفْ بِیْ فِیْ قَدَرِكَ وَقَضَائِكَ وَاقْسِمْ لِیْ مِنْ جَزِیْلِ بِرِّكَ وَآلَائِكَ.

اے مہربانی کرنے والے! اپنی قضا وقدر کے معاملے میں مجھ پر اپنا لطف وکرم فرمائیے اور اپنی نعمتوں اور فرماں برداری کا بڑا حصہ مجھے عطا فرمائیے!

(32) اَلْخَبِیْرُ : یَا خَبِیْرُ اِجْعَلْنِیْ خَبِیْرًا بِخَفِیَّاتِ عُیُوْبِیْ مُسْتَغْفِرًا مِنْ جَمِیْعِ ذُنُوْبِیْ.

اے خبر رکھنے والے! مجھے اپنے اندر کے عیوب اور خامیوں سے باخبر کر دے اور مجھے اپنی خطاؤں پر استغفار کرنے والا بنا دیجئے!

(33) اَلْحَلِیْمُ : یَا حَلِیْمُ خَلِّقْنِیْ بِخُلُقِ الْحِلْمِ وَحَقِّقْنِیْ بِحَقَائِقِ الْعِلْمِ.

اے بردبار! مجھے بردباری عطا فرمائیے اور علم کے حقائق سے سرفراز فرمائیے!

(34) اَلْعَظِیْمُ : یَا عَظِیْمُ بِعَظَمَةٍ لَا تُحِیْطُ بِهَا أَوْهَامُ الْمُتَفَکِّرِیْنَ اِجْعَلْنِیْ عَظِیْمَ الْهِمَّةِ فِی التَّرَقِّیْ فِیْ مَقَامَاتِ الْمُتَمَکِّنِیْنَ أَهْلِ التَّمْکِیْنِ.

اے عظمت والے! مجھے ایسی عظمت عطا فرمائیے کہ جس کا لوگ تصور بھی نہ

کر سکیں اور مجھے اپنے ہاں بڑے مقامات میں ترقی عطا فرمایئے جیسے عزت داروں کو آپ عطا فرماتے ہیں!

(35) اَلْغَفُوْرُ : یَا غَفُوْرُ اِغْفِرْ لِیْ جَمِیْعَ الْخَطَایَا وَالذُّنُوْبِ وَبَلِّغْنِیْ مِنْ رِضْوَانِكَ غَایَةَ الْمَرْغُوْبِ.

اے بخشنے والے! میری تمام خطائیں اور قصور معاف فرمایئے اور مجھے اپنی رضا سے سرفراز فرما کر اپنی پسند کے اعلیٰ رتبے تک پہنچایئے!

(36) اَلشَّکُوْرُ : یَا شَکُوْرُ اجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا لِمَا أَنْعَمْتَ عَلَیَّ مِنْ نِعَمَائِكَ ذَكُوْرًا لِإِحْسَانِكَ وَآلَائِكَ.

اے قدردان! مجھے اپنی نعمتوں اور احسانات کو پیش نظر رکھ کر توفیق شکر عطا فرمایئے!

(37+38) اَلْعَلِیُّ + اَلْکَبِیْرُ : یَا عَلِیُّ یَا کَبِیْرُ اجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِكَ الْمُقَرَّبِیْنَ فِیْ دَرَجَاتِ الْکَمَالِ یَا مَنْ لَا کَبِیْرًا إِلَّا وَهُوَ بِالْإِضَافَةِ إِلٰی کِبْرِیَائِهٖ حَقِیْرٌ اجْعَلْنِیْ مِنَ الْأَکَابِرِ الْمُخْتَصِّیْنَ بِالْمُلْكِ الْکَبِیْرِ.

اے بلند اے برتر ذات! درجات کمال عطا فرما کر مجھے اپنے مقرب بندوں میں شامل فرمایئے۔ اے بڑے آپ ہی ایسے بڑے ہیں کہ آپ کے سامنے کوئی بڑا، بڑا نہیں۔ مجھے بھی بڑا رتبہ عنایت فرما کر خاص بلندیوں سے نواز دیجیے!

(39) اَلْحَفِیْظُ : یَا حَفِیْظُ احْفَظْنِیْ مِنْ مُوَافَقَةِ مُوْجِبَاتِ عَذَابِكَ وَاجْعَلْنِیْ حَفِیْظًا لِمَا اسْتَحْفَظْتَنِیْ مِنْ کِتَابِكَ.

اے حفاظت کرنے والے! اپنے عذاب کو لازم کر دینے والی چیزوں سے میری حفاظت فرمایئے اور مجھے اپنی کتاب کے ذریعے سے حفاظت عطا فرمایئے!

(40) اَلْمُقِیْتُ : یَا مُقِیْتُ أَقِتْنِیْ بَاطِنًا وَظَاهِرًا بِأَحْسَنِ الْأَقْوَاتِ وَأَعِنِّیْ عَلٰی طَاعَتِكَ فِیْ جَمِیْعِ الْحَالَاتِ.

اے قوت دینے والے! میرے ظاہر و باطن کو اچھی قوت عطا فرمایئے اور تمام حالات میں اپنی فرماں برداری کے لیے میری مدد فرمایئے!

(41) اَلْحَسِیْبُ : یَا حَسِیْبُ اِسْتَعْمِلْنِیْ بِالْمُحَاسَبَةِ قَبْلَ الْحِسَابِ وَالسُّؤَالِ وَكُنْ حَسْبِیْ فِیْ جَمِیْعِ الْأَحْوَالِ.

اے حساب دینے والے! مجھے روز حساب سے پہلے اپنا محاسبہ کرنے کی توفیق عطا فرمایئے اور زندگی کے تمام معاملات میں آپ میرے لیے کافی ہو جایئے!

(42) اَلْجَلِیْلُ : یَا جَلِیْلُ فَلَا جَلِیْلٌ إِلَّا وَهُوَ فِی الْجَلَالَةِ لَهٗ مُسْتَكِیْنٌ اجْعَلْنِیْ مِنْ هَیْبَتِكَ وَجَلَالِكَ فِیْ مَقَامٍ مَکِیْنٍ.

اے عزت والے! کوئی عزت والا نہیں سوائے اس کے جو آپ کی جلالت کے سائے میں آ جائے۔ مجھے اپنی ہیبت اور جلال کے صدقے محفوظ مقام عطا فرمایئے!

(43) اَلْکَرِیْمُ : یَا کَرِیْمُ اجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ بِطَاعَتِكَ وَمَحَبَّتِكَ وَأَکْرِمْنِیْ بِالنَّظَرِ إِلٰی وَجْهِكَ الْکَرِیْمِ فِیْ جِوَارِكَ وَجَنَّتِكَ.

اے کرم کرنے والے! اپنی اطاعت و محبت سے سرفراز کیے جانے والوں میں مجھے شامل فرمایئے اور مجھے اپنے پڑوس میں جنت میں داخل فرما کر اپنی لذت دیدار سے بہرہ مند فرمایئے!

(44) اَلرَّقِیْبُ : یَا رَقِیْبُ اُرْزُقْنِیْ مِنْ مُرَاقَبَتِكَ مَا یَمْنَعُنِیْ مِنَ الْعِصْیَانِ وَمِنْ مُشَاهَدَةِ قُرْبِكَ مَا یُذْهِبُ عَنِّی الْغَفْلَةَ وَالنِّسْیَانَ.

اے نگہبان! مجھے اپنی نگہبانی کا ایسا دھیان نصیب فرمایئے جو مجھے گناہوں سے روک دے اور مجھے اپنے قرب کا ایسا مشاہدہ عطا فرمایئے جو مجھے غفلت و نسیان سے بچا لے!

(45) اَلْمُجِیْبُ : یَا مُجِیْبُ اِسْتَجِبْ لِیْ دُعَائِیْ بِأَسْمَائِكَ الْحُسْنٰی وَاجْعَلْنِیْ مِمَّنْ أَجَابَ دَعْوَتَكَ وَاتَّبَعَ رَسُوْلَ الْهُدٰی. صلی اللہ علیہ وسلم.

اے قبول کرنے والے! اپنے پیارے ناموں کے ساتھ میری دعاؤں کو شرف قبولیت عطا فرمایئے اور مجھے ان لوگوں میں شامل فرمایئے جنہوں نے آپ کی پکار پر لبیک کہا اور تیرے رسول کی پیروی کی۔

(46) اَلْوَاسِعُ: یَا وَاسِعُ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا أَوْسِعْ لِیْ مِنَ الرَّحْمَةِ وَالْعِلْمِ أَوْفٰی حَظٍّ وَّأَوْفَرَ قِسْمٍ.

اے وسیع رحمت والے! آپ کی رحمت اور آپ کا علم ہر چیز سے وسیع ہے۔ مجھے بھی اپنی وسیع رحمت اور علم کا وافر حصہ عطا فرمایئے!

(47) اَلْحَکِیْمُ: یَا حَکِیْمُ حِکْمَتُهٗ لَا یَشُذُّ شَیْءٌ عَنْهَا هَبْ لِیْ حِکْمَةً تَحْمِلُنِیْ عَلٰی مَحَاسِنِ الْاَحْوَالِ وَالْاَفْعَالِ وَتَرْكِ الْقَبَائِحِ مِنْهَا.

اے گہری حکمت والے! آپ ایسے حکیم ہیں کہ کوئی چیز بھی آپ کی حکمت سے خالی نہیں اے حکیم! مجھے ایسی حکمت و دانش عطا فرمایئے جو میرے تمام احوال و افعال میں خوب صورتی پیدا کردے اور ہر قبیح چیز کو مجھ سے دور کردے!

(48) اَلْوَدُوْدُ: یَا وَدُوْدُ یَوَدُّ أُوْلِیَاءَهٗ وَأَصْفِیَاءَهُ الْمُقَرَّبِیْنَ اِجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ وَدًّا لَّكَ وَاجْعَلْ لِیْ وُدًّا فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ.

اے محبت کرنے والے! آپ اپنے دوستوں اور اولیاء مقربین سے محبت کرتے ہیں میرے دل کو بھی اپنی محبت کی آماجگاہ بنادیجئے اور اہل ایمان کے قلوب میں میری محبت بھی پیدا فرمادیجئے!

(49) اَلْمَجِیْدُ: یَا مَجِیْدُ اُرْزُقْنِیْ مِنَ الْمَجْدِ مَا هُوَ غَایَةُ الْإِمْکَانِ فِیْ طَاقَةِ الْإِنْسَانِ.

اے بزرگی والے! جس قدر عزت و بزرگی انسانی حد امکان میں ہے وہ مجھے عطا فرمایئے!

(50) اَلْبَاعِثُ: یَا بَاعِثُ اِبْعَثْ لِیْ خَوَاطِرَ الْخَیْرِ مِنْ خَزَائِنِ السِّرِّ وَثَبِّتْنِیْ یَوْمَ الْبَعْثِ بِجَزِیْلِ الْأَجْرِ وَجَمِیْلِ الْبِرِّ.

اے اٹھانے والے! اپنے پوشیدہ خزانوں سے میرے لیے بھلائی کی راہیں ہموار کردیجئے اور جس روز سب کو اٹھایا جائے گا۔ مجھے بھی بہت سے اجر اور نیکیوں کے ساتھ ثابت قدم اٹھایئے!

(51) اَلشَّهِیْدُ: یَا شَهِیْدُ اِجْعَلْنِیْ لِشَهَادَتِكَ مُتَیَقِّنًا وَبِعِلْمِكَ مُکْتَفِیًا.

اے حاضر و گواہ! اپنے ہر جگہ حاضر ہونے پر مجھے یقین عطا فرمایئے اور اپنے علم کے ساتھ میری کفایت فرمایئے!

(52) اَلْحَقُّ: یَا حَقُّ حَقِّقْ رَجَائِیْ فِیْ بُلُوْغِیْ حَقِیْقَةً مِنْ حَقَائِقِ تَوْحِیْدِكَ وَاسْتَعْمِلْنِیْ لِلْقِیَامِ بِحَقِّكَ وَالْوُقُوْفِ عَلٰی جُوْدِكَ.

اے حق ذات! اپنی توحید کے حقائق تک پہنچنے کے لیے میری امیدوں کو کامل کردیجئے۔ اپنے قیام حق کیلئے اور سخاوت پر جمے رہنے میں مجھے مصروف فرمایئے!

(53) اَلْوَکِیْلُ: یَا وَکِیْلُ اِجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَوَکِّلِیْنَ عَلَیْكَ فِی الْأُمُوْرِ کُلِّهَا وَلَا تَکِلْنِیْ إِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّلَا أَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ.

اے کارساز! مجھے تمام امور زندگی میں اپنی ذات پر توکل رکھنے والا بنایئے اور مجھے ایک لمحہ کیلئے بھی میری ذات کے حوالے نہ فرمایئے!

(54) اَلْقَوِیُّ: یَا قَوِیُّ قَوِّنِیْ عَلَی الْعَمَلِ بِکُلِّ طَاعَةٍ وَبِرٍّ وَقِنِیْ شَرَّ نَفْسِیْ وَشَرَّ کُلِّ ذِیْ شَرٍّ.

اے قوت دینے والے! نیکی اور اچھائی کے ہر عمل میں مجھے قوی کردیجئے اور مجھے میری ذات کے شر سے اور ہر شریر کے شر سے بچالیجئے!

(55) اَلْمَتِیْنُ: یَا مَتِیْنُ اِجْعَلْ دِیْنِیْ مَتِیْنًا وَّیَقِیْنِیْ قَوِیًّا مَّکِیْنًا.

اے مضبوطی والے! مجھے دینی امور پر مضبوط اور میرے یقین کو خاص قوت عطا فرمایئے!

(56) اَلْوَلِیُّ: یَا وَلِیُّ اِجْعَلْنِیْ بِوِلَایَتِكَ إِیَّایَ وَلِیًّا وَبِرِعَایَةِ حَقِّكَ وَفِیًّا.

اے کامل دوست! مجھے اپنی خاص ولایت سے ہمکنار فرمایئے اور اپنے حقوق کی صحیح ادائیگی کی توفیق عطا فرمایئے!

(57) اَلْحَمِیْدُ: یَا حَمِیْدُ اِجْعَلْنِیْ مِنَ الْحَامِدِیْنَ لَكَ وَالشَّاکِرِیْنَ

وَاحْشُرْنِیْ تَحْتَ لِوَآءِ الْحَمْدِ فِیْ زُمْرَۃِ النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّھَدَآءِ وَالصَّالِحِیْنَ.

اے قابل تعریف! مجھے اپنی حمد اور شکر میں مصروف رہنے والا بنایئے اور مجھے اپنی حمد کے جھنڈے تلے انبیاءؑ، صدیقین، شہداء اور صالحین کے ساتھ اٹھایئے!

(58) اَلْمُحْصِیْ : یَا مُحْصِیَ کُلَّ شَیْءٍ عَدَداً وَإِحَاطَۃً وَقَدْرًا اِجْعَلْنِیْ مَنَ الْمُحْصِیْنَ لِأَسْمَائِکَ عَقْدًا وَطَاقَۃً وَحَصْرًا.

اے شمار کرنے والے! اے ہر چیز کی تعداد شمار کرنے والے! پورا اندازہ اور احاطہ کرنے والے! اپنے مبارک ناموں کو پوری باقاعدگی سے مجھے شمار میں لانے کی توفیق عطا فرمایئے!

(59+60) اَلْمُبْدِئُ + اَلْمُعِیْدُ : یَا مُبْدِیءُ یَا مُعِیْدُ اِجْعَلْنِیْ مِمَّنْ یَبْدَأُ بِمُخَالَفَۃِ نَفْسِہٖ عَلٰی مُرَادِہٖ وَاِخْتِیَارِہٖ وَیَعُوْدُ إِلٰی بَابِکَ بِصِدْقِ اجْتِھَادِہٖ وَاعْتِمَادِہٖ وَافْتِقَارِہٖ.

اے ابتداء میں پیدا کرنے والے اور دوبارہ لوٹانے والے! اپنی مراد اور نیکی حاصل کرنے کیلئے مجھے اپنے نفس کو ٹھکرانے والا بنایئے تاکہ آپ کے در پر پوری محنت، چاہت اور اعتماد سے لوٹ کر آنا نصیب ہو!

(61+62) اَلْمُحْیِیْ + اَلْمُمِیْتُ : یَا مُحْیِیْ یَا مُمِیْتُ اَحْیِ قَلْبِیْ بِمَعْرِفَتِکَ وَأَمِتْ نَفْسِیْ بِشُھُوْدِ عَظْمَتِکَ وَھَیْبَتِکَ.

اے زندہ کرنے والے اے موت دینے والے! اپنی معرفت کے ساتھ میرے دل کو زندہ فرما دیجئے اور اپنی عظمت و ہیبت کے سامنے اسے دم بخود فرمایئے!

(63) اَلْحَیُّ : یَا حَیُّ أَحْیِنِیْ حَیَاۃً طَیِّبَۃً وَّاَسْقِنِیْ مِنْ شَرَابِ مَحَبَّتِکَ أَعْذَبَہٗ.

اے زندہ! مجھے پاکیزہ زندگی سے نوازیئے اور مجھے اپنی شراب محبت کی لذت عطا فرمایئے!

(64) اَلْقَیُّوْمُ : یَا قَیُّوْمُ ھَبْ لِیْ مِنْ مَّعْرِفَۃِ قَیُّوْمِیَّتِکَ مَا أَسْتَرِیْحُ بِہٖ مِنْ کَدْرِ التَّدْبِیْرِ وَمِنْ مُشَاھَدَۃِ لَطَائِفِکَ مَا یَتَیَسَّرُ لِیْ بِہٖ کُلَّ عَسِیْرٍ.

اے تھامنے والے! اپنی قیومیت کی معرفت دے کر ارادوں کی کدورت سے راحت بخشیے اور اپنے الطاف باری کا مجھے ایسا مشاہدہ عطا فرمایئے کہ میری ہر مشکل آسان ہو جائے!

(65) اَلْوَاجِدُ : یَا وَاجِدُ اَوْجِدْ لِیْ مِنْ جُوْدِکَ وُجْدًا بَالِغًا وُجُوْدًا وَأَنِلْنِیْ مِنْ عِرْفَانٍ وَأَجْدِیَّتِکَ عَطَاءً سَابِغًا وَجُوْدًا.

اے پانے والے! مجھے اپنی مہربانی سے کمال بزرگی عطا فرمایئے اور اپنی بزرگی کا بے انتہا عرفان عطا فرمایئے!

(66) اَلْمَاجِدُ : یَا مَاجِدُ أَوْصَافُہٗ مَجْدٌ وَأَسْمَاؤُہٗ حُسْنٰی أَعْطِنِیْ مِنَ الْھِمَّۃِ مَا أَرْقٰی بِہٖ إِلَی الْمَحَلِّ الْاَسْنٰی.

اے بزرگی والے! جس کے اوصاف بزرگی والے اور اسماء پاکیزہ ہیں، مجھے ایسی بلند ہمت دے کہ میں جس کے ساتھ بلند مرتبے تک رسائی حاصل کروں!

(67) اَلْوَاحِدُ + اَلْاَحَدُ : یَا وَاحِدُ اِجْعَلْنِیْ مُوَحِّداً بُوُجُوْدِ وَحْدَانِیَّتِکَ مُؤَیِّداً بِشُھُوْدِ فَرْدَانِیَّتِکَ.

اے تنہا اور اکیلی ذات! اپنی وحدانیت کا سچا پیروکار اور اپنی ذات پر سب کچھ فدا کر دینے والے بنا دیجئے!

(68) اَلصَّمَدُ : یَا صَمَدُ اُرْزُقْنِیْ صَمَدِیَّۃً تَقْتَضِیْ دَوَامَ الْحُصُوْلِ وَاجْعَلْنِیْ مِمَّنْ یَصْمُدُ إِلَیْکَ بِھِمَّتِہٖ فِیْ جَمِیْعِ الْاُمُوْرِ.

اے بے نیاز ذات! مجھے ایسا استغناء عطا فرمایئے کہ جو ہر چیز کے حصول میں دائمی طور پر کام آئے اور میں تمام امور میں آپ کی طرف ہی متوجہ رہوں!

(69) اَلْقَادِرُ : یَا قَادِرُ اَخْلِقْ لِیْ قُدْرَۃً صَالِحَۃً لِاِکْتِسَابِ الطَّاعَاتِ وَقُوَّۃً مَانِعَۃً عَنْ اِرْتِکَابِ الْمُخَالَفَاتِ.

اے قدرت والے! مجھے ایسی کامل صلاحیت بخشیے کہ ہر نیکی پا سکوں اور آپ کی مرضیات کے مخالف ہر کام کے ارتکاب سے باز رہوں!

(70) اَلْمُقْتَدِرُ : یَا مُقْتَدِرُ اِجْعَلْنِیْ بِشُهُوْدِ اِقْتِدَارِكَ وَهَيْبَةً مِمَّنْ يَتَقَرَّبُ بَيْنَ يَدَيْكَ فِيْ سُكُوْنِهٖ وَحَرَكَتِهٖ.

اے اقتدار والے! مجھے اپنے اقتدار اور ہیبت کا استحضار عطا کر کے ان لوگوں میں سے کر دے جو اپنی تمام ترحرکات وسکنات کے ذریعے تیرا قرب پاتے ہیں۔

(71+72) اَلْمُقَدِّمُ + اَلْمُؤَخِّرُ : يَا مُقَدِّمُ يَا مُؤَخِّرُ قَدِّمْنِيْ فِيْ حَلْبَةِ السَّابِقِيْنَ إِلٰى دَارِ السَّلَامِ وَلَا تُؤَخِّرْنِيْ مَعَ الْهَالِكِيْنَ بِاجْتِرَاحِ الْآثَامِ.

اے آگے بڑھانے والے اور پیچھے ہٹانے والے! سلامتی کے گھر کی جانب سبقت لے جانے کیلئے مجھے آگے بڑھایئے اور بُرے کاموں کی وجہ سے ہلاکت کے پیچھے پڑ جانے میں شامل نہ فرمایئے!

(73+74) اَلْأَوَّلُ + اَلْآخِرُ : يَا أَوَّلُ يَا آخِرُ اُكْتُبْنِيْ عِنْدَكَ فِيْ أَوَائِلِ السَّابِقِيْنَ.

مجھے اپنی بارگاہ میں سبقت لے جانے والے اولین لوگوں میں شامل فرما دیجئے!

(75+76) اَلظَّاهِرُ + اَلْبَاطِنُ : يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ اِحْفَظْ بَاطِنِيْ وَظَاهِرِيْ مِمَّا لَا تَرْضَاهُ وَلَا تَرْضٰى بِهٖ عَنْ عَبْدٍ أَتَاكَ.

اے ظاہر و پوشیدہ ذات! میرے ظاہر و باطن کی ہر ایسی چیز سے حفاظت فرمایئے جو کوئی بندہ آپ کی بارگاہ میں لے کر آئے اور وہ آپ کو پسند نہ ہو!

(77) اَلْوَالِيْ : يَا وَلِيُّ تَوَلَّنِيْ بِهِدَايَتِكَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ أَهْلِ وِلَايَتِكَ وَخَاصَّتِكَ.

اے حقیقی دوستی والے! مجھے اپنی خاص دوستی سے نوازیے اور اپنے خاص بندوں اور ولیوں میں شامل فرما دیجئے!

(78) اَلْمُتَعَالُ : يَا مُتَعَالِيْ اُرْزُقْنِيْ مِنْ شُهُوْدِ تَعَالِيْكَ مَا يُنَوِّرُ الظُّلُمَاتِ وَيُوْضِحُ الْمُشْكِلَاتِ.

اے بلندی والے! مجھے اپنی بلندیوں کا ایسا مشاہدہ عطا فرمایئے جو تاریکیوں کو روشن اور مشکلات کو حل کر دے!

(79) اَلْبَرُّ : يَا بَرُّ اِجْعَلْنِيْ عِنْدَكَ بَارًّا تَقِيًّا وَّبِمَنْ نَزَلَ بِيْ بَرًّا حَفِيًّا مَرْضِيًّا.

اے احسان کرنے والے! مجھے اپنے ہاں سے فرماں بردار اور پرہیز گار بنا دیجئے اور جو میرے پاس آئے اسے بھی اپنی مرضیات کا پابند بنا دیجئے!

(80) اَلتَّوَّابُ : يَا تَوَّابُ اُرْزُقْنِيْ إِلَيْكَ تَوْبَةً نَّصُوْحًا لَا تَدَعُ لِيْ إِلَى الْمُخَالَفَةِ مَيْلًا وَلَا جُنُوْحًا.

اے توبہ قبول کرنے والے! مجھے اپنی بارگاہ میں ایسی سچی توبہ کی توفیق عطا فرمایئے جس سے مجھے توبہ کے خلاف کرنے کا رجحان اور میلان ہی نہ رہے!

(81) اَلْمُنْتَقِمُ : يَا مُنْتَقِمُ لَا تَنْتَقِمْ مِنِّيْ بِاقْتِرَافِ الزَّلَلِ وَوَفِّقْنِيْ لِلْقُبُوْلِ وَالْعَمَلِ.

اے بدلہ لینے والے! مجھے سیدھے راستے سے بہک جانے پر سزا نہ دیجئے اور مجھے مقبول اعمال کی توفیق عطا فرمایئے!

(82) اَلْعَفُوُّ : يَا عَفُوُّ اُعْفُ عَنِّيْ بِفَضْلِكَ وَإِحْسَانِكَ وَعَامِلْنِيْ بِكَرَمِكَ وَامْتِنَانِكَ.

اے درگزر کرنے والے! اپنے فضل و احسان سے مجھ سے درگزر فرمایئے اور میرے ساتھ اپنے لطف و احسان والا معاملہ فرمایئے!

(83) اَلرَّءُوْفُ : يَا رَءُوْفُ كُنْ بِيْ فِي الدَّارَيْنِ رَؤُفًا رَحِيْمًا وَأَقْسِمْ لِيْ مِنَ الرَّأْفَةِ بِالْمُؤْمِنِيْنَ قِسْمًا وَافِرًا وَحَظًّا عَظِيْمًا.

اے مہربان ذات! دارین میں میرے لیے مہربان اور رحیم بن جایئے اور مجھے ایمان والوں کے ساتھ خاص نرمی اور محبت کرنے والا بنا دیجئے!

(84) مَالِكُ الْمُلْكِ : يَا مَالِكَ الْمُلْكِ وَالْأَمْلَاكِ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ مَسَالِكِ الْهَلَاكِ.

اے حقیقی بادشاہت والے! اے حقیقی بادشاہ! میں آپ سے ہلاکت کے رستوں پر چلنے سے پناہ مانگتا ہوں!

(85+86) ذَا الْجَلَالِ وَ الْإِكْرَامِ : يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ أَعِذْنِيْ مِنَ الضَّلَالِ وَالْإِجْرَامِ.

اے عزت وتکریم والے! مجھے خطا کاری اور جہالت سے بچائیے!

(87) اَلْمُقْسِطُ : یَا مُقْسِطُ اِسْتَعْمِلْنِیْ بِالْقِسْطِ فِیْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ بِفَضْلِكَ وَلَا تُعَامِلْنِیْ بِقِسْطِكَ وَعَدْلِكَ.

اے عدل کرنے والے! مجھے اپنے فضل سے تمام حالات میں عدل کے تقاضوں کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائیے لیکن میں آپ سے آپ کے عدل کا سوال نہیں کرتا!

(88) اَلْجَامِعُ : یَا جَامِعُ اِجْمَعْ مُتَفَرِّقَاتِ كَوْنِیْ فِیْ جَمْعِ الْجَمْعِ بَیْنَ یَدَیْكَ وَارْزُقْنِیْ یَوْمَ الْجَمْعِ قُرْبَكَ وَالنَّظْرَ اِلَیْكَ.

اے جمع کرنے والے! جب آپ کائنات کے سب لوگوں کو اپنے سامنے جمع کریں تو اس دن مجھے اپنا قرب اور لذت دیدار نصیب فرمانا!

(89) اَلْغَنِیُّ + اَلْمُغْنِیُّ: یَا غَنِیُّ اِجْعَلْنِیْ غَنِیًّا بِافْتِقَارِیْ اِلٰی كَرَمِكَ وَ اَفْضَالِكَ وَ كُنْ بِیْ حَفِیًّا یَوْمَ وُرُوْدِیْ عَلَیْكَ بِاِحْسَانِكَ وَ اِجْمَالِكَ.

اے بے پرواہ اور بے پرواہ کر دینے والا! مجھے اپنے کرم واحسان سے تنگ دستی سے غنی فرما دیجئے اور اس روز بھی اپنے فضل وکرم سے مجھے اپنی رحمت کی آغوش میں لے لینا!

(90) اَلْمَانِعُ : یَا مَانِعُ اِمْنَعْنِیْ عَنِ الْعَوَالِمِ كُلِّهَا بِالْاِنْقِطَاعِ اِلَیْكَ وَاَعِنِّیْ عَلٰی اُمُوْرِیْ بِصِدْقِ التَّوَكُّلِ عَلَیْكَ.

اے روکنے والے! مجھے تمام جہانوں سے کاٹ کر اپنا بنا لیجئے اور تمام کاموں میں اپنے اوپر بھروسہ نصیب فرمائیے!

(92+91) اَلضَّارُّ + اَلنَّافِعُ : یَا ضَارُّ یَا نَافِعُ اِجْعَلْنِیْ مِمَّنْ یَضُرُّ بِدُنْیَاهُ لِطَلَبِ الْاٰخِرَةِ وَیَذَرُ هُدَاهُ فِیْ مَنَاهُ لِشُهُوْدِ الْمَنَافِعِ الْفَاخِرَةِ.

اے نفع ونقصان کے مالک! مجھے ایسا بنا دیجئے کہ آخرت کی طلب میں دنیا کا نقصان برداشت کرلوں اور قابل فخر نفع کیلئے دنیا کی خواہشات سے بچ جاؤں!

(93) اَلنُّوْرُ : یَا نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ اِجْعَلْ لِیْ نُوْرًا اَمْشِیْ بِهٖ بَیْنَ الْعِبَادِ.

اے آسمان وزمین کے نور! مجھے ایسا نور عطا فرمائیے کہ جس کے ساتھ میں چلوں پھروں!

(94) اَلْهَادِیْ : یَا هَادِیْ اِهْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَعْمَالِ.

اے ہدایت دینے والے! اچھے اعمال کی طرف میری رہنمائی فرمائیے!

(95) اَلْبَدِیْعُ : یَا بَدِیْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ عَنْ غَیْرِ قِیَاسٍ وَّلَا مِثَالٍ اَظْهِرْ لِیْ مِنْ بَدَائِعِ حِكْمَتِكَ مَا یَنْفِیْ كُلَّ اِلْتِبَاسٍ وَیُوْضِحُ كُلَّ اِشْكَالٍ.

اے آسمان وزمین کو بغیر کسی مثال وقیاس کے انوکھی طرز میں بنانے والے! میرے لیے انوکھی حکمتیں ظاہر فرما دیجئے جو ہر شک کو دور کر دیں اور ہر مشکل کو آسان کر دیں!

(96) اَلْبَاقِیْ : یَا بَاقِیْ فَلَا اِنْتِهَاءَ لِنِهَایَتِكَ وَلَا اٰخِرَ اَسْهِمْ لِیْ مِنْ مَقَامِ الْبَقَاءِ بِكَ الْحَظِّ الْوَافِرِ.

اے باقی رہنے والے! آپ کی نہایت کی کوئی انتہا نہیں، اپنی ہر دم باقی رہنے والی شان سے مجھے خاص شان عطا فرمائیے!

(97) اَلْوَارِثُ : یَا وَارِثُ خُصَّنِیْ مِنْ وِرَاثَةِ خَوَاصِّكَ بِمَقَامٍ كَرِیْمٍ وَاجْعَلْنِیْ بِفَضْلِكَ مِنْ وَرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ.

اے حقیقی وارث! مجھے اپنے خاص بندوں کی وارثت سے اچھا مقام عطا فرمائیے اور اپنی مہربانی سے مجھے نعمتوں والی جنت کا وارث بنائیے!

(98) اَلرَّشِیْدُ : یَا رَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ اِلٰی طَاعَتِكَ وَمَحَبَّتِكَ وَاجْعَلْنِیْ مُرْشِدًا لِعِبَادِكَ اِلٰی طَرِیْقِ تَوْحِیْدِكَ وَمَعْرِفَتِكَ.

اے رشد وہدایت دینے والے! مجھے اپنی اطاعت اور محبت کی راہ دکھلائیے اور مجھے ایسا بنا دیجئے کہ آپ کے بندوں کو توحید ومعرفت کی راہ دکھلاؤں!

(99) اَلصَّبُوْرُ : یَا صَبُوْرُ صَبِّرْنِیْ عَلٰی طَاعَتِكَ وَاجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا فِیْ بَلْوَاكَ وَعَافِیَتِكَ.

اے بہت صبر والے! مجھے اپنی اطاعت پر کاربند رکھیے اور مجھے پریشانیوں میں شان صبر عطا فرما کر عافیت بخشیے!

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡأَلُكَ بِمَعَاقِدِ الۡعِزِّ مِنۡ عَرۡشِكَ وَبِمُنۡتَھَی الرَّحۡمَةِ مِنۡ کِتَابِكَ وَبِأَسۡمَائِكَ الۡحُسۡنٰی کُلِّھَا مَا عَلِمۡتُ وَمَا لَمۡ اَعۡلَمۡ اَنۡ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی صَحۡبِهٖ وَسَلَّمَ وَاَنۡ تَقۡضِیَ حَاجَتِیۡ بِرَحۡمَتِكَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحۡبِهٖ اَجۡمَعِیۡنَ سُبۡحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الۡعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوۡنَ وَسَلَامٌ عَلَی الۡمُرۡسَلِیۡنَ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ۔

اے اللہ! میں آپ کے عرش کی عزت والی گرہوں کا سوال کرتا ہوں اور آپ کی کتاب کی رحمتوں کا انتہائی درجہ چاہتا ہوں اور آپ کے پاکیزہ ناموں کے ساتھ سوال کرتا ہوں جنہیں میں جانتا ہوں یا نہیں جانتا۔

آپ رحمتوں کا نزول فرمائیں ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ اور آپؐ کے آل و اصحاب پر اور اپنی رحمت سے میری حاجت کو پورا فرمائیے۔ اے بے حد رحمت کرنے والے۔

وصلی اللہ علیٰ سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین سبحان ربك رب العزۃ عما یصفون وسلام علی المرسلین والحمدللہ رب العالمین

چلہ اللہ الصمد

محمد ارشد صاحب

مختصر تاریخی پس منظر

تحقیق کے مطابق حضرت آدم علیہ السلام کے بعد سریانی زبان میں اللہ کے لیے جو اسم منسوب کیا، وہ ''دیوہ، کالیوہ'' تھا۔ حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے میں اللہ کو پہچاننے کے لیے جو اسم استعمال ہوتا تھا، وہ ''اللہ'' اور ''الا للہ'' کے ہم معنی تھا۔ پھر حضرت نوح علیہ السلام کے بعد ''تمخا'' اور ''تمخیا'' اپنا لیا گیا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام سے صدیوں پہلے اللہ اور الا للہ کو اسم الٰہی قرار دیا گیا۔ فونیقی زبان میں خدا کو ''ایلون (Elion یا Elon)'' کہتے تھے۔ جو اِمتدادِ زمانہ کے باعث اہرامک میں الہ، آشوری میں ایلو اور عبرانی میں ایل میں تبدیل ہو گیا۔ حضرت ابراہیمؑ نے ایل کو اسم الٰہی فرمایا۔

اللہ

سیریل نمبر	مصحف/رسول	اسم	موکل
1	ادریسؑ	معزوسن	اسرافیل تمسیال عفریال جرقتال عقھیال
2	سلیمانؑ	کریر	اسرافیل جرمھیائیل کشمشخ ھیلخ مھلشط
3	موسیٰؑ	ایل، یھوواہ، ایلوھم	اسرافیل
4	عیسیٰؑ	ایل، تھیوس، کوریوس	اسرافیل
5	قرآن	اللہ	اسرافیل کھیال

الصمد

سیریل نمبر	مصحف/رسول	اسم	موکل
1	ادریسؑ	کفکف ارفخشد	اھجمائیل عفریال شعیال جیسیال خییال
2	عیسیٰؑ	قرشیا	اھرائیل
3	قرآن	الصمد	اھجمائیل نوریائیل

مثال:

مصحف ادریسؑ میں ''اللہ الصمد'' کے لیے ''معزوسن کفکف ارفخشد'' اسما آئے ہیں اور اسماء موکلات ''اسرافیل اھجمائیل''۔ عبارت عمل اس طور پر ہوگی:

یا اسرافیل یا اھجمائیل بحق معزوسن کفکف ارفخشد

اور

یا اسرافیل یا اھجمائیل یا تمسیال یا عفریال یا جرقتال یا عقھیال یا شعیال یا جیسیال یا خییال بحق معزوسن کفکف ارفخشد

چلہ اللہ الصمد

تسبیح

*...... اللہ الصمد اجب یا اسرافیل یا اھجمائیل
(باعتبار سر حروف تہجی)

*...... اللہ الصمد اجب یا نوریائیل یا کھیال
(باعتبار موکلین تسبیحات اسم مذکور)

*...... اللہ الصمد یا اسرافیل یا اھجمائیل یا نوریائیل یا کھیال (باعتبار سر حروف تہجی اور موکلین تسبیح)

وضاحت

چلہ اللہ الصمد کو ''دعوۃ صمدیہ'' کے نام سے بھی جانا جاتا ہے اور اکثر

وپیشتر اس دعوۃ کو دعوۃِ سورۂ اخلاص سے منسلک بھی کیا جاتا ہے جو کہ غلط مفروضہ ہے۔ اس کی وضاحت ذیلی پیراگراف میں کرتا ہوں۔ میں نے چلّہ اللہ الصمد کے سلسلے میں سینکڑوں قلمی اور مطبوعہ کتب مطالعہ کی ہیں تاکہ مصدقہ عمل نقل ہو۔ بعد مطالعہ، سر پیٹنے کو دل کرتا تھا اور یہاں تک جی کرتا تھا کہ سب کتب کو آگ لگا دوں کیونکہ ایک بھی کتاب میں صحیح عبارتِ عمل نہیں ملی۔ جی جناب! یہی درست ہے۔ بالآخر، میں نے اپنی کوشش کو جاری رکھا، اپنا دائرہ کار دیگر کتب اور رسائل تک بڑھایا۔ عبارتوں کا طائرانہ اور عمیق مطالعہ کیا۔ علیحدہ علیحدہ اسماء کو اور یکجا عبارتِ عمل کو اور ان کے ذیل میں تسبیحات مؤکلات کو جانچا اور ایسی جماعت عاملین سے ملاقات بھی کی، جنہوں نے دعوۃ صمدیہ مکمل کی۔ اوپر متذکرہ تسبیح میرا ذاتی ورژن نہیں ہے۔ اس کی تفصیل درج ذیل میں آئے گی۔ اب وضاحت کرتا ہوں:

جن عاملین نے دعوۃ صمدیہ دی، ان سے ملاقات کے بعد پتا چلا کہ جیسا کہ دعوۃ صمدیہ کے ذیل میں مختلف تسخیرات کے عمل ہیں، وہ احباب ان سے کماحقہ فائدہ نہ اٹھا پائے ہیں اور دعوۃ ناقص ثابت ہوئی۔ وجہ یہی تھی کہ مؤکلین درست نہیں تھے یا پھر کچھ احباب یہ فرض کر لیتے تھے کہ جو اعمال درج تھے، وہ فرضی اور کتابی تھے۔

ایک عامل کامل کا یہ بیان تھا کہ اللہ الصمد کا مؤکل وہی ہے جو سورۃ الاخلاص کی عبارت میں ملتا ہے جو کہ "عبدالصمد" ہے (عبدالواحد اور عبداللہ / عبدالرحمن دیگر مؤکلین سورۃ الاخلاص ہیں)۔ میں نے ان کی اس بات کی تردید کی۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ متذکرہ مؤکلین کی تسبیح مکمل سورۃ الاخلاص ہے اور وہ خدّام سورۃ الاخلاص ہیں نہ کہ اسماء اللہ الصمد، حکمائے روحانیات میری اس بات سے مکمل اتفاق کریں گے کہ حرف، الفاظ اور عبارت (جن میں ایک سا لفظ آیا ہو) کے تحت مؤکلین مختلف ہوتے ہیں کیونکہ تسبیح اور عبارت عمل مختلف ہو جاتی ہے۔

سورۃ الاخلاص کی تسبیح بھی بطور ریفرنس یہاں نقل کرتا ہوں

قل هو الله احد یا جبرائیل الله الصمد یا میکائیل لم یلد و لم یولد یا اسرافیل ولم یکن له کفوا احد یا دردائیل یا حمید یا جمیل یا مجید یا غفران یا برهان یا ذا الجود والکرم و المنان یا قدیر یا ستار بحق سورة التوحید

دیگر

قل هو الله احد الله الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوا احد۔ اقسمت علیکم یا خدام السورة الشریفة یا عبدالله ویا عبدالصمد ویا عبدالواحد ان تحفظوا حامل کتابی هذا من الجن والانس والمردة والشیاطین اجمعین بحق هذه الآیات والاسماء والاقسام و انه لقسم لو تعلمون عظیم ولا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم وصلی الله علی سیدنا محمد وعلی اله وصحبه وسلم

دیگر

بسم الله الرحمن الرحیم بسم الله الواحد الاحد الفرد الصمد الذی رفع السموات بغیر عمد وجعل الارض مهادا وخلق الخلق واحصاهم عددا ومنهم ارواح ونفوس من غیر اجساد و منهم ارواح و نفوس و اجساد خلقهم بقدرته و امدهم بحکمته فهو رب کل شیء عز من یخافه و یرجوه و یقصد اجیبوا یا خدام قل هو الله احد بعزة الله الواحد الاحد الفرد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوا احد۔ احضروا ولا تعجزوا ولا یتخلف منکم احد۔ اسمعوا واطیعوا ولا تتاخروا ولا یتجرد علینا منکم احد بحق قل هو الله احد الله الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوا احد احضروا بحق الملك النافذ امره علیکم السید عبدالواحد عبد الصمد عبدالرحمٰن الواحا الواحا العجل العجل اساعه الساعه هیا هیا ایها السید الجلیل حبیب الموحدین اجب یا عبدالواحد بالواحد الاحد یا عبد الصمد یا عبد الرحمٰن و کن عونالی علی ما اورید بارك الله فیك وعلیك وزادك نورا علی نور وضاعف لك الاجور

مجھے چند ایک جماعت روحانی (مثلاً نقشبندی مجددی سلسلہ، صوفیائے

شاذلیہ سلسلہ، صوفی برکت علی لدھیانویؒ) کا یہ طرزِ عمل بہت پسند آیا ہے کہ یہ جماعت روحانی بلاموکل کے تسبیح پڑھتے ہیں یعنی صرف ''اللہ الصمد''۔ ان کے مطابق اوصافِ حمیدہ، لطائفِ قلبی اور نفسِ مطمئنہ کے ذریعے اپنی روحانی استطاعت کو بڑھا کر موکل کی تسخیر ممکن بنائی جائے۔ اس طرح عمل سے موکلین کے معائنہ کے وقت قلب مضبوط اور نڈر رہتا ہے اور خطا نہیں ہوتی۔ جبکہ باموکل عمل میں اگر اپنے سے بڑی روحانی قوت کو تسخیر کرنا مقصود ہو تو بعض اوقات سخت ہزیمت اور رجعت سے دوچار ہونا پڑ جاتا ہے جو کہ اکثر جان لیوا بھی ثابت ہوتا ہے۔

صوفیائے سوڈان اور صوفیائے برہانوی دسوقی سلسلہ کے عاملین موکلات کا بھرپور سہارا لیتے ہیں۔ ان کے ہاں عبارت عمل میں کئی طرح کے موکلین سے استمداد لی جاتی ہے۔

پاکستان ہندوستان میں چلّہ کشی کے لیے بھی ملا جلا ردِّعمل ملتا ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ یہاں عبارتِ عمل کی مکمل چھان بین کیے بغیر چلّہ کشی شروع کر دی جاتی ہے جو اکثر و بیشتر جان لیوا ثابت ہوتی ہے۔

خصوصی نوٹ

''اللہ الصمد اجب یا اسرافیل یامدد فائیل یاھو کلان''

جیسا کہ یہ عمل کتاب گلشنِ اسرار اور بعینہٖ جواہرِ اولیا میں نقل ہے، میرے مطابق شاید علم الروحانی کے استخراج موکلات کے قواعد وضوابط کی ایسی قسم ہو جس سے تاحال میں لاعلم ہوں۔ بسیار کوشش کے بھی ''یا مدد فائیل یاھو کلان'' کو کیسے استخراج کیا گیا ہے؟ سمجھ نا پایا ہوں۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ موکلین (یا مدد فائیل یاھو کلان) استخراجی رخدام موکلات تو ہو سکتے ہیں مگر رئیس موکلات نہیں ہیں جیسا کہ آئندہ الفاظ میں اپنی اس بات کی تائید کروں گا۔

عبارت عمل (تسبیح) کی تشریح و توضیح:

اسم اللہ ......اس اسم کا موکل ''ھلال ھیاکل کھیال'' اور ''کھیال / کھیائیل'' مشہور و معروف کتب میں لکھا ملتا ہے تاہم زیادہ مستند نام ''کھیال'' ہی ہے۔ یہ سردار موکلوں کا ہے۔ اس کے ماتحت موکلوں کی 66 قطاریں ہیں اور ہر قطار میں 66 موکل ہیں۔

اسم الصمد ......اس اسم کا موکل ''نوریائیل'' ہے، جس کے ماتحت 4 رئیس موکلات ہیں۔ ہر رئیس 34 قطاروں کا سردار ہے اور ہر قطار میں 134 موکلات ہیں۔

زکوٰۃ اللہ الصمد

1۔ خذ حرفاقل الفا (ہر حروف تہجی کے بدلے ہزار کا عدد لینا)

2۔ خذ حرفاقل مائتہ (ہر حروف تہجی کے بدلے سو کا عدد لینا)

3۔ خذ حرفاقل عشرا (ہر حروف تہجی کے بدلے دس کا عدد لینا)

اس کو ایک مثال بطریقہ خذ حرفاقل الفا سے سمجھا دیتا ہوں:

اگر عبارت میں 46 حروف ہوں تو ہر حروف پر 1000 کا عدد لے اور اس 46000 کے عدد کو 46 میں ضرب دے تو نصاب (21,16,000) مرتب ہوگا۔ اب اس کا نصف سے زکوۃ (10,58,000) اور اس کے نصف سے عشر (5,29,000) اور قفل کے 10,000 اور دور مدور برابر نصاب (21,16,000) کے ہے۔ بذل کے 7000 اور ختم کے 12000۔ اس کے بعد بہ نیت دعوت 46 روز تک 46000 بار روز پڑھے۔

اہم اور ضروری نکات

ایک سوال یہاں غور طلب ہے کہ اسم میں اسماء موکلین تسبیحات (یانوریائیل یا کھیال) کے ساتھ ساتھ اسم موکل باعتبار سرحروف تہجی (یااسرافیل یا اھجمائیل) کی ضرورت کیوں محسوس ہوتی ہے؟ میں آپ کو یقین سے کہ سکتا ہوں یہ راز کی بات آج تک کبھی صفحۂ قرطاس پہ نہیں آئی ہے۔ ایسے دقیق نکات بس سینہ بہ سینہ منتقل ہوئے ہیں۔ خیر راز کی بات یہ ہے کہ اگر دورانِ عمل، دعوت مستجاب نہ ہو رہی ہو تو موکل سرحروف تہجی (یا اسرافیل یا اھجمائیل) بھی ساتھ استعمال کیے جاتے ہیں جو کہ موکلات تسبیحات مذکورہ اسم (یانور یائیل یا کھیال) اور عامل کے درمیان رابطہ یقینی بنانے میں کام آتے ہیں۔

ایک اور اہم راز کی بات بھی بتاتا چلوں۔ اس میں بھی سرِّ عظیم ہے۔ وہ یہ

کہ اگر عبارتِ عمل میں اسم مذکورہ کے مؤکلین باعتبار سرحروف تہجی (یااسرافیل یااھجمائیل) لیے گئے ہوں تو حروف تہجی کے مؤکلات کی پہلے زکوٰۃ دینی پڑے گی (یااسرافیل بحق الف یااھجمائیل بحق صاد)۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ ہم ایک اسم کے معاملے میں ایسے مؤکلات سے استمداد طلب کررہے ہیں جو اسم کہ ان مؤکلات کی تسبیح نہیں ہے۔ تاہم اگر اسم کے ساتھ مؤکلات ایسے لیے گئے ہیں جو کہ اس اسم کی تسبیح کرتے رہتے ہیں (یانوریائیل یاکھیال) تو اس صورت میں حروف تہجی کے مؤکلات کی زکوٰۃ قطعی درکار نہیں ہوگی۔ بعینہٖ اگر دونوں مؤکلات (یااسرافیل یااھجمائیل یانوریائیل یاکھیال) استعمال کیے گئے ہیں، تب بھی حروف تہجی کے مؤکلات کی پہلے زکوٰۃ دینی پڑے گی۔

قابل لوگ شروع دن سے ہی دونوں مؤکلین کو اسم کے ساتھ لگاکر پڑھائی کرتے ہیں تاکہ بروقت عمل مکمل ہو اور مستجاب بھی ہو۔ مگر اس طرح عمل کرنے میں محنت زیادہ درکار رہوتی ہے۔

سوگند

سوگند بھی دعوتِ اسم میں، جبکہ دعوت مستجاب نہ ہو رہی ہو، بہت اہمیت کی حامل ہوجاتی ہے۔ حکمائے فلاسفہ کے نزدیک سوگند، تلوار سے تیز کام کرتی ہے اور مؤکلینِ اسم کو جکڑ کر عامل کے سامنے لاکھڑا کرتی ہے۔

اسم اللہ الصمد کے کیس میں سوگند یہ ہے

بحق اسرافیل اھجمائیل وبحق تورات وزبورو انجیل وفرقان

عزیمت

عزیمت کا استعمال بھی مختلف اوقات میں کیا جاتا ہے۔ اکثر و بیشتر جب کسی خاص مقصد کے لیے اسم کی دعوت دی جارہی ہو یا پھر دیگر روحانی قوتوں سے بھی ساتھ ساتھ امداد طلب کی جارہی ہو۔

عزائم اسم اللہ الصمد یہ ہیں

اللّٰھم انی اسئلک بحق اسمک یااللہ یااللہ یااللہ یاحی یاقیوم احینی حیاۃ طیبۃ اعیش بھا علی شاطی بحر محبتک والبسنی مھابتہ عند العوالم العلویۃ وافتح عینی قلبی بصری بنورک حتی ینفتح قلبی لتلقی الاسرار وتنطبق بمکنون جواھر و قایتک وافض علی من بحر فیضک الاقدس وسھلہ علی حلی اصل الی ساحل اللطف وخذ اخذہ لطیفۃ اجر حلاوتھا ایام لقائک یالطیف یالطیف یالطیف۔ اللّٰھم انی اسئلک بتفرّغ نسیم نسمات نفخات اسرارک و کشف سر اسمک الذی القیتہ لتلقی عطش اکبادٍ و اردی حوض برک وقاصدی سرک یامن لہ الاسم الاعظم وھو الاعظم یامن لا لہ حدّ یعظم وھو اعلم۔ یاقدیم اسئلک بسر اسمک وبماجری بہ قلمک وبما الھمت بہ عیسٰی بن مریم وبمانا جیت بہ موسی علی طور سینا ونادیت بلسان القدرۃ انا اللہ ابل ابل الوھیم ابل وبحق ما انزلتہ علی نبیک محمد صلی اللہ علیہ وسلم عجل بنحج مطالبی وتسھیل ماربی واکشف لی عن عالم الملک والملکوت واجری مرادی فیما یرضیک من القضاء واکشف لی عن ارواح الملکوتیات المخفیات المستترۃ من سر اسمک الجامع للاسمآء والصفات الذی تسمّیت بہ فی کل اللغات وسبحت لک کل المخلوقات یااللہ یااللہ یااللہ یاحی یاقیوم یانعم المولیٰ ونعم النصیر۔ یااللہ اسئلک ان تسخرلی خادم ھذا الاسم کھیائیل، انک علی کل شیء قدیر۔ یاصمد انت الذی یصمد الیک فی الحوائج الملتجی الیک فی لکرب والشدائد وانت الذی وتمنع من فضلک عواعد العوآئد۔ اسئلک باستغنائک عن خنقک وافتقارھم الیک ان تجعلنی بمقصد العباد فی المھمات وان تجری علی لسانی وبدی قضآء الحاجات وتعصمنی من الموبقات انک انت دلیل الخیرات۔

برکات اسماء الحسنٰی

پروفیسر حکیم صوفی عبدالرؤف نظامی (رینالہ خورد)

علم اور طاقت کی دو قسمیں ہیں:

(۱) ظاہری علم اور مادی طاقت

(۲) روحانی علم اور روحانی طاقت

ہمارا مادی جسم ہماری روح اور اس کے ارادے کے تابع ہے۔ اسی طرح مادی کائنات اور اس کی مادی طاقتیں روحانی علم اور روحانی طاقت کے تابع ہیں۔ یہ علم اور طاقت اصل میں لامحدود شکل میں صرف اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے مگر ہر انسان اپنے ظرف کے لحاظ سے روحانی علم اور طاقت کے اس لامحدود سمندر سے کچھ قطرے حاصل کر سکتا ہے۔ جنگ خیبر میں حضرت علیؓ نے قلعہ خیبر کا دروازہ ایک ہاتھ سے اکھاڑ دیا۔ صحابہ کرامؓ کہتے ہیں کہ جنگ ختم ہونے کے بعد ہم نے اس دروازے کو ہلانے کی کوشش کی مگر سترہ افراد مل کر اسے ہلا بھی نہ سکے۔ بعد میں جب ہم نے حضرت علیؓ سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ ''میں نے خیبر کا دروازہ اپنی جسمانی قوت سے نہیں، اللہ کی قوت سے اکھاڑا تھا''۔

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اس علم اور طاقت سے فیض یاب ہونے کے لیے اسمائے حسنیٰ کی تعلیم دی چنانچہ ارشاد فرمایا: ''سب خوبصورت نام صرف اللہ کے ہیں پس تم انہی کے ذریعے اسے پکارو''۔ (سورۃ اعراف: 180)

روحانی طریقہ علاج کا فلسفہ شفا

Philosophy of Spiritual Healing

روحانی طریقہ علاج کے مطابق معالج یا حکیم قرآن پاک کی آیات مبارکہ و مسنون دعاؤں کی برکات سے اسمائے الٰہی کی روحانیات کے وسیلہ جلیلہ سے یا اپنی ارتکازِ توجہ یا قوت ارادی کے زور سے مریض میں قوتِ شفاء (Healing Power-Healing Energy) داخل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اگر معالج یہ قوت مریض میں داخل کرنے میں کامیاب ہو جائے تو شفاء یقینی ہو جاتی ہے۔ معالج یا روحانی حکیم کی ارتکازِ توجہ یا قوتِ ارادی جتنی زیادہ مضبوط ہوتی ہے یا عامل کا اپنا ہمزاد یا عامل کا اپنا نفس اس کے جتنا زیادہ تابع ہوتا ہے۔ اتنی ہی زیادہ جلدی وہ اپنے اعمال یا دم کے ذریعے اپنے مریض کو شفاء سے ہمکنار کر سکتا ہے۔

سانپ، بچھو اور دیگر موذی حشرات الارض کے کاٹے پر اسماء الحسنیٰ پر مبنی دم

دم کی عبارت:

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ یا اللہ شافی یا اللہ کافی

اس دم میں یہ پانچ اسمائے الٰہی۔ اللہ، الرحمن، الرحیم، شافی، کافی ہیں۔

زکوٰۃ کی ادائیگی کا طریقہ:

سانپ، بچھو و دیگر موذی حشرات الارض کے زہر اتارنے کی نیت سے عامل ہونے کے لیے عمر بھر ساون اور بھادروں کی درمیانی رات یعنی ماہ اگست 15,16 کی درمیانی رات، عشاء کی نماز کے بعد سانپ وغیرہ کے کاٹے کے دم کی زکوٰۃ کی نیت سے پاکیزہ لباس پہن کر پاک و صاف مصلّے پر بیٹھ جائیں اور یہ عبارت بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا اللہ شافی یا اللہ کافی اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ نماز عشاء کے بعد اور اذان فجر تک بغیر کسی مقررہ تعداد کے ورد کیا کریں پھر روزانہ 121 بار پڑھتے رہیں یہ زکوٰۃ ایک سال کام دے گی۔

سانپوں کے بادشاہ کو گوگا پیر کہتے ہیں۔ ان کی بے شمار قسمیں ہیں۔ ان میں لونا، سنگ، کیال، آسک، باسگ، آننت راج، پھول مالا، کالا مشکی، ککولا، ٹولا، پیلا، زرد مشکی، زردرئی، کبرا مشکی، پرم، تیر، مشکی، بٹ ریر، ککھڑ مشکی،

گولا یا، ویس و یک، انگڑ، گھوڑ، ڈینگ، کھاخان، نیل گڑھ، نیل کنٹھ، تھوڑا، سنکھا سنگ چوڑا۔ ان میں سے ایک سانپ ایسا ہے جس کے سر پر سینگ ہوتا ہے۔ اگن جھاڑ اور کپالی کی مونچھیں ہوتی ہیں اور اس کے جسم پہ بال بھی ہوتے ہیں، اس کی پھنکار سے شعلہ نکلتا ہے اور سنکھا سنگ چوڑا اگر کسی کو کاٹے تو گلا بند ہوجانے سے موت واقع ہوجاتی ہے۔ نیل کنٹھ سے بھی فوراً آدمی مرجاتا ہے۔ ہر قسم کا سانپ زہریلا ہوتا ہے اور بہت سے سانپ ایسے بھی ہیں، جن میں زہر انتہائی کم ہوتا ہے۔ ایک سانپ ایسا بھی ہے جس کو نیندوا کہتے ہیں، اگر اس کی دم پہ پاؤں اٹک جائے تو انسان تڑپ کر دم توڑ دیتا ہے اور اگر کاٹے تو جسم جل کر راکھ ہوجاتا ہے۔ اس کے علاوہ سانس لینے والے اور پیروں اور پروں والے سانپ بھی پائے جاتے ہیں۔ سانپ کی بعض زہریلی قسمیں اگر نہ بھی کاٹیں تو صرف ان کے سونگھنے سے بھی ان کا زہر انسان کو شدید طور پر بیمار کردیتا ہے۔ سانپ کے زہر سے شدید درد، شدید سوجن، شدید بخار اور بے تحاشا بے چینی ہوا کرتی ہے۔ ساون بھادوں کی درمیانی رات سانپ کی افزائش نسل کے لئے اہم ہوتی ہے۔ اس رات کو سانپ کی مادہ مستی میں ہوتی ہے اور نر سانپ سے ملاپ کے لیے بے چین ہو کر ادھر ادھر بھاگ دوڑ کرتی ہے۔ اس ملاپ کے لیے سانپ بھی بے چینی کے عالم میں مادہ سانپ کی تلاش میں بھاگ دوڑ کرتا ہے۔ اس بے چینی کے عالم میں اگر سانپ انسان پر حملہ کردے تو انسان شدید تکلیف میں مبتلا ہوجاتا ہے پھر ایسے مریض کو سانپ ہر سال کاٹتا رہتا ہے۔ اس دم کا مقصد اس کی لامحدود روحانی قوت کے ذریعے سانپ کے زہر کی بندش مقصود ہوتی ہے۔

دم کرنے کا طریقہ

مریض کو اپنے سامنے بٹھائیں یا لٹائیں جیسا کہ حالات ہوں۔ گیارہ بار درود شریف کی تلاوت کرنے کے بعد ایک لوٹے میں پانی بھرلیں۔ لوٹا بائیں ہاتھ سے پکڑیں، اپنے دائیں ہاتھ کی پشت پہ پانی کی دھار ڈالیں۔ یہ پانی مریض کے زخم یا چھالے کے اوپر گرائیں، اب گیارہ مرتبہ یہ عبارت پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ شافی یا اللہ کافی

گیارہ مرتبہ پڑھیں اور ایک پھونک لگا کر پانی زخم پہ گرائیں۔ اس طرح 11 مرتبہ کریں، ہر 11 بار پڑھنے کے بعد پھونک لگائیں اور پانی گرائیں پھر مریض سے درد وغیرہ کی کیفیت پوچھیں۔ اگر کچھ درد ہو تو دوبارہ دم کریں۔ پڑھنے کے دوران مکمل طور پر آپ کی توجہ مریض کے زخم یا چھالے پر رہے اور پانی کی دھار بھی مسلسل مریض کے زخم وغیرہ پر ڈالتے رہیں۔ اگر مریض کو زیادہ تکلیف ہو تو دن میں چند بار دم کیا جاسکتا ہے۔ اگر تکلیف کم ہو تو صرف صبح و شام دم کرنا کافی ہوتا ہے۔ ایک دن سے لے کر تین دن میں بفضل خدا مکمل آرام آجاتا ہے۔

اس عمل پہ مزید تحقیق و تجربات:

(۱) جناتی اثرات کا علاج

(۲) سحر جادو کے بداثرات کا علاج

(۳) ہرلا علاج مریض کا علاج

(۴) ہر قسم کے درد والم کا علاج۔ ان سب کے طریقہ کار اور تفصیل کے لیے دیکھیں فقیر کی کتاب ''روحانیت روحانی معالجہ''

(جسمانی نفسیاتی امراض کی تشخیص، تحقیق و راہنمائی)

اجازت عمل

(۱) میری طرف سے تمام مسلمان مردوں اور عورتوں کو خصوصی اجازت ہے۔

(۲) تاہم جو کوئی صاحب/صاحبہ اس دم کے عمل کو اختیار کرنا چاہیں۔ عمل شروع کرنے سے قبل وہ مجھے اپنے نام و پتہ سے بذریعہ جوابی لفافہ آگاہ ضرور کریں تاکہ ان کو تحریری اجازت نامہ بھیج دوں۔

(۳) عاملین پہ لازم ہے کہ وہ حسب توفیق ہر جمعرات کو پنجتن پاک، اصحاب رسول ﷺ اور اولیائے کاملین کی ارواح مقدسہ کیلئے ختم شریف پڑھ کر نیاز ضرور تقسیم کیا کریں۔

اللہ کے خواص و اعمال

اعداد قمری: ٦٦	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

آسیب دور کرنا

اگر کسی کو آسیب لپٹ گیا ہو یا آسیب اس کو طرح طرح سے تنگ کرتا ہو یا اس کے کاموں میں رکاوٹ ڈالتا ہو یا اس کو پڑھنے لکھنے نہ دیتا ہو یا اسے آوارہ پھراتا ہو اور گھر میں بیٹھنے نہ دیتا ہو تو ایسی صورت میں اللہ تعالیٰ کا اسم پاک ''اللہ'' کو ایک پاک صاف چینی کی پلیٹ پر باوضو، زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر، اس سے لکھے اور اس طرح لکھے کہ پلیٹ پر کوئی جگہ خالی نہ بچے بلکہ ساری پلیٹ اسم پاک ''اللہ'' سے بھری ہو۔ پھر اس پلیٹ کو پانی سے دھو کر ایک بوتل میں پانی بھر لے اور اس پانی کے چھینٹے دن میں چار وقت آسیب زدہ کے چہرے پر مارے۔ اوقات یہ ہیں: (۱) صبح ناشتہ سے قبل، (۲) دوپہر گیارہ بجے، (۳) بعد نماز عصر (سورج غروب ہونے سے قبل)، (۴) بعد نماز عشاء (رات دس بجے)۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب سے نجات حاصل ہوگی۔

غیب کی حقیقتوں کا بھی مشاہدہ

اگر روزانہ اس اسم کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھا جائے تو نگاہ سے پردے ہٹ جاتے ہیں اور انسان اس دنیا میں غیب کی حقیقتوں کا بھی مشاہدہ کرتا ہے۔ پڑھنے کا خاص طریقہ ہے۔ جس کو خواہش ہو، وہ رابطہ کرلے۔

دنیا کی بے شمار نعمتیں حاصل ہوں

''یااللہ'' بعد نماز عشاء، روزانہ چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ (٦٦٦٦) مرتبہ پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کو دنیا کی تمام نعمتیں، جو اس کی سرخروئی میں اضافہ کرنے والی ہوں، عطا فرماتے ہیں اور اس کو تمام مقاصد حسنہ میں کامیابی عطا ہوتی ہے۔

صاحب مال و زر (مالدار) بنے

اگر اس نام ''یااللہ'' کو گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ مالدار ہونے کی نیت سے پڑھا جائے تو چند ماہ کے اندر اندر پڑھنے والا صاحب مال و زر ہو جاتا ہے۔

قوت ایمان ویقین میں اضافہ

اگر روزانہ اس اسم کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھا جائے تو قوت ایمان ویقین میں اضافہ ہوتا ہے۔

دنیوی مشکلات و مالی پریشانیاں دور ہوں

اگر کوئی شخص کامل یقین کے ساتھ اس اسم ''یااللہ'' کو جمعہ کے دن عصر و مغرب کے درمیان دو سو (۲۰۰) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے، اس کی دنیوی مشکلات ختم ہو جائیں اور مالی پریشانیاں بھی رفع ہو جائیں۔

دنیا میں عزت و مقبولیت حاصل ہو

''یااللہ'' کو روزانہ چوبیس ہزار (۲۴۰۰۰) مرتبہ پڑھے تو اسے دنیا میں عزت و مقبولیت کی دولت بیش بہا حاصل ہوگی۔

ہر قسم کے مرض سے شفاء

اگر کوئی مریض اچھا نہ ہوتا ہو اور اطباء اس کے علاج سے عاجز آگئے ہوں تو چھ (٦) مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر مریض پر دم کریں اور چھیاسٹھ (٦٦) مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں تو ان شاء اللہ مریض شفایاب ہوگا۔

اسم اللہ کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ

اکابرین نے یہ فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص پاک وصاف ہو کر کسی پاک جگہ بیٹھ کر اور خوشبو وغیرہ لگا کر اس ''اسم اعظم'' کی زکوٰۃ ادا کرے یعنی چالیس (۴۰) روز تک بلاناغہ ''یااللہ'' تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھے اور دورانِ چلّہ شریعت کی پابندی کرے، ممنوعات سے پرہیز کرے، بالخصوص جھوٹ اور غیبت سے اپنی زبان کو روکے رکھے اور نماز جماعت کے ساتھ ادا کرے اور لقمۂ حرام سے خود کو محفوظ رکھے۔ اور بہتر ہے کہ پرہیز جمالی بھی کرے۔ اور دورانِ چلّہ ''یااللہ'' ایک ہی کاغذ پر چھیاسٹھ (٦٦) مرتبہ لکھ کر آٹے میں اس کاغذ کی گولی بنا کر دریا میں ڈالے تو ایسا شخص ''یااللہ'' کا عامل ہو جائے گا۔ چلّے کی شروعات نوچندی جمعرات سے کی جائے۔ بغیر اجازت نہ کریں۔

الرحمٰن کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۲۹۸	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

دل کی غفلت کا علاج

شیخ بونیؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص نماز کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ "یَارَحْمٰنُ" پڑھنا معمول بنالے تو اللہ اس کے دل کی غفلت کو ختم کردے۔

مخلوق میں عزت اور دشمن مہربان

جو شخص اس اسم "یَارَحْمٰنُ" کو روزانہ دوسو اٹھانوے (۲۹۸) مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے گا تو تمام مخلوق کی نظروں میں اس کی وقعت پیدا ہوگی اور دشمن مہربان ہوں گے۔

مرض سے شفایابی

جو شخص اس اسم "یَارَحْمٰنُ" کو روزانہ دوسو اٹھانوے (۲۹۸) مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے گا تو وہ صحت مند ہو جائے گا اور بیماری سے اسے نجات مل جائے گی۔

آسیب دور بھگانا

"یَارَحْمٰنُ" کو کسی آسیب زدہ پر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر دم کردیا جائے تو اس کا آسیب دور ہو جائے۔

سحر کا علاج

اگر تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ "یَارَحْمٰنُ" پانی پر دم کر کے کسی سحر زدہ کو پانی سات (۷) روز تک صبح وشام پلایا جاتا رہے تو بفضلِ رحمٰن، اس کا سحر باطل ہو جائے گا۔

قید سے رہائی

اگر قیدی "یَارَحْمٰنُ" دوسو اٹھانوے (۲۹۸) مرتبہ اس کو پڑھے تو جلد قید سے رہائی نصیب ہو۔

بانجھ پن دور ہو

اگر بانجھ عورت اپنے نام کے اعداد کے مطابق "یَارَحْمٰنُ" پڑھتی رہے اور ایک کاغذ پر پندرہ (۱۵) مرتبہ تین سطروں میں (پانچ پانچ مرتبہ فی سطر) لکھ کر اپنے بائیں بازو پر باندھ لے تو اللہ کے فضل وکرم سے وہ حاملہ ہو جائے۔

رزق میں بے پناہ وسعت ہو

"یَارَحْمٰنُ" کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھے اور ہر فرض نماز کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ یہ اسم پڑھ کر تلاوت کر کے انگوٹھی پر دم کرتا رہے تو رزق میں بے پناہ وسعت پیدا ہو۔

باغ سے زیادہ پھل حاصل ہو

"یَارَحْمٰنُ" کو پندرہ (۱۵) مرتبہ لکھ کر کسی درخت کی جڑ میں دبا دیا جائے اور ایک تعویذ درخت کی شاخ پر باندھ دیا جائے تو اس پر بے انتہا پھل پیدا ہوں گے۔

پڑھائی میں دل نہ لگنے کا علاج

جو بچے پڑھنے سے بھاگتے ہوں اور ان کا پڑھائی میں دل نہ لگتا ہو انہیں پانچوں وقت کی نماز کے بعد ایک کٹورہ پانی پر دوسو اٹھانوے (۲۹۸) مرتبہ اسم "یَارَحْمٰنُ" پڑھ کر پلائیں۔ ان شاء اللہ پڑھنے کا ذوق پیدا ہوگا۔

مرگی کے دوروں سے نجات

جسے مرگی کے دورے پڑھتے ہوں اس کے کان میں ایک سانس میں چالیس (۴۰) مرتبہ اسم مبارک "یَارَحْمٰنُ" پڑھ کر دم کرنے سے مرگی ختم ہو جاتی ہے۔ مرض شدید ہو تو متعدد مرتبہ یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ رفتہ رفتہ صحت نصیب ہوگی اور مرگی سے نجات ملے گی۔

مشکل آسان ہو

اگر کوئی شخص "یَارَحْمٰنُ الدُّنْیَا وَ رَحِیْمَھَا" پڑھے گا تو اس کی ہر مشکل آسان ہوگی اور کوئی ضرورت اٹکی نہ رہے گی۔

الرَّحِیۡمُ کے خواص و اعمال

اعداد ملفوظی: ۳۱۱	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

سوکھے پن کا علاج

بعض مرتبہ بچے سوکھے کے مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور یہ مرض بچوں کو ہڈیوں کا ڈھانچہ بنا دیتا ہے۔ بچے کا گوشت گھل کر ختم ہو جاتا ہے۔ وہ چمڑے اور ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ جاتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ باوضو چینی کی پلیٹ پر یا کاغذ پر ''یَا رَحِیۡمُ'' گیارہ (۱۱) بار عرق گلاب میں زعفران گھول کر یا کالی کچی روشنائی سے لکھیں اور شروع میں بسم اللہ شریف لکھ کر روزانہ پانی سے دھو کر بچے کو پلائیں۔ اکتالیس (۴۱) دن تک مسلسل بلاناغہ یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ سوکھے کے مرض سے صحت یاب ہو گا اور تندرست و توانا ہو جائے گا۔

امیر کبیر بننے کا وظیفہ

علامہ بونیؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ''یَا رَحِیۡمُ'' روزانہ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھے تو وہ کچھ عرصے کے بعد امیر کبیر بن جائے اور اس کی مالی مشکلات دور ہو جائیں۔

دنیوی آفات سے محفوظ رہنا

جو شخص ہر فرض نماز کے بعد اسم ''یَا رَحِیۡمُ'' کو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے گا، وہ تمام آفات دنیوی سے محفوظ ہو جائے گا۔

ایمان پر خاتمہ، موت کی سختی سے حفاظت، حشر میں نرمی

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص ''یَا رَحِیۡمُ'' دو سو اٹھاون (۲۵۸) مرتبہ روزانہ پڑھا کرے تو اس کا انجام بخیر ہوگا۔ اس دنیا سے رخصت ہوتے وقت اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا۔ موت کی سختی سے محفوظ رہے گا۔ اور حشر کے میدان میں اس کے ساتھ نرمی کا معاملہ کیا جائے گا۔

تمام مخلوق اور دشمن کے دل کو نرم کرنے کا عمل

جو شخص فجر کی نماز کے بعد پانچ سو (۵۰۰) بار ''یَا رَحِیۡمُ'' پوری توجہ کے ساتھ پڑھے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تمام مخلوق اس پر مہربان ہو گی۔ اگر دشمن اسے کوئی نقصان پہنچانا چاہتا ہے تو وہ بھی نرم ہو جائے اور نقصان پہنچانے سے رک جائے گا۔

ادائیگی قرض اور وسعتِ رزق

ادائے قرض کے لیے اسم ''یَا رَحِیۡمُ'' کو دو ہزار پانچ سو نوے (۲۵۹۰) مرتبہ پڑھنے والا ایسی وسعت رزق اور مال میں برکت دیکھے گا کہ قرض کی ادائیگی کی سبیل پیدا ہو جائے گی۔

بچہ زیادہ روتا ہو

جو بچہ مسلسل روتا ہو، اس کے کھانے پینے کی اشیاء پر اسم ''یَا رَحِیۡمُ'' کو دو سو انچاس (۲۵۹) مرتبہ دم کر کے دینے سے اور اسم ''یَا رَحِیۡمُ'' کو بارہ (۱۲) مرتبہ گلاب و زعفران سے لکھ کر گلے میں لٹکانے سے اس کا رونا بند ہو جاتا ہے۔

امراض سینہ سے شفاء

روٹی کے سولہ (۱۶) ٹکڑوں پر زعفران اور گلاب سے لکھ کر کھانے سے سینے میں نور پیدا ہوتا ہے۔ امراضِ سینہ سے شفا حاصل ہوتی ہے۔

چشم خلائق میں عزت ہو

اس کا مربع پُر کر کے پاس رکھنے سے چشم خلائق میں عزت ملتی ہے۔

۷۸۶

۲۳۲	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۲۳۱	۱۲
۳	۱۶	۹	۲۳۰
۱۰	۲۲۹	۴	۱۵

اَلْمَلِکُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۹۰	عنصر: خاکی	طبیعت: مشترک

دل کو روشن اور پاک و صاف کرنا

اگر کوئی شخص اپنا دل روشن کرنے کی نیت سے اپنے نام کے مجموعی اعداد کے مطابق ''اَلْمَلِکُ'' کو روزانہ پڑھے گا تو دل میں نور پیدا ہوگا اور دل شرک و گمراہی کی تاریکیوں سے مطلقاً پاک و صاف ہو جائے گا۔

بادشاہت حاصل کرنا

شیخ جلال الدین محمود تبریزیؒ کا ارشاد ہے کہ ''اگر کوئی شخص ترکِ حیوانات کے ساتھ نوے (۹۰) دن تک لگاتار اس اسم مبارک ''اَلْمَلِکُ'' کو نوے ہزار (۹۰۰۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کرے تو اسے بادشاہت کا عہدہ نصیب ہو جائے۔

عزت حاصل ہو......اسرارِ الٰہی کا مشاہدہ ہو

عزت اور حرمت کو حاصل کرنے کے لیے اسم ''اَلْمَلِکُ'' کی مداومت نہایت کارآمد ہے۔ جو شخص اس کی مداومت کرے گا، حق تعالیٰ سے اسرار کا دروازہ کھلا پائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی ملکیت کا دائرہ وسیع کر دے گا۔

مراتب میں اضافہ

اسم ''اَلْمَلِکُ'' کو پیر کے دن چاندی کی تختی پر کندہ کر کے اس کے گرد مؤکل کا نام لکھ کر پاس رکھے اور اس کے عدد کو آپس میں ضرب کر کے ذکر کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ مراتب میں اضافہ کرے گا۔

حصولِ غنا

جو شخص صبح کی نماز کے بعد ایک سو بیس (۱۲۰) بار اس اسم پاک کی تلاوت کرے، اللہ تعالیٰ اسے غنی فرما دیں گے اور اس کے جاہ و مرتبہ میں زیادتی فرمائیں گے۔

اَلْقُدُّوْسُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۷۰	عنصر: آبی	طبیعت: جمالی

شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہنا

''اَلْقُدُّوْسُ'' اسم مبارک کو روزانہ ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ پڑھے تو وساوس شیطانی سے محفوظ رہے۔

باطن کو پاک کرنا

اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ ایک وقت مقرر کر کے اس اسم مبارک ''اَلْقُدُّوْسُ'' کو پڑھے گا، اس کا باطن بالکل پاک ہو جائے۔

فرشتوں جیسی صفات پیدا ہوں

جو شخص اسم پاک ''اَلْقُدُّوْسُ'' کو بعد نمازِ جمعہ، روٹی پر لکھ کر اس میں کلمہ سبوح کا اضافہ کر کے کھالے، اس کے اندر فرشتوں جیسی صفات پیدا ہوں۔

فسق و فجور سے حفاظت......دل میں نور پیدا ہو

''اَلْقُدُّوْسُ'' کو زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر پینا فسق اور فجور سے بچاتا ہے۔ دل میں روشنی اور نور پیدا ہوتا ہے۔

اولاد، پاک باطن و نیک خصلت ہو

جب استقرار حمل ہو اور اس حمل کا علم ہو جائے تو بچہ کے پیدا ہونے تک روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ ''اَلْقُدُّوْسُ'' پانی وغیرہ پر دم کر کے حاملہ کو پلایا جائے۔ ان شاء اللہ، بچہ نہایت بااخلاق و پاک باطن اور والدین کا تابع فرمان پیدا ہوگا۔ عمر بھر والدین کی نافرمانی اور ایذا رسانی کو پسند نہ کرے۔

السلام کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۳۱	عنصر: بادی	طبیعت: جمالی

دشمن کو مہربان کرنا

اگر کسی کا دشمن خطرناک اور ہر قسم کے نقصان پہنچانے میں لگا رہتا ہو تو اس کے دل کو نرم کرنے اور اپنے اوپر مہربان کرنے کے لیے یہ عمل انتہائی مجرب ہے۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن دشمنی چھوڑ دے گا اور مہربانی سے پیش آتا رہے گا۔ عمل یہ ہے کہ تین سو اٹھارہ (۳۱۸) مرتبہ ''یَاسَلَامُ'' پڑھ کر میٹھی چیز پر دم کر کے کسی ترکیب سے دشمن کو کھلا دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ مہربان ہو جائے گا اور دوستی کا ہاتھ بڑھائے گا۔

جنگلی اور موذی جانوروں سے حفاظت

اگر کوئی شخص ریگستانی علاقے میں رہتا ہو یا جنگلوں اور پہاڑوں میں اس کی رہائش ہو جہاں جنگلی جانور، درندے یا موذی جانور سانپ بچھو کثرت سے ہوں اور ہر وقت ان سے نقصان کا اندیشہ ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ ایک سو اکتیس (۱۳۱) بار ''یَاسَلَامُ'' پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ اسے کوئی جنگلی جانور نقصان نہ پہنچا سکے گا اور نہ کوئی موذی جانور نقصان پہنچائے گا۔

پیشاب میں جلن کا مرض

بعض لوگوں کو پیشاب میں شدید جلن ہوتی ہے۔ اس سے مریض کو سخت تکلیف ہوتی ہے اور پیشاب میں رکاوٹ ہوتی ہے۔ اس کے لیے یہ عمل بہت مفید ہے۔

سوا پاؤ (تین سو گرام) خالص شہد لے کر باوضو ایک سو اکتیس (۱۳۱) بار ''یَاسَلَامُ'' پڑھ کر اس پر دم کریں۔ صبح و شام تین تین چائے کے چمچے مریض کو کھلائیں۔ اس دوران تیز نمک اور سرخ مرچ کا پرہیز کرنا ضروری ہے۔ چالیس دن کے استعمال سے ان شاء اللہ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

ہر قسم کی بیماری سے حفاظت

اگر شہر میں مختلف قسم کی بیماریاں پھیل رہی ہوں اور ہر وقت اندیشہ لگا ہو کہ کب کونسی بیماری مصیبت کا باعث بن جائے تو ان تمام وبائی بیماریوں سے بچنے کے لیے اسم پاک ''سَلَامٌ'' کا نقش بہت مفید ہے۔ اس نقش کو بعد نمازِ فجر باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے سب گھر کے افراد کے گلے میں ڈال دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ گھر کے تمام افراد ہر قسم کی وباء اور بیماری سے محفوظ رہیں گے اور اگر یہی نقش موٹے قلم سے بڑا بڑا لکھ کر گھر کے دروازے پر لگا دے تو اہل خانہ تمام آفات اور بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔

وہ نقش معظم یہ ہے:

م	ا	ل	س
س	ل	ا	م
ا	م	س	ل
ل	س	م	ا

بچوں کو بری عادت سے بچانا

بعض بچے بہت سی بُری عادتوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں مثلاً بعض بچے ہر وقت انگوٹھا چوستے رہتے ہیں یا بعض بچے ہر وقت چھینکتے رہتے ہیں یا بعض بچے ٹھیکری اور مٹی کھاتے ہیں اور اپنی ان عادتوں سے باز نہیں آتے۔ مار پیٹ اس سلسلے میں بیکار ہے کیونکہ بچہ تھوڑی دیر بعد وہی کام کرے گا۔ ایسے بچوں کی غلط عادت چھڑانے کے لیے روزانہ باوضو ایک سو اکتیس (۱۳۱) مرتبہ ''یَاسَلَامُ'' پڑھ کر بچے پر دم کر دیا کریں اور یہ عمل اس وقت تک جاری رکھیں جب تک بچہ اس عادت سے باز نہ آجائے اور اس بُری عادت کو چھوڑ نہ دے۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے جلد ہی بچہ رک جائے گا اور بری عادت چھوڑ دے گا۔

شفائے امراض

اگر مریض کے پاس سرہانے بیٹھ کر دونوں ہاتھ اٹھا کر اس اسم پاک کو ایک سو چھتیس بار (۱۳۶) اس قدر بلند آواز سے پڑھے کہ مریض بھی سن لے تو ان شاء اللہ اس کو شفا ہوگی۔

اَلْمُؤْمِنُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۳۶	عنصر: بادی	طبیعت: جمالی

وساوس شیطانی سے نجات

بعض لوگوں کو شیطان مختلف وسوسے ڈال کر گمراہ کرتا ہے اور انہیں طرح طرح سے پریشان رکھتا ہے۔ جو شخص روزانہ ایک جگہ بیٹھ کر باوضو ایک سو ستاسٹھ (۱۶۷) بار اسم مبارک ''اَلْمُؤْمِنُ'' پڑھے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ شیطان کے وسوسوں سے نجات پائے گا۔

لوگوں کی بدگوئی اور امراض خبیثہ سے نجات

بعض لوگ بلاوجہ کسی نہ کسی کی بدگوئی میں لگے رہتے ہیں۔ ایسے لوگوں کی بدگوئی سے محفوظ رہنے کے لیے اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک گیارہ سو بتیس (۱۱۳۲) مرتبہ باوضو پڑھنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ بدگو کی بدگوئی اور امراض خبیثہ سے محفوظ ہو جائے گا۔ وہ اسم مبارک یہ ہے: ''اَلْمُؤْمِنُ''۔

خوف و دہشت سے حفاظت

جو شخص خوف اور دہشت کے وقت اس اسم مبارک کو باوضو چھ سو تیس (۶۳۰) مرتبہ روزانہ پابندی وقت کے ساتھ پڑھے گا، اس کا دل ہر قسم کے خوف اور ہر قسم کی دہشت سے نجات پائے گا۔ وہ اسم مبارک یہ ہے: ''اَلْمُؤْمِنُ''۔

طاعون کا علاج

اگر کسی جگہ طاعون پھیل جائے اور گھر گھر سے جنازے اٹھنے لگیں تو ایسی صورت میں اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ''اَلْمُؤْمِنُ'' کو روزانہ باوضو ہر شخص ایک ہزار ایک سو تیس (۱۱۳۰) بار پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ پڑھنے والا اور اس کے اہل خانہ طاعون سے محفوظ رہیں گے۔

اَلْمُهَيْمِنُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۴۵	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

لوگوں پر رعب قائم ہو، تسخیر قلوب ہو، دلی باتوں سے مطلع ہو

جو چاہے لوگوں پر اپنا رعب طاری کرے۔ اس کے زیرِ کفالت اور زیرِ اثر افراد اس کے حکم کی بجا آوری میں فوراً تیار ہو جائیں، اس کے لیے اس اسم کی مداومت بہترین ہے۔ اس کو چاہیے کہ صبح بعد غسل، اس اسم ''یَامُهَيْمِنُ'' کو اٹھارہ ہزار چار سو چھیانوے (۱۸۴۹۶) مرتبہ خلوصِ دل سے تلاوت کرے اور ختمِ عمل تک کسی سے بات نہ کرے۔ ایسی عظمت اور تسخیرِ قلوب ہو کہ طبیعت نہال ہو جائے۔ لوگوں کے عیوب سے مطلع ہو جائے۔ دل میں پوشیدہ باتوں کو سمجھے۔ لیکن لازم ہے کہ دوسرے کے عیب پر طعنہ زنی نہ کرے۔ نہ ہی کسی تیسرے کو بتلائے ورنہ مبتلائے آفت عظیم ہو گا، وبال ہو گا، مرتبہ چھن جائے۔

ناحق مقدمہ کا خوف

جس شخص کو اعلیٰ حکام سے خوف و خطر ہو یا مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہو لیکن ناکافی شہادتوں کی وجہ سے حق مارا جا رہا ہو یا مخالف ایسی پارٹی ہو کہ جس سے ظاہری مقابلے کی تاب نہ ہو تو ایسا شخص شرفِ قمر یا شرفِ مریخ میں اس کا مربع بنا کر اپنے پاس رکھے اور اس کے عدد کے مطابق پڑھے، اپنے حق کو پائے۔ لیکن ضروری ہے کہ نااہل سے اس کو بچائے۔

۷۸۶

۴۲	۲۸	۳۶	۳۹
۳۵	۴۰	۴۱	۲۹
۳۷	۳۴	۳۰	۴۴
۳۱	۴۳	۳۸	۳۳

العزیز کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۹۴	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

عزت کا مقام حاصل کرنا

عزت کا مقام حاصل کرنے کے لیے یہ عمل بہت مفید ہے۔ اس عمل کی برکت سے دشمنوں کے شر سے بھی حفاظت رہتی ہے۔ باوضو بعد نماز عشاء، اول تین بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد تین سو تیرہ (۳۱۳) بار ’’یَا عَزِیْزُ‘‘ پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ معاشرتی زندگی میں عزت و عظمت کا مقام حاصل ہوگا۔ دشمن ناکام ہوں گے۔

اپنے مقصد میں کامیابی

اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے ’’یَا عَزِیْزُ‘‘ کثرت سے پڑھے۔ اگر زیادہ نہ پڑھ سکے تو کم از کم ایک سو (۱۰۰) بار ضرور کسی بھی وقت مقررہ پر پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اپنے ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

برائے تسخیر

حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ’’یَا عَزِیْزُ‘‘ کی کثرت کرے۔ کوئی تعداد مقرر نہیں۔ شوہر اور حاکم، دونوں کے لئے بہت آزمودہ ہے۔

ہر دل عزیز ہو

روزانہ کسی بھی نماز کے بعد اکتالیس (۴۱) بار ’’یَا عَزِیْزُ‘‘ پابندی سے پڑھے۔ ناغہ نہ کرے۔ ہمیشہ پابندی سے پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ تمام دنیا سے بے نیاز ہو جائے گا۔ اس کی عزت و عظمت لوگوں کے دلوں میں بیٹھ جائے گی۔

جان و مال کی حفاظت

اگر کوئی شخص اپنی جان کو خطرہ اور مال کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ محسوس کرے تو جان و مال کی حفاظت کے لیے ترکِ حیوانات اور پرہیز جلالی کے ساتھ دس ہزار (۱۰۰۰۰) مرتبہ روزانہ ’’یَا عَزِیْزُ‘‘ پڑھے تو قاضی الحاجات کی طرف سے اس کے لیے فرشتے نگہبان ہو جائیں اور اس کے جان و مال کی حفاظت کریں گے اور اس شخص پر مسلسل عجائب اور غرائب ظاہر ہوں گے۔

عزت و عظمت میں اضافہ

بعد نمازِ عشاء روزانہ پابندی کے ساتھ اول تین بار درود شریف پڑھے، اس کے بعد چورانوے (۹۴) بار ’’یَا عَزِیْزُ‘‘ پڑھے۔ اس کے بعد تین بار یہ پڑھے: ’’یَا عَزِیْزُ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِكَ یَا عَزِیْزُ‘‘

آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر اپنی عزت و عظمت میں اضافہ کی دعا کرے۔ چند ہفتے دعا کرنے کے بعد ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی عزت و عظمت میں اضافہ ہوگا۔

وجاہت و مقبولیت تامہ حاصل ہو

’’یَا عَزِیْزُ‘‘ ایک لاکھ مرتبہ پڑھ کر روغن زیتون پر دم کر لیا جائے۔ ہر صبح اسے چہرے پر مل لیا جائے تو ان شاء اللہ وجاہت و مقبولیت تامہ نصیب ہوگی۔ بشرطیکہ بے عمل، بے عقیدہ نہ ہو۔

دنیا میں معزز و مکرم بننا

جو شخص یہ چاہے کہ وہ عوام میں ہر دل عزیز اور معزز شمار ہو اور لوگ اس کی عزت کریں اور اسے قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھیں تو اسے چاہیے کہ چالیس (۴۰) دن تک مسلسل بلا ناغہ نمازِ فجر کے بعد چالیس (۴۰) بار ’’یَا عَزِیْزُ‘‘ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اس کی برکت سے وہ لوگوں میں معزز و مکرم ہوگا اور اس کی ہر طرح کی محتاجگی ختم ہو جائے گی۔

مراد بر آوری

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ نے فرمایا کہ یہ اسم مبارک جس مقصد کے لیے ایک سو پچپن (۱۵۵) مرتبہ ہر نماز کے بعد اور خصوصیت کے ساتھ نمازِ فجر کے بعد پڑھے گا، جلد مراد کو پہنچے گا۔

الجبّارُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۲۰۶	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

دشمن کے شر سے بچنا

جس شخص کو اپنے کسی طاقت ور دشمن سے خوف ہو تو اس کو چاہیے کہ اسم مبارک ''یَا جَبَّارُ'' کو تین سو اڑسٹھ (۳۶۸) کے مطابق ہر نماز کے بعد پڑھے۔ دشمن مغلوب ہو۔

دشمن سے محفوظ رہنا

کسی طاقت ور دشمن سے محفوظ رہنے کے لیے سات جمعہ، نماز جمعہ کے بعد ''یَا جَبَّارُ'' دو سو چھ (۲۰۶) مرتبہ پڑھے، دشمن منتشر اور برباد ہو۔

ظالموں سے تحفظ

جو شخص روزانہ صبح و شام دو سو چھبیس (۲۲۶) بار ''یَا جَبَّارُ'' کی تلاوت کرے گا۔ ان شاء اللہ، ظالموں کے قہر سے محفوظ رہے گا۔

کمزوری و لاغری دور ہو

اگر کوئی بچہ یا بیمار کمزور اور لاغر ہو تو سرسوں کا تیل لے کر اس پر ایک ہزار ایک سو (۱۱۰۰) مرتبہ یہ اسم پاک ''یَا جَبَّارُ'' پڑھ کر دم کرے اور اس کی مالش کرے، سات دن تک روزانہ تیل کی مالش کی جائے۔ ان شاء اللہ بدن میں طاقت اور توانائی جلد واپس آئے گی۔

مختلف فوائد حاصل کرنا

شیخ ابو العباس احمد بن علی البونیؒ فرماتے ہیں کہ اس اسم پاک کی دعوت کے لیے چالیس روز تک پابندی شرائط کے ساتھ خلوت میں ''یَا جَبَّارُ'' روزانہ دس ہزار (۱۰۰۰۰) مرتبہ پڑھے۔ نفس میں پاکیزگی اور طبیعت میں انکساری پیدا ہو، مقاصد میں کامیابی اور دشمن پر غلبہ حاصل ہو۔

المُتَکَبِّرُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۶۶۲	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

دھونی برائے دفع جن و دیو و پری

اسم الٰہی ''اَلْمُتَکَبِّرُ'' سرکنڈے پر باوضو لکھے اور اس میں آگ لگا کر اس کا دھواں مریض کی ناک میں پہنچائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جن، بھوت، دیو، پری اور دیگر خبیث دفع ہوں گے اور مریض اپنی اصلی حالت میں آجائے گا۔

حصولِ برکت، دفع نحوست اور بلاؤں سے نجات

اس اسم مبارک ''اَلْمُتَکَبِّرُ'' کو اعداد ابجد کے مطابق پڑھ کر دم کر کے مکان اور دکان کے کونوں میں چھڑکنا، باعث برکت اور دفع نحوست اور بلاؤں سے نجات کا باعث ثابت ہوتا ہے۔

یَا مُتَکَبِّرُ کا عامل بننے کا طریقہ

اسم یَا مُتَکَبِّرُ کے عامل بننے کا طریقہ یہ کہ چالیس (۴۰) دن تک ترک حیوانات کے ساتھ اور پرہیز جلالی کے ساتھ پندرہ سو چالیس (۱۵۴۰) مرتبہ کوئی ایک وقت اور ایک جگہ مقرر کر کے اس اسم مبارک کا ورد کرے۔ کامل تنہائی میں عمل کرے اور دوران عمل حصار کرے اور زرد رنگ کا لباس پہنے۔ آخری ہفتے میں مختلف ڈراؤنی شکلیں دکھائی دیں گی۔ لیکن ذاکر کو ان سے ڈرنا نہیں چاہیے اور عمل کو جاری رکھنا چاہیے۔ یہ بات یاد رہے کہ اکیس (۲۱) دن کے بعد اگر عمل کو ترک کر دیا جائے تو عمل کی رجعت سے عامل کو مختلف قسم کی پریشانیاں گھیر لیتی ہیں اور عامل کا دل اور دماغ دونوں متاثر ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا عمل کے ۳ ہفتے گزرنے کے بعد اگر عامل کسی بڑی بیماری کا شکار ہو جائے تو عمل کو مستقل مزاجی کے ساتھ جاری رکھنا چاہیے اور یقین رکھنا چاہیے کہ اب کامیابی کی منزل قریب سے قریب تر آگئی ہے۔

الخَالِقُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۷۳۱	عنصر: خاکی	طبیعت: جلالی

حمل قرار پائے

حمل کے قائم ہونے کے لیے اس نقش کو باوضو تیس (۳۰) عدد لکھیں اور روزانہ باوضو ایک عدد پانی میں گھول کر وہ پانی عورت کو پلائیں۔ اس دوران شوہر ہمبستری کرتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔ حیض سے فارغ ہو کر غسل کرنے کے بعد نقش پینا شروع کریں۔ وہ نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

یاخالق	یاخالق	یاخالق
یاخالق	یاخالق	یاخالق
یاخالق	یاخالق	یاخالق

نازک مزاج کو ختم کرنے کے لیے

جو شخص نازک، فنکارانہ اور تخلیقی امور میں منہمک ہو، اس کے لیے اس اسم ''یَا خَالِقُ'' کا ذکر نہایت انسب ہے۔

بے اولادی کے خاتمے کے لیے

بے اولاد خواتین و حضرات جو کہ ہر علاج سے تنگ ہو چکے ہوں، ان کے لیے اس اسم کی برکتیں بہت خاص ہیں۔ جو بے اولاد مرد اپنی بیوی سے صحبت سے قبل اس اسم ''یَا خَالِقُ'' کو انگوٹھی پر نقش کر کے جب کہ طالع برج نار میں مصروف ہو، تو اس کی بیوی کو حمل قرار پائے گا۔ اسم ''یَا خَالِقُ'' کے فوائد بہت زیادہ ہیں۔

آفات سے محفوظ رہنے کے لیے

جو شخص اس اسم پاک ''یَا خَالِقُ'' کو سات روز تک سو بار (۱۰۰) روزانہ پڑھے گا۔ ان شاء اللہ، تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

البَارِئُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۲۱۳	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

قوت برداشت اور طاقت پیدا ہو

اس اسم مبارک ''یَا بَارِئُ'' کا ذکر مزدوروں، محنت سے کام کرنے والوں کے لیے بہت مفید ہے۔ کیونکہ اس کی خصوصیات میں ہے کہ یہ اپنے ذاکر کے اندر بے پناہ قوتِ برداشت اور طاقت پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ سو ایسے تمام افراد جو کہ اپنے اندر طاقت اور قوت کی کمی محسوس کرتے ہیں، ان کے لیے یہ اسم بے حد نافع ہے۔

ڈاکٹر، حکماء حضرات کا علاج معالجہ خوب چلے

جو لوگ حکمت اور میڈیسن سے وابستہ ہیں اور علاج معالجہ کرتے ہیں، ان کے لیے اس اسم ''یَا بَارِئُ'' کی مواضبت بہت مفید ہے۔ تشخیص اور نسخے میں سوگنا اضافہ ہو جاتا ہے۔ علاج موافق پڑتا ہے، مریضوں کی بھیڑ لگی رہتی ہے، پیچیدہ امراض کے علاج میں مہارت حاصل ہو جاتی ہے۔

محبت پیدا ہو

مرض محبت میں مبتلا فرد اگر چنبلی کے پھول یا گلاب کے پھول پر اعداد ابجد کے مطابق ''یَا بَارِئُ'' پڑھ کر دم کرے اور مطلوب کو سنگھائے تو محبت پیدا ہو۔

عجیب و غریب خواص کا مشاہدہ ہو

جو شخص ہر روز بعد نماز فجر اعداد ملفوظی کے مطابق باقاعدگی سے پڑھے، عجیب و غریب خواص کا مشاہدہ کرے۔ حق تعالیٰ اس کو اسرار غیب سے مطلع فرمائے۔

لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا کرنے کے لیے

''یَا بَارِئُ'' کے ذاکر کی قبولیت لوگوں کے دلوں میں پیدا ہوتی ہے۔

المُصَوِّرُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۳۳۶	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

حصول اولاد

حصول اولاد کے خواہش مند زوجین کو چاہیے کہ روزانہ فجر کے بعد ''یَا مُصَوِّرُ'' کا وظیفہ ایک ہزار (۱۰۰۰) بار کریں۔ جب اولاد کی خواہش ہو اور عملی اقدام کریں تو اس وقت سے اولاد ہونے تک، اس عمل کو کریں۔ ان شاء اللہ، صاحب اولاد ہوں گے۔

بانجھ عورت کے نیک اولاد نرینہ ہو

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اولاد سے محروم ہو تو اسے چاہیے مسلسل کہ سات روزے رکھے۔ درمیان میں ناغہ نہ کرے اور روزانہ روزہ کھولنے سے قبل باوضو ''یَا مُصَوِّرُ'' اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ لے اور اسی پانی سے روزہ افطار کرے۔ اس دوران میاں سے قربت کرتی رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عورت حاملہ ہو گی اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نیک لڑکا پیدا ہوگا۔

سخت سے سخت مشکل آسان

اگر کوئی شخص کسی مشکل میں پھنس گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اس مشکل سے آسانی سے نجات مل جائے تو اسے چاہیے کہ روزانہ سات (۷) دن تک ایک وقت مقرر کر کے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے، پھر پانچ ہزار (۵۰۰۰) بار ''یَا مُصَوِّرُ'' پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مشکل کے آسان ہونے کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل آسان ہو گی۔ یہ عمل قرض سے نجات حاصل کرنے، مقدمہ میں کامیابی کے لیے اور مفرور یا غائب کی واپسی، اچھے رشتے کے حصول کے لیے کیا جائے تو بھی کامیابی ہو گی۔

الغفّار کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۲۸۱	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

دشمن کے شر سے محفوظ رہنا

اسم "یَا غَفَّارُ" کا مربع شیشے پر لکھے، مہینے کی آخری رات میں اور تعداد اعداد اسم کے مطابق پڑھے۔ اللہ تعالیٰ ہر دشمن کے شر سے محفوظ اور مامون رکھے۔

اپنے حال پر قابو رکھنا

جو افراد عبادت کے دوران اسرارِ غیبی کی تاب نہ لا سکیں اور حقائق کو چھپا نہ سکیں تو "یَا غَفَّارُ" کا ذکر کریں۔ اپنے حال پر قابو پائیں گے۔

نعمت ظاہرہ اور باطنہ کا حصول

ہر نماز کے بعد "یَا غَفَّارُ" کو ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ پڑھنا نعمت ظاہرہ اور باطنہ کا باعث ہوتا ہے۔

مغفرت و وسعت رزق

جو شخص نماز جمعہ کے بعد اس اسم "یَا غَفَّارُ" کو سو (۱۰۰) بار پڑھے گا، اس پر ان شاء اللہ تعالیٰ مغفرت خداوندی کے آثار ظاہر ہونے لگیں گے اور ہر تنگی رفع ہوگی اور بے شمار رزق ملے گا۔

مخالف سے صلح کرنے کے لیے

اگر کوئی شخص مقدمہ میں راضی نامہ کرنا چاہے اور فریق ثانی نہ مانتا ہو تو ظہر کی نماز کے بعد تین ہزار (۳۰۰۰) بار "یَا غَفَّارُ" پڑھے اور پھر دعا کرے تو فوراً مقصود حاصل ہوگا اور مخالف خود بخود التجا کرے گا۔

گناہوں سے مغفرت کے لیے

توبہ پر قائم رہنے اور گناہوں سے مغفرت کے لیے ایک ہزار دو سو اکیاسی (۱۲۸۱) دفعہ ورد میں رکھنا چاہیے۔

القہار کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۳۰۶	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

ناجائز دوستی ختم کرانا ...... دشمنوں میں جدائی

اگر دو شخصوں میں یا کسی مرد عورت میں ناجائز محبت ہو اور اس سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو یا دو افراد مل کر کسی دوسرے کو نقصان پہنچانا چاہتے ہوں یا شرارت کر کے تنگ کرتے ہوں تو ان کے درمیان جدائی پیدا کرنا ضروری ہے تاکہ وہ آئندہ کسی قسم کی شرارت نہ کر سکیں۔ یہ نقش چاند کی پندرہ تاریخ کے بعد لکھ کر کسی پلاسٹک یا شیشے کی بوتل یا ڈبیہ میں بند کر کے دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کر دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جدائی ہو جائے گی۔ شرط یہ ہے کہ جائز کام میں استعمال کرے۔ ناجائز کام میں استعمال کرے گا تو نقصان اٹھائے گا۔

یاقہار	ذالبطش	الشدید	انت الذی
ذالبطش	الشدید	انت الذی	لایطاق
الشدید	انت الذی	لایطاق	انتقامه
انت الذی	لایطاق	انتقامه	یاقہار

دشمن کو ذلیل کرنے کا عمل

جو شخص فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے (یعنی فجر کی دو سنتیں پڑھ کر یہ عمل کرے) سو (۱۰۰) مرتبہ گیارہ (۱۱) روز تک ''یا قَھَّارُ'' پڑھے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل و خوار ہو گا۔

پریشانیوں سے چھٹکارا حاصل ہو

جو شخص کسی پریشانی میں مبتلا ہو، اسم ''یا قَھَّارُ'' کو تعداد ابجد کے مطابق ہر نماز کے بعد پڑھے۔ حق تعالیٰ سبحانہ ہر مشکل کو آسان فرمائے۔

دشمن، دشمنی سے باز آئیں

جس کو دشمن پریشان کرتے ہوں، فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اعداد ملفوظی یعنی چار سو ننانوے (۴۹۹) مرتبہ پڑھے۔ دشمن، دشمنی سے باز آ جائیں۔

حب دنیا سے نجات

ہر مہم کے لیے اس کو سو (۱۰۰) بار پڑھے، مہم آسان ہو گی۔ اگر اس پر مداومت کرے، دنیا کی محبت اس کے دل سے جاتی رہے۔

امراض اطفال

اگر کوئی بچہ شیر خوار نہایت دبلا ہو جیسے اکثر ام الصبیان کی وجہ سے بچوں کو سوکھا لگ جاتا ہے تو آدھ کلو سرسوں کا تیل لے کر سامنے رکھا جائے اور قبلہ رُو باوضو ہو کر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ''یا قَھَّارُ'' پڑھ کر تیل پر دم کر دیا جائے۔ وہ تیل صبح و شام اکیس (۲۱) روز تک بچے کے جسم پر مالش کیا جائے۔ ان شاء اللہ بچہ جلد تندرست ہو جائے گا۔

برائے دفع سحر

اگر کوئی شخص سحر کی وجہ سے عورت پر قادر نہ ہو، یہ اسم پاک چینی کے برتن پر لکھ کر اس شخص کو دھو کر پلایا جائے۔ ان شاء اللہ سحر دفع ہو گا۔

حفاظت از شر نفس

مریدوں اور اہل ریاضت کے لیے بہت ضروری ہے۔ اس سے ان کا نفس مغلوب رہتا ہے۔ شہوت سے حفاظت رہتی ہے۔

''یا قَھَّارُ'' کا عامل بننے کے لیے

اکابرین سے منقول ہے کہ ''یا قَھَّارُ'' کا عامل بننے کے لیے روزانہ اس اسم مبارک کو بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) بار ورد میں رکھیں۔ چالیس (۴۰) دن کے بعد صرف ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ پڑھ لینا کافی ہے۔

نوٹ: ''یا قَھَّارُ'' کا عمل بہت جلالی عمل ہے۔ اس کے عامل سے جنات بہت ڈرتے ہیں۔ بغیر اجازت و نگرانی کے عمل نہ کریں۔

الوَھَّابُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۴	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

قرض سے نجات، آمدنی میں اضافہ، حصول خیر و برکت

نمازِ عشاء کی سنت و نفل پڑھ کر وتر سے پہلے اول درود شریف گیارہ بار پڑھیں، پھر چودہ سو (۱۴۰۰) بار ''یَا وَھَّابُ'' پڑھیں۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔ اس عمل کی برکت سے قرض سے نجات حاصل ہوگی۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ گھر میں خیر و برکت ہوگی۔

فقر و فاقہ دور کرنا

جو شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اور قرض میں بندھا ہوا ہو اور طرح طرح کے مسائل کا شکار ہو تو اسے چاہیے کہ چاشت کی نماز میں آخری سجدے میں چالیس (۴۰) بار ''اَلْوَھَّابُ'' پڑھے۔ اگر چالیس (۴۰) دن تک پابندی کے ساتھ یہ عمل کرتا رہے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ فقر و فاقہ سے نجات حاصل ہو گی اور اللہ تعالیٰ اسے اتنا دیں گے کہ مخلوق سے بے نیاز ہو جائے گا۔ عمل شرط ہے۔

رزق کے دروازے کھولنا

جو شخص رزق کی کمی کا شکار ہو یا روزگار کے سلسلے میں پریشان ہو، وہ شخص باوضو بعد نمازِ فجر اسم مبارک ''یَا وَھَّابُ'' کو تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل چالیس (۴۰) دن کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس شخص پر رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔

غربت دور کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص غریب ہو اور گھر میں غربت کا راج ہو، کھانے پینے میں تنگی ہو تو اسے چاہیے کہ باوضو ''یَا وَھَّابُ'' تین سو (۳۰۰) مرتبہ آدھی رات کو گھر کے صحن میں کھڑے ہو کر پڑھے۔ چالیس (۴۰) دن عمل کرنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی غربت دور ہو جائے گی۔

بے روزگاری کا خاتمہ

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور اسے ملازمت یا روزگار نہ ملتا ہو تو اس کے لیے یہ عمل بہت کامیاب ہے۔ چاند کی پہلی جمعرات کو روزہ رکھے اور چاولوں کی سفید کھیر سے روزہ افطار کرے۔ عشاء کی نماز تک کوئی نمکین چیز نہ کھائے۔ عشاء کی نماز کے بعد باوضو چودہ مرتبہ درود شریف اس کے بعد ''یَا وَھَّابُ'' چار ہزار ایک سو (۴۱۰۰) مرتبہ، اس کے بعد چودہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کو ملازمت مل جائے گی۔

ہر حاجت پوری ہو

اگر کوئی حاجت پیش آ گئی ہو تو آدھی رات کو اٹھ کر وضو کر کے تین سجدے کرے۔ پھر ہاتھ اٹھا کر ایک سو (۱۰۰) بار ''یَا وَھَّابُ'' پڑھے۔ تین روز مسلسل بلاناغہ یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے ہر حاجت پوری ہو جائے گی۔

غربت سے نجات...... مالدار ہو جائے

اگر کوئی شخص غریب ہے اور غربت سے نجات نہیں ملتی بلکہ روز بروز اس میں اضافہ ہوتا جاتا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ کسی طرح نجات مل جائے تو اس کا آسان عمل یہ ہے کہ دن کے دس بجے تازہ وضو کرے۔ پھر چار رکعت نماز بہ نیت قضائے حاجت ادا کرے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد سجدے میں جائے اور ایک سو چار (۱۰۴) مرتبہ ''یَا وَھَّابُ'' پڑھے۔ ہر مہینے میں سات مرتبہ یہ عمل کر لیا کرے تو اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ چند ماہ میں مالدار ہو جائے گا اور غربت دور ہو جائے گی۔ رزق میں خوب برکت ہوگی۔

تنگ دستی اور قرض سے نجات

بعد نمازِ عشاء، تنہا بیٹھ کر ''یَا وَھَّابُ'' چودہ سو چودہ (۱۴۱۴) بار پڑھ کر یہ دعا ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھا کریں۔ دعا یہ ہے: ''یَا وَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ نِّعْمَۃِ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ''۔ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ہو۔

الرَّزَّاقُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۳۰۸	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

نوکری کی تلاش

جو شخص روزگار کے سلسلے میں پریشان ہو اور چاہتا ہو کہ جلد نوکری لگ جائے یا نوکری سے برخاست کر دیا گیا ہو اور چاہتا ہو کہ جلد ملازمت بحال ہو جائے تو اسے چاہیے کہ اول تین روزے رکھے اور روزے کی حالت میں بعد نمازِ فجر اول سات بار یہ درود شریف پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

اس کے بعد دس ہزار (۱۰۰۰۰) مرتبہ روزانہ ''یَا رَزَّاقُ'' پڑھے۔

اس کے بعد یہ درود شریف سات بار پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

پھر دعا کرے۔ یہ عمل تین دن تک کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ملازمت مل جائے گی یا ملازمت سے برخاست ہوا ہے تو ملازمت بحال ہو جائے گی۔

سال بھر فراوانی رزق کی لذت اٹھائے

نصف شعبان کی نصف شب میں اس اسم ''یَا رَزَّاقُ'' کو تین ہزار اسی (۳۰۸۰) مرتبہ پڑھے اور اپنی انگوٹھی پر اسم مبارک کو کندہ کر کے دم کرے۔ سال بھر تک فراوانی رزق کی لذت اٹھائے۔

گھر اور کاروبار میں برکت

جو شخص گھر اور کاروبار میں برکت چاہے، وہ اپنے گھر کے چاروں کونوں میں اس اسم ''یَا رَزَّاقُ'' کو بلحاظ ابجد پڑھ کر دم کرے مگر ابتدا دائیں ہاتھ کے گوشے سے کرے اور روز اس کا معمول بنالے تو جو برکت اور بخشش ملے، وہ زمانہ دیکھے۔

کشادگی رزق

جو شخص نماز صبح سے قبل مکان کے چاروں کونوں میں دس دس (۱۰/۱۰) بار اسم مبارک ''یَا رَزَّاقُ'' کو پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس پر رزق کی کشادگی فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ، اس گھر میں کبھی رنج اور مفلسی نہ آئے گی۔ لیکن دائیں کونے سے شروع کرے اور منہ قبلہ کی جانب سے نہ پھیرے۔

وسعت رزق

جو کوئی ''یَا رَزَّاقُ'' کو پانچ سو پینتالیس (۵۴۵) مرتبہ پڑھے، رزق اس کا کشادہ ہو اور کوئی دشواری اور درماندگی نہ دیکھے۔

ملاقات خضر علیہ السلام

اگر ہزار بار تنہائی میں ''یَا رَزَّاقُ'' پڑھے تو ان شاء اللہ خضر علیہ السلام سے ملاقات حاصل ہو لیکن شرط ہے کہ روزی وجہ حلال سے پیدا کر کے کھائے۔

الفتّاح کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۴۸۹	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

دست غیب کا عمل

نیا چاند دیکھ کر بروز جمعرات دو سو روپے کا سرسوں کا تیل لے کر بعد نماز عشاء نہا دھو کر پاک وصاف کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر اور ایک نیا اور کورا چراغ (وہ مٹی کا دیا جو کمہار کی دوکان سے لیا گیا ہو لیکن اس کو پانی سے دھویا نہ گیا ہو بلکہ مٹی وغیرہ کو کپڑے سے صاف کیا گیا ہو، کورا چراغ کہلاتا ہے) لے کر روئی کی بتی بنا کر اس چراغ میں رکھ کر اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر چراغ جلائے۔ ایک پاک وصاف مصلے (نماز پڑھنے کی دری یا قالین) لے کر اس مصلّے کے چاروں کونوں کے نیچے ایک ایک ٹھیکری (پھوٹے ہوئے مٹکے، صراحی کے ٹکڑے) رکھ دے اور ایک ٹھیکری اپنے سامنے مصلّے کے نیچے سجدے کی جگہ رکھے۔ اس کے بعد سامنے مصلّے کے نیچے والی ٹھیکری سب سے پہلے نکال کر اس پر ''حضرت ابراہیم علیہ السلام'' لکھے۔ اس مصلّے کے سیدھی (دائیں طرف والی) طرف کونے کی ٹھیکری پر ''حضرت جبرائیل علیہ السلام'' لکھے۔ اس کے بعد مصلّے کے سامنے بائیں طرف کونے کی ٹھیکری پر ''حضرت میکائیل علیہ السلام'' لکھے۔ اس کے بعد پچھلے حصے کی بائیں جانب کونے کے نیچے کی ٹھیکری پر ''حضرت اسرافیل علیہ السلام'' لکھے۔ اس کے بعد مصلّے کے پچھلے حصے کے دائیں جانب کونے کے نیچے کی ٹھیکری پر ''حضرت عزرائیل علیہ السلام'' لکھے۔ اس کے بعد اوّل آخر تین تین بار درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

پڑھے۔ درمیان میں سات ہزار سات سو ستتر (۷۷۷۷) مرتبہ ''یَافَتَّاحُ'' پڑھے۔ یہ عمل مسلسل بلاناغہ اکیس (۲۱) دن پڑھے۔ اکیس دن کے بعد روزانہ سات سو (۷۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ جو نصیب میں ہوگا، مصلّے کے نیچے سے ملے گا اور آئندہ ملتا رہے گا۔ یہ راز ہے کسی پر ظاہر نہ کرے ورنہ آمد بند ہوجائے گی۔ دوسری بات گناہوں سے بچنا، جھوٹ، چغلی، غیبت، حرام مال کھانا یا یہ رقم حرام کام میں صرف کرنا یا بے جا خرچ کرنا، جھوٹ سے پرہیز کرنا ہے۔ ورنہ یہ فیض بند ہوجائے گا۔

لڑکیوں کی شادی کا پیغام آئے اور رکاوٹ دور ہو

جس لڑکی کی شادی کا پیغام نہ آتا ہو یا اس کی شادی میں رکاوٹ ہو تو اس کی شادی کے لیے تہجد کی نماز پڑھ کر دعا مانگے اور لڑکی کے دائیں بازو پر یہ تعویذ بندھوا دیں۔ تعویذ یہ ہے:

تعویذ کی چال یہ ہے

۱۳	۹	۵	۱
۳	۷	۱۱	۱۵
۱۰	۱۴	۲	۶
۸	۴	۱۶	۱۲

۷۸۶

ح	ا	ت	ف
ف	ت	ا	ح
ا	ح	ف	ت
ت	ف	ح	ا

اہم ضرورت پوری ہو

کوئی سخت ضرورت پیش ہو اور پریشانی کا عالم ہو تو اس صورت میں بعد نمازِ عشاء سو (۱۰۰) مرتبہ 'یَافَتَّاحُ یَافَتَّاحُ' پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرورت پوری ہوگی۔

دفع نسیان

اگر مرض نسیان ہو تو اس کے دفعیہ کے لیے ستر (۷۰) بار اس اسم پاک ''یَافَتَّاحُ'' کا پڑھنا سریع التاثیر ہے۔

العلیمُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۵۰	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

رزق کی زیادتی اور رزق میں برکت

بعض مرتبہ انسان تنگی رزق کا شکار ہو جاتا ہے۔ چاہے کتنا ہی کما لے لیکن قرض سے چھٹکارا نصیب نہیں ہوتا۔ طرح طرح کے تفکرات اس کو سنبھلنے نہیں دیتے۔ وہ جتنا کماتا ہے، اس سے زیادہ خرچ ہو جاتا ہے۔ اس کے لیے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔ مغرب کی نماز کے بعد باوضو ''یَاعَلِیْمُ'' دوسو بیالیس (۲۴۲) بار پڑھا کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی ضرور پڑھے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ رزق میں خوب برکت ہوگی اور روزی کے دروازے کھل جائیں گے۔

حفظ قرآن پاک مضبوط ہو

جو طالب علم قرآن مجید یاد کرنے کے دوران بھول جاتے ہو، وہ ''یَاعَلِیْمُ'' ایک سو پچاس (۱۵۰) بار بعد از نمازِ فجر پڑھ کر قلب پر دم کرلیا کرے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ حفظ مضبوط ہو جائے گا۔

ذہن کھل جائے

ہر نماز کے بعد ''یَاعَلِیْمُ'' اکیس (۲۱) بار پڑھ لیا کریں۔ ان شاءاللہ تعالیٰ ذہن کھل جائے گا۔

امتحان میں کامیابی ملے

روزانہ ''یَاعَلِیْمُ'' ڈیڑھ سو (۱۵۰) مرتبہ بعد نمازِ فجر پڑھ کر دعا کیا کریں۔ امتحان کے روز اس کی کثرت بلا تعداد رکھیں۔ ان شاءاللہ کامیابی ہوگی۔

امتحان میں سہولت اور آسانی ہو

کمرۂ امتحان میں سہولت اور آسانی اور یکسوئی کے لیے ''یَاعَلِیْمُ'' کثرت سے پڑھے، ان شاءاللہ تعالیٰ گھبراہٹ دور ہوگی۔

علم میں بے پناہ اضافہ

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک ''یَاعَلِیْمُ'' کو ہر فرض نماز کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) مرتبہ پڑھنے کی عادت ڈالے تو اللہ تعالیٰ اس کے علم میں بے پناہ اضافہ کر دیں گے اور علوم باطن منکشف ہوں گے۔

خواب میں نیک و بد کی رہنمائی

اگر کوئی شخص استخارہ کی نیت سے شب جمعہ میں عشاء کی نماز کے بعد دو نفلیں پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر سجدے میں جا کر ایک سو پچاس (۱۵۰) مرتبہ ''یَاعَلِیْمُ'' پڑھے۔ پھر کسی سے بات کئے بغیر سو جائے تو اسی رات پورا پورا حال اس پر منکشف ہوگا اور مقصد کے نیک و بد ہونے میں منجانب اللہ رہنمائی ہوگی۔

القابِضُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۹۰۳	عنصر: بادی	طبیعت: جلالی

بھوک سے محفوظ

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص چالیس (۴۰) دن تک چار نوالوں پر ''یا قابض'' لکھ کر کھائے گا، وہ ہمیشہ بھوک سے محفوظ رہے گا۔

جادو، جن، بھوت اور بددعا کا اثر نہ ہو

جو شخص صبح اور مغرب کی نماز کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ ''یا قابِضُ'' پڑھے گا، کوئی جادو اس پر اثر نہیں کرے گا اور کسی کی بددعا اس پر اثر انداز نہیں ہوگی اور کبھی جن اور بھوت کا اثر بھی اس پر نہیں ہوگا۔ ہر ایک قسم کی بالائی بلاؤں کو دفع کرنے میں یہ اسم دراصل اعظم کی حیثیت رکھتا ہے اور یہ اسم، عجیب التاثیر اسم ہے۔

دشمنوں کی مکاری اور ضرر رسانی سے حفاظت

اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو روزانہ ایک سو اسی (۱۸۰) مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے تو دشمنوں کی مکاری اور ضرر رسانی سے محفوظ رہے۔

بدکار عورت کی اصلاح

ایسی عورت جو بدچلن اور آوارہ ہو اور خاوند کے لیے دل آزاری کا سبب بنتی ہو۔ اس کی اصلاح کے لیے یہ عمل ہے کہ روزانہ بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کرے۔ لگاتار چالیس (۴۰) دن تک پلائیں۔ اگر نہ پلا سکیں تو عورت اور اس کی ماں کا نام لکھ کر اس پانی میں یہ پرچہ رکھ کر پانی کسی بہتے ہوئے پانی میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ وہ عورت بدکاری سے محفوظ ہو جائے گی۔

برائے حب

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی بیوی، بہن بھائی، والد، والدہ اس سے خوش ہو جائیں اور محبت کرنے لگیں تو چاہیے کہ اول اکیس (۲۱) بار درود شریف پڑھے۔ درمیان میں یہ الفاظ تین سو (۳۰۰) بار پڑھے:

يَا قَابِضُ اَقْبِضْ ثُمَّ قَبَضْنَاهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا

آخر میں اکیس (۲۱) مرتبہ درود شریف۔ اکتالیس (۴۱) روز پابندی سے عمل کرے۔ منہ مطلوب کے گھر کی طرف کرے یا گھر میں پڑھے تو متعلقہ شخص کا تصور کر کے پڑھے۔

تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لیے کرے۔ ناجائز مقصد میں کامیاب نہ ہوگا بلکہ نقصان اٹھائے گا۔

حمل گرنے سے محفوظ رہے

پیٹ پر یہ تعویذ باندھا جائے۔

یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض
اللہ الذی رفع السموات بغیر عمدٍ ترونہا		

تحفظ از سحر

اگر کوئی فجر و مغرب کی نماز کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ ''یَا قَابِضُ'' ہمیشہ پڑھے، کوئی جادو اس پر اثر انداز نہ کرے گا، اس کے لیے کسی کی بددعا مؤثر نہ ہوگی اور جن، بھوت اور آسیب کا اثر نہ ہو۔ ہر قسم کی مصیبت و بلا کو دفع کرنے کیلئے یہ نام اسم اعظم ہے اور نہایت عجیب الاثر ہے۔

''یَا قَابِضُ'' کا عامل بننے کا طریقہ

''یَا قَابِضُ'' کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ اس اسم مبارک کو گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھے اور لگاتار سو (۱۰۰) دن تک پڑھے۔ ان شاء اللہ عامل ہو جائے گا اور پھر اس اسم کے ہر عمل میں مکمل کامیابی ملے گی۔

تسہیل المشکلات

اس اسم پاک ''یَا قَابِضُ'' کا ورد کرنے سے مشکلات آسان ہوتی ہیں۔ قوت و ہیبت میں اضافہ ہوتا ہے۔

البَاسِطُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۷۲	عنصر: بادی	طبیعت: جمالی

کسی کا محتاج نہ ہو

اکابرین نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم مبارک کو بہتر (۷۲) مرتبہ پڑھ کر ہر فرض نماز کے بعد اپنے ہاتھوں کو اپنے چہرے پر مل لیا کرے تو وہ کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔

بد اخلاق خاوند کی اصلاح کرنا

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جس عورت کا خاوند بد اخلاق، آوارہ اور بدمزاج ہو۔ وہ عورت اگر تین سو (۳۰۰) مرتبہ ''یَا بَاسِطُ'' پڑھ کر پانی پر دم کر کے خاوند کو پلا دے یا کھانے کی کسی چیز میں ملا دے اور تین دن تک لگا تار اس عمل کو جاری رکھے تو شوہر کی بد اخلاقی اور آوارگی رفع ہوگی اور فوری طور پر اس میں کمی پیدا ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ۔

رزق کی فراخی کے لیے

رزق کی فراخی کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ سو (۱۱۰۰) بار ''یَا بَاسِطُ'' پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر رزق کی فراخی کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تھوڑے رزق میں برکت ہوگی اور رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ یہ عمل بعد نماز عشاء کرے۔

روزگار میں ترقی

اگر کوئی شخص روزگار کے سلسلہ میں پریشان ہو یا آمدنی میں کمی کی وجہ سے گزارہ مشکل ہوتا ہے تو اس کے لیے مندرجہ ذیل اسم ''یَا بَاسِطُ'' باوضو ایک ہزار اکیاسی (۱۰۸۱) بار بعد نماز عشاء روزانہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل بلاناغہ روزانہ وقت مقررہ پر پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بے روزگار ہے تو روزگار کا انتظام ہو جائے گا اور روزگار میں برکت اور ترقی چاہتا ہے تو وہ بھی حاصل ہوگی۔

برائے دردِ سر

''یَا بَاسِطُ'' مریض کی پریشانی پر انگلی سے بغیر روشنائی کے لکھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سر درد سے آرام ہوگا۔

برائے رزق و رجوعات مع الفتوحات

اول و آخر گیارہ (۱۱) گیارہ (۱۱) مرتبہ درود شریف درمیان میں سورۂ یٰسین پڑھے اور پہلے مبین پر پہنچ کر بہتر (۷۲) بار ''یَا بَاسِطُ'' پڑھے۔ پھر شروع سے پڑھے۔ دوسرے مبین پر پہنچے تو بہتر (۷۲) بار ''یَا بَاسِطُ'' پڑھے۔ اسی طرح سات مبین پر ہر بار ''یَا بَاسِطُ'' بہتر (۷۲) بار پڑھے۔ بلاناغہ یہ وظیفہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رزق وسیع ملے گا اور مخلوق خدا کا رجوع ہوگا۔

قرض سے نجات ملے

قرض سے نجات کے لیے ''یَا بَاسِطُ'' بہتر (۷۲) مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حسبِ وعدہ قرض ادا ہوگا۔

تنگیٔ معاش سے نجات

بعد از فجر اول آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کے گیارہ سو (۱۱۰۰) دفعہ ''یَا بَاسِطُ'' کا ورد کریں۔ اس عمل میں ناغہ نہ آنے دیں اور بعد از ذکر اپنی مشکل کے حل کے لیے اللہ سے دعا کریں۔

اللہ تعالیٰ روزی کے دروازے کھول دیں

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ ''یَا بَاسِطُ'' کا ایک خصوصی عمل دست غیب کے دروازے کھول دیتا ہے اور بارہا کا آزمودہ ہے۔

خاوند کی بد اخلاقی سے تحفظ

خاوند بد اخلاق و بدمزاج ہو تو عورت یہ اسم پاک ''یَا بَاسِطُ'' تین سو (۳۰۰) دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے یا کھلائے اور تین روز عمل کرے، وہ کبھی بد اخلاقی نہ کرے گا۔

الخافِضُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۴۸۱	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

دشمن پر فتح پانا

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص تین روزے رکھے اور چوتھے دن بعد نمازِ عشاء سات ہزار (۷۰۰۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھے تو دشمن پر فتح پائے۔

دشمن ذلیل وخوار کرنے کا خاص عمل

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ ''یَاخَافِضُ'' کو ایک ہزار چار سو اکیاسی (۱۴۸۱) مرتبہ چالیس دن تک کوئی پڑھے تو اس کا دشمن ذلیل وخوار ہوگا اور اس کو اپنے بُرے ارادوں میں ہرگز ہرگز کامیابی نصیب نہیں ہوگی۔

دشمن کو زیر کرنے کا عمل

بعد نمازِ عصر ''یَاخَافِضُ'' پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ دشمن پر غالب آئے گا۔ مجرب ہے۔

لڑکی کو بُرے آدمیوں سے بچانے کا دم

اگر کوئی بُرا آدمی کسی شریف لڑکی کے پیچھے پڑ جائے اور اس کی عزت کے درپے ہو تو ''یَاخَافِضُ'' کو لگاتار گیارہ (۱۱) دن تک سورج غروب ہونے سے کچھ دیر پہلے آٹھ ہزار آٹھ سو چھیاسی (۸۸۸۶) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ گیارہ (۱۱) دن کے اندر اندر اس کی خباثتوں سے نجات مل جائے گی۔

''یَاخَافِضُ'' کی زکوٰۃ ادا کرنا

زکوٰۃ ادا کرنے سے عمل میں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے بہت زیادہ تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ''یَاخَافِضُ'' کو روزانہ باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) بار پڑھیں اور بلاناغہ اکتالیس (۴۱) دن تک مسلسل پڑھیں۔ چلّہ پورا کرنے کے بعد اس اسم کو روزانہ باوضو ایک سو بار (۱۰۰) پڑھ لیا کریں تاکہ عمل قابو میں رہے۔

الرَّافِعُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۳۵۱	عنصر: بادی	طبیعت: جمالی

عظیم مرتبے کا حصول......دشمن کے خوف سے نجات

اگر کوئی شخص اس اسم کو روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھے تو عظیم مرتبہ حاصل ہو اور دشمنوں کا خوف دل سے نکل جائے۔

مخلوقِ خدا میں معزز بننا

جو چاہے کہ وہ مخلوقِ خدا میں معزز ہو، حتیٰ اس کی ولیوں میں گنی جائے، وہ تہجد کی پابندی کرے اور اس اسم پاک کو کلمہ ندا ''یا'' کے اضافے کے ساتھ خلوص نیت سے تین ہزار پانچ سو دس (۳۵۱۰) مرتبہ پڑھے۔ بہت جلد اپنا مرتبہ اپنی آنکھوں سے دیکھے۔

حصولِ مراد

جو شخص ۱۲، ۱۳، ۱۴ کے دن کو روزہ رکھے اور رات میں ستر ہزار (۷۰۰۰۰) بار تلاوتِ اسم کرے، وہ شخص حصول مراد کو پہنچے۔

رزق کی فراخی

اگر ہر قمری ماہ کی چودھویں شب میں آدھی رات کے وقت سو بار (۱۰۰) بار ''اَلرَّافِعُ'' کی تلاوت کی جائے۔ اللہ تعالیٰ اسے تونگری عطا فرمائیں اور مخلوق سے بے نیاز فرمائیں۔

خوفِ حاکم نہ رہے

اگر کوئی شخص کسی حاکم یا بڑے شخص کے سامنے جانے سے ڈرتا ہو وہ تین (۳) دن تک تین ہزار (۳۰۰۰) دفعہ ''یَارَافِعُ'' پڑھے اور پھر حاکم کے سامنے جائے۔ ان شاء اللہ حاکم عزت سے اور شفقت سے پیش آئے گا۔

اَلْمُعِزُّ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۱۷	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

عورت کی سسرال میں بہت عزت ہو

اگر کسی عورت کی، اس کی سسرال میں قدر نہ ہو اور بات بات پر اس کو ذلیل کیا جاتا ہو تو اس کو چاہیے کہ ایک گلاس پانی پر ''یَامُعِزُّ'' تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پی لے اور اس عمل کو لگاتار چالیس (۴۰) دن تک جاری رکھے۔ ان شاء اللہ، اس عمل کی برکت سے تمام خاندان کی نظروں میں وہ محبوب و مقبول ہو جائے گی۔ اور ہر فرد و بشر اس کی عزت کرنے پر مجبور ہوگا۔

المعز کے عامل بنیں

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس اسم مبارک کا عامل بن جائے تو وہ اس اسم کو تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھے اور چالیس دن کے بعد ایک سو سترہ (۱۱۷) مرتبہ روزانہ ہمیشہ پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی اور پھر اس اسم مبارک کا نقش جسے بھی دے گا، اس کو عزت و توقیر حاصل ہوگی۔

روزی بافراغت اور روزی میں برکت

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ بافراغت روزی ملتی رہے اور روزی میں خوب برکت ہو تو اس کے لیے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں گیارہ سو (۱۱۰۰) بار ''یَامُعِزُّ'' پڑھ کر بافراغت اور برکت والی روزی کی دعا کیا کرے۔ یہ عمل عشاء کی نماز کے بعد باوضو کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ فراغت اور برکت نصیب ہوگی۔

مخلوق میں معزز ہو

اگر کوئی شخص پیر یا جمعہ کے دن بعد نماز مغرب ایک سو چالیس (۱۴۰) بار ''یَامُعِزُّ'' پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت پیدا کر دے گا اور وہ لوگوں کی نظروں میں عزیز ہوگا۔

اَلْمُذِلُّ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۷۷۰	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

دشمنوں کے خوف سے نجات

اگر کسی شخص کو دشمنوں سے خوف ہو تو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر سلام پھیرنے کے بعد سجدے میں جا کر ''یَامُذِلُّ'' سات سو ستر (۷۷۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ اس کے دل سے دشمنوں کا خوف نکل جائے گا اور وہ امن و امان میں رہے گا۔

ظالم یا کافر کا غرور توڑنا

اگر کسی ظالم یا کافر کا غرور توڑنا ہو اور اس کو ذلیل و خوار کرنا ہو تو سات مرتبہ ''یَامُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ'' پڑھ کر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ''یَامُذِلُّ'' پڑھیں اور ظالم و کافر کی ذلت و خواری کی دعا کریں۔ اس عمل کو سات (۷) روز تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ وہ ظالم و کافر انسان ذلت و پسپائی سے ہمکنار ہوگا اور اس کا غرور ٹوٹ کر رہے گا۔ اپنے نفس کی آگ بجھانے کے لیے یہ عمل نہ کیا جائے۔

حاکم یا افسر کی زبان بند کرنے کا دم

اگر کوئی شخص کسی حاکم یا افسر سے پریشان ہو تو چالیس (۴۰) دن تک اس اسم مبارک کا ورد روزانہ چھ ہزار دو سو پچاس (۶۲۵۰) مرتبہ کرے۔ ان شاء اللہ افسر کی زبان بندی ہو جائے گی۔

نفسیاتی خواہشات کو کنٹرول کرنے کا دم

اگر کسی کو نفسانی خواہشات بہت زیادہ پریشان کرتی ہوں تو اس کو چاہیے کہ ایک گلاس پانی پر روزانہ سات سو ستر (۷۷۰) مرتبہ ''یَامُذِلُّ'' پڑھ کر دم کر کے پی لیا کرے۔ ان شاء اللہ خواہشات کنٹرول میں آ جائیں گی۔

السَّمِیعُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۸۰	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

دعا قبول ہوگی

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر جمعرات کے دن چاشت کے وقت کوئی شخص پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ ''اَلسَّمِیۡعُ'' پڑھ کر دعا کرے گا تو دعا ضرور قبول ہوگی۔

بہرا پن کو ختم کرنے کا دم

اگر کوئی شخص ہر فرض نماز کے بعد اس اسم مبارک ''یَاسَمِیۡعُ'' کو گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو تمام عمر بہرے پن کی بیماری سے محفوظ رہے گا۔

بواسیر کو ختم کرنے کا دم

اگر بواسیر کا مرض ختم نہ ہوتا ہو تو دوا پر بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر دم کر دیں۔ اس کے بعد دوا کا استعمال وقت مقررہ پر کرتے رہیں۔ ان شاء اللہ بواسیر ختم ہوگی۔

سماعت (اونچا سنائی دینا یا کم سنائی دینا) کا علاج

اگر کوئی شخص اپنی کمزور سماعت کے باعث پریشان ہو یا اسے اونچا سنائی دیتا ہو تو روغن بادام (بادام کے تیل) پر باوضو پانچ سو (۵۰۰) بار ''یَاسَمِیۡعُ'' پڑھ کر دم کریں۔ پڑھنے سے قبل بسم اللہ الرحمن الرحیم ایک مرتبہ ضرور پڑھ لیں۔ اور عمل پڑھنے کے بعد ایک بار صلی اللہ علیہ وسلم کہہ دیں۔ پھر تیل پر دم کر دیں اور اس تیل کو حفاظت سے رکھ لیں۔ اس تیل کا سوتے وقت، ایک ایک قطرہ دونوں کانوں میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہرے پن کی شکایت دور ہو جائے گی۔

ف: یہ بات یاد رکھیں کہ تیل ڈالنے سے قبل اسے ذرا سا گرم کر لیں اور نیم گرم ڈالیں۔

کان کے درد کا علاج

اگر کسی شخص کے کان میں اکثر درد رہتا ہو تو اس کے لیے باوضو اکیس (۲۱) مرتبہ ''یَاسَمِیۡعُ'' پڑھ کر مریض کے کان میں پھونک دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ درد ٹھیک ہو جائے گا۔

دعا کی قبولیت

جو شخص ہر نماز کے بعد ''یَاسَمِیۡعُ'' ایک سو اسی (۱۸۰) مرتبہ پڑھے، جو دعا مانگے وہ مقبول ہو۔

تسخیر خلائق

جس شخص کی خواہش ہو کہ وہ قابل عزت ہو وہ ''یَاسَمِیۡعُ'' کے نقش کو شرفِ قمر میں انگوٹھی میں کندہ کر کے پہنے۔ لوگ اس پر ہجوم کریں۔

قبولیت دعا

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد ''یَاسَمِیۡعُ'' پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھے اور وظیفہ کے دوران کوئی بات نہ کرے۔ وظیفہ کے اختتام پر جو دعا مانگے گا وہ ان شاء اللہ قبول ہوگی۔

کان کی تکلیف رفع ہو

اگر کسی شخص کے کان میں درد ہو یا کوئی پھنسی کان کے اندر پیدا ہوئی ہو جس سے تکلیف ہو تو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ''یَاسَمِیۡعُ'' پڑھے اور روئی پر دم کر کے کان میں رکھ لے۔

''یَاسَمِیۡعُ'' کا عامل بننے کے لیے

چالیس (۴۰) دن دس ہزار (۱۰۰۰۰) مرتبہ پڑھنے سے زکوٰۃ ادا ہوگی۔

ذاکر کی ہر دعا قبول ہو

اگر اس اسم پاک ''یَاسَمِیۡعُ'' کو اس کے اعداد ''۱۸۰'' کے مطابق روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھتا رہے تو اس کا ذاکر ہو جائے۔ جو دعا مانگے قبول ہو۔

البَصِیرُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۳۰۲	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

بینائی کی دولت سے محروم نہ ہو

ہر فرض نماز کے بعد ''یَا بَصِیرُ'' پڑھنے والا کبھی بینائی کی دولت سے محروم نہیں ہوتا۔

ناگہانی آفت سے حفاظت رہے

اگر عصر کی نماز کے بعد تینتیس (۳۳) مرتبہ اس اسم کا ورد کیا جائے تو ورد کرنے والا ناگہانی آفت سے محفوظ رہتا ہے۔

سفید موتیے سے حفاظت..... سفید موتیے کا آپریشن کامیاب

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص چالیس (۴۰) دن تک گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھنے کے بعد اس اسم کو ہمیشہ گیارہ (۱۱) مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے تو سفید موتیے کی بیماری سے محفوظ رہے۔

اگر سفید موتیا آنکھوں میں خدانخواستہ پیدا ہو جائے تو آپریشن سے پہلے بکثرت ''یَا بَصِیرُ'' پڑھنے سے آپریشن کامیاب ہو جاتا ہے اور سفید موتیے سے نجات مل جاتی ہے۔

آنکھوں کی بینائی تیز ہو اور قائم رہے

اگر کسی کو آنکھوں سے کم دکھائی دیتا ہو یا آنکھوں کی بینائی کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو بعد نماز عشاء باوضو تین بار ''یَا بَصِیرُ'' پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی انگلیوں پر دم کر کے انہیں اپنی آنکھوں پر پھیر لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بینائی تیز ہو جائے گی اور قائم رہے گی۔ یہ عمل ناغہ کر کے کرنا یا چھوڑ دینا نہیں ہے بلکہ ہمیشہ کرتا رہے تب ہی فائدہ ہوگا۔

نظر کی کمزوری سے محفوظ رہنا

جو شخص کتاب پڑھنے سے پہلے پانچ (۵) مرتبہ ''یَا بَصِیرُ'' پڑھ کر شروع کرے، اس کی نظر نہ کمزور ہو۔

ناگہانی موت سے تحفظ

اگر کوئی اس اسم پاک ''یَا بَصِیرُ'' کو نماز عصر کے بعد سات مرتبہ پڑھے گا، اس رات دن میں ان شاء اللہ ناگہانی موت سے محفوظ رہے گا اور عصر کے بعد ہمیشہ پڑھنے والا شخص ساری عمر آفت اور ناگہانی موت سے بچا رہے گا۔

اللہ کی عنایات

جو کوئی اس اسم پاک ''یَا بَصِیرُ'' کو نماز فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے پورے اعتقاد سے تین سو دو (۳۰۲) مرتبہ پڑھے گا اور اس پر ہمیشہ کاربند رہے گا، اللہ تعالیٰ کی خاص عنایت اس پر رہے گی۔ اور دونوں جہانوں میں اس کی مرادیں پوری ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ اس کے دل کو ہدایت سے منور فرمائیں گے۔

بینائی تیز ہو

جو شخص نماز جمعہ کے بعد اس اسم ''یَا بَصِیرُ'' کو سو (۱۰۰) بار پڑھے گا، نگاہوں میں روشنی پیدا ہو اور نیک اعمال کی توفیق ہو۔

آنکھوں سے پانی بہنا

جس شخص کی آنکھوں میں پانی اترنا شروع ہو جائے اور آئندہ کے لئے حالت خطرناک معلوم ہوتی ہو، وہ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار اسم مبارک ''یَا بَصِیرُ'' پڑھے اور اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چند دنوں میں آنکھوں میں پانی اترنا بند ہو کر شفا حاصل ہو گی لیکن ایسے شخص کو لازم ہے کہ اس عمل کو ہمیشہ کرتا رہے۔

''یَا بَصِیرُ'' کا عامل بنیں

اس اسم مبارک کا عامل بننے کے لیے چالیس (۴۰) دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کریں اور اکتالیسویں دن بچوں میں شیرینی تقسیم کریں۔ اس کے بعد آپ جس عمل کے لیے ''یَا بَصِیرُ'' کا استعمال کریں گے، کامیابی ملے گی۔

الحکم کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۶۸	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

عقل و ذہانت میں اضافہ

اسم پاک ''یَا حَکَمُ'' کو ہر نماز کے بعد ایک سو اڑسٹھ (۱۶۸) مرتبہ پڑھنا، عقل و ذہانت میں اضافہ کرتا ہے۔

حصولِ عزت

''یَا حَکَمُ'' جو شخص اس کو زعفران اور گلاب سے لکھ کر شرف قمر میں پئے اور پاس رکھے، اس کی عزت میں اضافہ ہو۔ گفتگو میں ایسی متانت اور شیرینی پیدا ہو کہ ایک عالم اس کا اسیر ہو جائے۔

محتاج نہ ہو

جو شخص نماز پنجگانہ کے بعد اس نام کو اسی (۸۰) دفعہ پڑھے گا۔ کبھی محتاج نہ ہوگا۔

باطن روشن ہو

جو کوئی اس اسم ''یَا حَکَمُ'' کو ٹھیک نصف شب کے وقت باوضو بیٹھ کر پڑھنا شروع کرے اور اس طرح پڑھے کہ پڑھتے پڑھتے بے ہوش ہو جائے۔ حق تعالیٰ اس کا باطن روشن فرمائے گا۔

دل کو محل اسرار و انوار بنا دے

جو کوئی شخص اخیر شب میں باوضو ہو کر ننانوے (۹۹) مرتبہ ''یَا حَکَمُ'' پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کے دل کو محل اسرار و انوار بنا دے گا۔ ان شاء اللہ

''یَا حَکَمُ'' کا عامل بننے کا طریقہ

اس اسم مبارک ''یَا حَکَمُ'' کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے۔ ڈھائی ہزار (۲۵۰۰) مرتبہ پڑھے اور لگاتار چالیس (۴۰) دن تک پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عامل بن جائے گا۔

العدل کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۰۴	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

نورانی صفات پیدا ہوں

جو شخص ہر شب جمعہ اکیس (۲۱) ٹکڑے روٹی پر ''یَا عَدَلُ'' لکھ کر کھائے، اس کے اندر نورانی صفات پیدا ہوں۔

دشمن ذلیل ہوں...... آسیب اور بلاؤں سے حفاظت

جو شخص صبح بعد نمازِ فجر، بنا گفتگو کیے، اس اسم ''یَا عَدَلُ'' کو دو ہزار تین سو ساٹھ (۲۳۶۰) مرتبہ پڑھے۔ دشمن اس کے ذلیل ہو، شر اس سے پناہ مانگے، آسیب اور بھوت اس کے قریب نہ آئیں۔ گھر میں بلائیں داخل نہ ہوں۔

ناانصافی کا خوف

جس شخص کو مقدمے میں حاکم یا منصف کی طرف سے ظلم یا ناانصافی کا اندیشہ ہو، وہ مقدمے کے دوران ہر روز تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ اسم مبارک ''یَا عَدَلُ'' پڑھ کر حاکم یا منصف کی طرف خیال کر کے دم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی اور فیصلہ درست اور اس کے حق میں ہوگا۔

آسمانی بلاؤں سے حفاظت

جو کوئی مغرب کی نماز کے بعد اسم مبارک ''یَا عَدَلُ'' ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی آسمانی آفات سے محفوظ رہے گا۔

''یَا عَدَلُ'' کا عامل بننے کے لیے

اگر کوئی اس اسم مبارک ''یَا عَدَلُ'' کا عامل بننا چاہے تو روزانہ گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ سو (۱۰۰) دن تک پڑھے۔ العدل کا عامل خود بھی انصاف پسند ہوتا ہے اور یہ جس ظالم کے خلاف کوئی بھی اقدام کرے گا۔ اللہ کے فضل سے اسے زبردست کامیابی ملے گی۔

الُلَّطِیفُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۲۹	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

تمام مشکلات کا حل

تمام مشکلات کے حل کے لیے اسم ''یَالَطِیفُ'' بعد نماز عشاء گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ پڑھے، اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اور پھر دعا کرے۔

کنواری لڑکی کی شادی

جس شخص کی کنواری لڑکی ہو اور کوئی شخص پیغام نہ دیتا ہو اور نہ کوئی رشتہ آتا ہو تو تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز نفل ادا کرے پھر ایک سو (۱۰۰) بار لڑکی کی شادی کی نیت سے ''یَالَطِیفُ'' پڑھے۔ چالیس (۴۰) دن یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عمل کے دوران ہی مناسب رشتہ آجائے گا۔

ہمزاد کو تابع کرنا

نہا دھو کر پاک وصاف کپڑے پہن کر، عطر لگا کر ایک کمرہ جس میں کوئی دوسرا موجود نہ ہو اور اس کمرہ کو دن کے وقت پانی سے دھو کر پاک کر لیا گیا ہو، اس میں دروازہ بند کر کے پاک مصلّے پر بیٹھے اور آیۃ الکرسی گیارہ (۱۱) بار پڑھ کر ایک چھری پر دم کر کے اور چھری سے اپنے مصلّے کے چاروں طرف گول دائرہ کھینچ لے۔ اس کے بعد اس طرح بیٹھے کہ سامنے کی دیوار پر نظر پڑے اور سرسوں کا تیل ڈال کر مٹی کا چراغ روئی کی بتی بنا کر روشن کر لے اور پیٹھ کے پیچھے اس چراغ کو رکھ لے۔ اور سایہ پر (جو دیوار پر بنا ہے) سینہ پر یا اس سے اوپر ایک جگہ جمائے اور سانس روک روک کر اسم الٰہی ''یَالَطِیفُ'' ایک ہزار چار سو چوبیس (۱۴۲۴) مرتبہ پڑھے۔ اس عمل کے دوران اول و آخر درود شریف (نماز میں جو درود شریف پڑھا جاتا ہے) گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ اور نظر میں ''یَالَطِیفُ'' کا تصور کرے کہ سامنے ''یَالَطِیفُ'' لکھا ہے اور سانس روک روک کر پڑھے۔ مثلاً سانس روکا اور جلدی جلدی ''یَالَطِیفُ یَالَطِیفُ'' پڑھ لیا۔ اور عمل پڑھنے کے بعد دعا کرے کہ ''اے اللہ! اس اسم اعظم کے تصور کے ذریعہ سے میرے ہمزاد کو تابع و فرمانبردار کر دے۔ آمین''۔

تیسرے ہفتہ میں ہمزاد متحرک ہوگا (یعنی ادھر ادھر چلتا پھرتا محسوس ہو گا)۔ چوتھے ہفتہ میں بات چیت کرے گا اور کام کو دریافت کرے گا۔ اس وقت اس سے کہا جائے کہ ''پہلے تو مسلمان ہو جا۔ اس وقت کام بتلاؤں گا''۔ وہ غائب ہو جائے گا۔ پھر ایک ہفتہ بعد حاضر ہوگا۔ جس قدر زیادہ دیر سانس روکا جائے گا، اسی قدر جلد کام ہوگا۔ اس کے بعد وہ مسلمان ہو جائے گا۔ اس وقت جب وہ کام معلوم کرے تو اس سے پانچ سو (۵۰۰) روپے روزانہ کا وعدہ کر لینا۔ آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اللہ کے نام پر خیرات کر دے اور آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اپنے خرچ میں لے آئے۔ جس قدر حبس دم (سانس روک کر پڑھو گے) کرو گے اور تصور سایہ زیادہ ہوگا، جلد مطیع ہوگا۔ اس عمل میں کسی قسم کا خوف نہ کرے اور یہ تصور کرے کہ اللہ تعالیٰ کے عرش کے نیچے بیٹھا ہوں۔ پڑھنے کے دوران حصار سے باہر نہ نکلے۔ پڑھنے کے دوران بالکل بات نہ کرے، عمل ختم کرنے کے بعد کرے۔ ہمزاد ایک دم پچاس ہزار روپیہ لے کر آزاد کر سکتے ہو مگر قول و قرار نہایت احتیاط سے کرے۔ جب ضرورت ہو، بلاوے یا روپیہ لے کر آزاد کر دے۔ یہ بھی دریافت کرے کہ ''اگر ہم کسی وقت آزاد کرنا چاہیں تو کس طرح پر ہوگا؟''۔

عورتوں کا نصیب کھلنے اور شادی کے لیے عمل

نمازِ عشاء کے بعد ''یَالَطِیفُ'' گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) بار پڑھے۔ اوّل و آخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ بار۔ پھر سجدہ میں جا کر دعا مانگیں۔ گیارہ روز یہ عمل کرے۔ باقی ہر نماز کے بعد اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا دس (۱۰) مرتبہ پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف دس بار۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، کامیابی حاصل ہوگی۔

اَلْخَبِیْرُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۸۱۲	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

علم میں بے پناہ اضافہ

اسم مبارک ''اَلْخَبِیْرُ'' کو ساعتِ عطارد میں جب کہ عطارد در شرف ہو، آٹھ ہزار ایک سو بیس (۸۱۲۰) مرتبہ پڑھ کر اس کو اپنی انگوٹھی میں نقش کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کے علم اور فضل میں بے پناہ اضافہ کرے۔

امورِ پوشیدہ سے مطلع ہو

جو شخص اسم ''اَلْخَبِیْرُ'' کو بہ خلوص نیت آٹھ سو بارہ (۸۱۲) مرتبہ بعد نمازِ عشاء ہمیشہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو خواب میں امورِ پوشیدہ سے مطلع کرے۔ جو چاہے معلوم کرے۔

اچھا برا معلوم کرنا ہو

اگر کسی کے گھر یا کہیں سے نکاح کا پیغام آیا ہو اور اس کے اچھے برے کی معلومات کرنی ہوں تو والدین میں سے کوئی سات دن تک تنہائی میں بیٹھ کر روزانہ تین ہزار دو سو اڑتالیس (۳۲۴۸) مرتبہ ''اَلْخَبِیْرُ'' پڑھے اور بغیر کسی سے بات کئے ہوئے سو جائے۔ اور سوتے وقت مقصد کا خیال دل میں رکھے۔ ان شاء اللہ ۳ راتوں میں اللہ تعالیٰ کی مرضی معلوم ہو جائے گی۔

اسرار مخفیہ ظاہر ہوں

اس اسم پاک ''اَلْخَبِیْرُ'' کو سات روز تک بکثرت پڑھنے سے اسرار مخفیہ ظاہر ہونے لگتے ہیں۔

''اَلْخَبِیْرُ'' کا عامل بننے کے لیے

اس اسم مبارک ''اَلْخَبِیْرُ'' کا عامل بننے کے لیے بارہ ہزار نو سو بانوے (۱۲۹۹۲) مرتبہ اس اسم کو روزانہ پڑھنا چاہیے۔ چالیس (۴۰) دن میں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

اَلْحَلِیْمُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۸۸	عنصر: آبی	طبیعت: جمالی

حال مثل بزرگ سنور جائے

جو شخص بد اطوار ہو اور اپنے حال کو ٹھیک کرنا چاہے، اس کو شرف قمر میں ''یَا حَلِیْمُ'' لکھ کر سیدھے بازو میں باندھے اور ایک پیالے میں اسم مبارک کو بہ تعداد ملفوظی ایک سو اٹھاسی (۱۸۸) مرتبہ کندہ کرائے اور اس میں کھائے پیئے۔ اللہ تعالیٰ اس کا حال مثل بزرگ سنوارے۔ صاحب عزت اور وقار ہو۔

کھیتوں میں برکت ہو اور کیڑا نہ لگے

جو کاشتکار ''یَا حَلِیْمُ'' کو لکھ کر ایسی جگہ پانی میں ڈالے جہاں سے سارے کھیت کو پانی ملے تو فصل میں برکت ہو اور وہ کیڑا لگنے سے محفوظ رہے۔

بچہ با آسانی پیدا ہو

''یَا حَلِیْمُ'' حاملہ کو لکھ کر پلائے، زچگی کے دور میں تکلیف کم ہو جائے اور بچہ با آسانی پیدا ہو۔

کاروبار میں برکت کے لیے

اگر اس اسم مبارک کو کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر اپنے پیشہ کے آلات و اوزار پر ملے یا چھڑک دے تو اس پیشہ میں برکت ہو گی۔

''یَا حَلِیْمُ'' کا عامل بننے کے لیے

جو شخص ''یَا حَلِیْمُ'' کا عامل بننا چاہے تو اس اسم مبارک کو چالیس دن میں پانچ لاکھ مرتبہ پڑھے۔ ایک دن کی تعداد ہو گی بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ۔ پرہیز کچھ نہیں۔ صرف خلوت میں بیٹھ کر پڑھنا شرط ہے۔ تعداد پوری ہو جانے پر عامل بن جائے گا اور بے پناہ فوائد کا ظہور ہو گا۔

اَلْعَظِیْمُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۰۲۰	عنصر: آبی	طبیعت: مشترک

عروج حاصل ہو

جو شرفِ قمر میں ''یَا عَظِیْمُ'' کو ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے لکھے اور اپنے پاس رکھے، اللہ تعالیٰ اس کو عروج سے ہم کنار کرے۔

لوگ تعظیم کریں

''یَا عَظِیْمُ'' کے ذاکر کی جس پر نظر پڑ جائے، وہ بے ساختہ تعظیم کے لیے کھڑا ہو جائے۔

پیٹ میں درد

اگر کسی شخص کے پیٹ میں درد ہو تو سات (۷) مرتبہ اسم مبارک ''یَا عَظِیْمُ'' کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے فوراً آرام ہو گا۔

دوست و دشمن کی نظر میں عزیز

جو شخص اس نام کو ایک ہزار گیارہ (۱۰۱۱) دفعہ ہر روز پڑھے گا، دوست دشمن سب کی نظر میں عزیز اور قابل تعظیم سمجھا جائے گا، مخالفت یا موافقت کرنے والے جس کے سامنے جائے گا، وہی محبت اور شفقت سے پیش آئے گا۔ ساری عمر اقبال زیادہ ہی ہوتا جائے گا۔

''یَا عَظِیْمُ'' کا عامل بننے کے لیے

''یَا عَظِیْمُ'' کا عامل بننے کیلئے بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ روزانہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھیں۔ اس چلّے کے بعد اس اسم مبارک کا تعویذ عامل ضرور تمندوں کو دے سکتا ہے۔ ان شاء اللہ، فوری فائدہ ہو گا۔

اچھے کالج میں داخلہ مل جائے

''یَا عَظِیْمُ'' ہر جمعرات کو بعد نماز عشاء، ایک ہزار بیس (۱۰۲۰) بار پڑھ لیا کریں۔ اول و آخر سات بار درود شریف ضرور پڑھیں۔

اَلْغَفُوْرُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۲۸۶	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

بخار سر درد کے لیے

اگر کسی شخص کو بخار آتا ہو اور سر میں درد ہوتا ہو تو وہ اسم مبارک ''یَا غَفُوْرُ'' کو تین (۳) مرتبہ کاغذ پر لکھ کر اس کی گیلی سیاہی پر روٹی کا ٹکڑا لگا کر وہ نقش روٹی میں جذب کر لے اور روٹی کے اس ٹکڑے کو کھا لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تین روز میں بخار جاتا رہے گا اور سر کا درد فوراً دور ہو گا۔

رسوائی سے بچنے کے لیے

اگر بات کے ظاہر ہو جانے میں رسوائی کا اندیشہ ہو تو ''یَا غَفُوْرُ'' کو ایک سو بیس (۱۲۰) مرتبہ پڑھ کر کسی کالے رنگ کے پتھر پر دم کر کے کسی کنوئیں میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رسوائی سے محفوظ رہیں گے اور بات کا چرچا نہیں ہو گا۔

دل کی سیاہی دور ہو

جو شخص اس اسم مبارک ''یَا غَفُوْرُ'' کو ہر فرض نماز کے بعد اکہتر (۷۱) مرتبہ پڑھے گا۔ حق تعالیٰ اس کے دل کی سیاہی کو دور کر دیں گے اور اس کے باطن کو روشن کر دیں گے۔

کاروبار بند ہو گیا ہو

اگر کوئی شخص مالی تنگی میں مبتلا ہو گیا ہو یا کسی شخص کا چلتا چلاتا کاروبار اچانک بند ہو گیا ہو۔ یہ بند ہو جانا کسی گردش کی وجہ سے ہو یا کسی بندش کی وجہ سے اس اسم مبارک ''یَا غَفُوْرُ'' کو تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ چالیس (۴۰) روز تک پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، مالی تنگی سے نجات ملے گی۔ اور کاروبار کی رکاوٹیں بفضل خداوندی ختم ہو جائیں گی۔ کاروبار میں ترقی ہونا شروع ہو جائے گی۔

اَلشَّکُوْرُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۵۲۶	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

آشوب چشم کے مرض سے حفاظت

جو شخص آشوب چشم یا آنکھ کے دیگر کسی مرض میں مبتلا ہو، چلّو میں پانی بھر کے ''یَا شَکُوْرُ'' تیرہ (۱۳) مرتبہ دم کر کے آنکھوں کو اس میں ڈبوئے۔ اللہ تعالیٰ اس کو امراض چشم سے محفوظ رکھے۔

بصارت ٹھیک ہو

اگر آنکھوں کی روشنی کم ہوجائے یا بصارت ختم ہوجائے تو اس اسم پاک ''یَا شَکُوْرُ'' کو ۴۱ بار پڑھ کر اپنے ہاتھوں میں پانی لے کر دم کر کے منہ پر ڈالے اور آنکھوں پر ملے، اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں کی روشنی واپس لوٹا دیں۔

گھریلو پریشانیوں سے تنگ

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص گھریلو پریشانیوں سے تنگ آ گیا ہو اور ہر وقت اس کا دل پریشان اور اداس رہتا ہو تو اس اسم مبارک ''یَاشَکُوْرُ'' کو چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کرے اس کی پریشانی دور ہوگی اور دل کو ایک قسم کا سکون حاصل ہوگا۔

غربت اور قرض سے نجات

اگر کوئی حد سے زیادہ غریب ہو یا غیر معمولی طور پر مقروض ہو تو اس اسم مبارک ''یَا شَکُوْرُ'' کو روزانہ پانچ ہزار (۵۰۰۰) مرتبہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھے۔ ان شاء اللہ، غربت ختم ہوگی، غیب سے کوئی مدد ہوگی اور قرض ادا ہوگا۔

دنیوی عزت کا خواہش مند

اگر کوئی دنیوی عزت کا خواہش مند ہو تو ایک سو بیس دن تک روزانہ تین ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے اور پھر کرشمہ خداوندی دیکھئے۔

اَلْعَلِیُّ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۱۰	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

دلوں میں عظمت اور ہیبت قائم ہو

''اَلْعَلِیُّ'' کو جو شخص کسی سعد ستارے کے شرف میں سونے کی انگوٹھی پہ نقش کر کے پہنے اور اس کو پڑھے، اللہ اس کی ہیبت اور عظمت دلوں پر نقش کر دے۔ لازمی ہے کہ اس کو عود اور عنبر کی دھونی دے کر پہنے۔

نکاح کا پیغام آئے

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اس کو سونے کی انگوٹھی میں اس کا نقش شرف قمر میں تیار کرا کر پہنائے تو حسب مرتبہ نکاح کا پیام آئے۔

عوام میں مقبولیت قائم رہے

جس لیڈر کی عوام، اس کی گرفت سے نکل جاتے ہوں، وہ اس کا نقش سعد ستارے میں تیار کر کے پاس رکھے تو عوام اس کے حلقۂ اثر سے باہر نہ جائے۔

نافرمان بیوی

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جس شخص کی بیوی نافرمان ہو تو اس کو چاہیے اکیس (۲۱) دن تک روزانہ گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ اس اسم مبارک ''اَلْعَلِیُّ'' کا ورد کر کے دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بیوی مطیع ہوجائے گی۔

درد کو آرام

اگر کسی جگہ درد ہو تو ''اَلْعَلِیُّ'' تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھ کر وہاں دم کر دے تو درد اسی وقت موقوف ہوگا۔

''اَلْعَلِیُّ'' کا عامل بننے کے لیے

اس کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ اس اسم مبارک ''اَلْعَلِیُّ'' کا ورد لگاتار ایک سو دس (۱۱۰) دن تک کریں۔ اور اس دوران ترک جلالی کریں، مچھلی، گوشت، انڈے سے مکمل پرہیز کریں۔

الکَبِیْرُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۲۳۲	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

تسخیر خلق

''یَا کَبِیْرُ''، تسخیر خلق کے لیے شب کو دو ہزار تین سو بیس (۲۳۲۰) مرتبہ پڑھنا نہایت مفید ہے۔

عالی مرتبت

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اسم مبارک ''یَا کَبِیْرُ'' کو روزانہ دو سو بتیس (۲۳۲) مرتبہ پڑھے گا، وہ عالی مرتبت ہو جائے گا۔

رعب و دبدبہ قائم رکھنا

اگر کوئی صاحب اقتدار شخص اس کو دو سو بتیس (۲۳۲) مرتبہ ''یَا کَبِیْرُ'' کو پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کا رعب اور دبدبہ بڑھتا چلا جائے اور اس کی عزت و عظمت کبھی کم نہ ہو۔

بیماری سے نجات

اگر کوئی بیمار شخص روزانہ نوے (۹۰) مرتبہ ''یَا کَبِیْرُ'' پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے تو بہت جلد صحت یاب ہو جائے۔

والدین، بہن بھائی یا بیوی گھر چھوڑ کر چلے گئے

اگر کسی کے رشتے دار یعنی والدین، بہن، بھائی یا بیوی بچے کسی ناراضگی کی بنا پر یا کسی اور وجہ سے جدا ہو گئے ہوں یا کسی کی بیوی اپنے شوہر سے ناراض ہو کر چلی گئی ہو اور واپس آنے کا نام نہ لیتی ہو تو اس کو چاہیے کہ ''یَا کَبِیْرُ'' روزانہ چودہ ہزار آٹھ سو اڑتالیس (۱۴۸۴۸) مرتبہ لگاتار گیارہ (۱۱) روز تک پڑھے۔ ان شاء اللہ، ناراضگی ختم ہو گی اور روٹھے ہوئے لوگ مان جائیں گے اور واپس آجائیں گے۔

الحفیظ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۹۹۸	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

سفر میں کامیابی اور حفاظت

اگر کوئی شخص تذبذب کا شکار ہو کہ یہ سفر کامیاب ہوتا ہے یا ناکام رہتا ہے تو اس کے لیے سفر میں جانے سے قبل باوضو ایک ہزار (۱۰۰۰) بار ''یَاحَفِیْظُ'' پڑھ کر گھر سے روانہ ہو تو ان شاء اللہ تعالیٰ سفر میں ہر قسم کے حادثات سے حفاظت رہے اور سفر ہر طرح کامیاب رہے گا۔

مقدمہ میں کامیابی

بعض لوگ اپنی غلطی سے یا بعض مرتبہ دشمنوں اور حاسدوں کی چال کے سبب مقدمات میں الجھ جاتے ہیں اور عدالت کے چکر لگا لگا کر وقت اور رقم، دونوں برباد کر دیتے ہیں لیکن مقدمہ میں جگہ جگہ ناکامی ہوتی ہے۔ مقدمہ میں کامیابی کے لیے گھر کے سب افراد مرد و عورت کثرت سے ''یَاحَفِیْظُ'' پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مقدمہ میں کامیابی ہوگی۔

ہچکی کا علاج

بعض مرتبہ ہچکیاں اس قدر آتی ہیں کہ آدمی کے سینے میں درد ہونے لگتا ہے اور وہ حد سے زیادہ پریشان ہو جاتا ہے۔ ہچکی بند کرنے کے لیے ایک گلاس پانی تین سانس میں پئیں اور ہر سانس میں سات مرتبہ ''یَاحَفِیْظُ'' پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہچکی آنا بند ہو جائے گی۔

ہر قسم کی الجھن سے نجات

اگر کوئی شخص کسی الجھن میں گرفتار ہو جائے اور الجھن کی وجہ سے دل کا سکون، چین آرام اور رات کی نیند ختم ہو جائے تو اس کے لیے ایک تسبیح (ایک سو بار) یا دو تسبیح (دو سو بار) یا تین تسبیح (تین سو بار) ''یَاحَفِیْظُ'' پڑھے۔ اوّل آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی ہر قسم کی الجھن دور ہو گی اور سکون قلبی حاصل ہو گا۔ ہر قسم کی پریشانی سے نجات ملے گی۔ بعض مرتبہ بلا سبب بھی الجھن پیدا ہو جاتی ہے، دل بے چین ہو جاتا ہے، بلا وجہ گھبراہٹ ہو جاتی ہے۔ اس کا بھی یہی علاج ہے۔

خونی دست کا روحانی علاج

خونی دست کے ازالہ کے لیے اسم باری تعالیٰ ''یَاحَفِیْظُ'' تین سو (۳۰۰) بار پانی پر دم کر کے پلانا مفید ہے۔

بچوں کی برے اثرات سے حفاظت

چھوٹے بچوں کو برے اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے ''یَاحَفِیْظُ'' کا نقش بنا کر گلے میں ڈالنے سے بچے آسیب سے محفوظ رہتے ہیں۔

تمام آفات سے حفاظت

اگر کوئی شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ ''یَاحَفِیْظُ'' پڑھنے کا معمول بنائے تو وہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

المُقِیتُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۵۵۰	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

بڑھاپے میں ہذیان کا مرض

بڑھاپے میں بعض لوگوں کا دماغی توازن بگڑ جاتا ہے جس کے سبب وہ ہر وقت اُول فول بکتے رہتے ہیں۔ بعض مرتبہ گالیاں بکنا شروع کر دیتے ہیں۔ اس کا آسان علاج یہ ہے کہ رات کو جب مریض سو جائے تو باوضو پانچ سو (۵۰۰) بار ''یَا مُقِیتُ'' پڑھ کر مریض پر دم کریں اور ایک گلاس پانی پر باوضو ایک سو (۱۰۰) بار یہ کلمات پڑھ کر دم کرے اور مریض کو پلائے۔ ان شاء اللہ مریض کی ہذیانی کیفیت ختم ہو جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمِ

روزی کے دروازے کھل جائیں

اگر کوئی شخص روزانہ ایک سو اسی (۱۸۰) مرتبہ ''یَا مُقِیتُ'' کا ورد کرے تو اس پر روزی کے دروازے کھل جائیں اور تنگدستی رفع ہو جائے۔ پابندی سے عمل کو جاری رکھا جائے۔

بچہ بدزبان یا ضدی ہو

اگر کوئی بچہ بدزبان ہو، یا کوئی بچہ بات بات پر ضد کرتا ہو تو مٹی کے خالی آبخورے پر سات (۷) مرتبہ ''یَا مُقِیتُ'' پڑھ کر دم کر دیں۔ پھر پانی ڈال کر بچے کو پلائیں۔ اس عمل کو لگاتار سات (۷) دن تک کریں۔ ان شاء اللہ اس کی بدزبانی اور ضد ختم ہو جائے گی۔

''یَا مُقِیتُ'' کا عامل بننے کے لیے

اگر کوئی شخص باضابطہ اس اسم الٰہی کا عامل بننا چاہے تو روزانہ آٹھ ہزار آٹھ سو (۸۸۰۰) مرتبہ اس اسم الٰہی ''یَا مُقِیتُ'' کا ورد کرے، چالیس (۴۰) دن تک پرہیز کچھ نہیں۔

الحَسِیبُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد ۸۰	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

بدکار مرد یا عورت کو راہ راست پر لانا

جس عورت کا خاوند بدکار ہو، جس کی عورت اپنے اعمال سے رسوائی کا سبب رہی تو وہ اس عمل سے کام لے۔ بدھ، جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے اور ہر نماز کے بعد ایک سو تر تالیس (۱۴۳) مرتبہ حسبی اللّٰہ کہہ کر اللہ سے دعا کرے اور پانی دم کر کے پلائے۔ اللہ کے کرم سے اس کے افعال درست ہوں گے۔

بچے فرمانبردار ہوں......سوتے میں نہ ڈریں

جس کے بچے شریر ہوں یا تعلیم سے بے رغبت ہوں یا سوتے میں ڈرتے ہوں یا نظرِ بد کا شکار ہو کر بیمار ہو جانے والے کے لیے کسی اسٹیل کے پیالے میں اسم شریف ''یَا حَسِیبُ'' ایک سو تر تالیس (۱۴۳) مرتبہ کندہ کرائے اور اس میں کھلائے پلائے تو بچے نیک اطوار اور فرماں بردار ہو جائیں۔ سوتے میں ڈرنا موقوف ہو۔

امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی حاصل ہو

امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی کے لیے روزانہ عشاء کی نماز کے بعد باوضو ایک سو بار ''یَا حَسِیبُ'' پڑھیں۔ اول و آخر تین بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ ان شاء اللہ امتحان میں اچھے نمبروں میں کامیابی حاصل ہو گی۔ شرط یہ ہے کہ عمل مسلسل بلا ناغہ کیا جائے اور نماز کی پابندی کی جائے۔

''یَا حَسِیبُ'' کا عامل بننے کے لیے

''یَا حَسِیبُ'' کا عامل بننے کے لئے اس اسم الٰہی کو چالیس (۴۰) دن تک بارہ ہزار آٹھ سو مرتبہ روزانہ پڑھنا چاہیے بہ نیت زکوٰۃ۔ اس کے بعد ایک تسبیح اس کی زندگی بھر پڑھتے رہیں تا کہ زکوٰۃ کا اثر باقی رہے۔

الجلیل کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۷۳	عنصر: آتش	طبیعت: جلالی

کسی خاص شخص سے حاجت پوری کرانا

جو شخص کسی سے کوئی حاجت رکھتا ہو، اس اسم ''یا جلیل'' کو بارہ سو چھ (۱۲۰۶) مرتبہ پڑھ کر اس کے پاس جائے اور اس سے اپنی حاجت بیان کرے۔ وہ اس اسم کی برکت سے حاجت پوری کرے۔

گھر میں خیر و برکت اور خوشحالی ہو

ریشمی کپڑے پر گلاب اور زعفران سے ''یا جلیل'' لکھے اور بلحاظ اعداد ابجد تہتر (۷۳) مرتبہ دم کر کے مکان میں رکھے تو خیر اور برکت اور خوشحالی کا دور دورہ ہو۔

میاں بیوی میں بے مثال محبت

شادی ہونے کے بعد اپنی بیوی سے خلوت کرنے سے پہلے دو رکعت نفل شکرانہ پڑھیں۔ اس کے بعد اس اسم الٰہی کو گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے اپنی دلہن کو کھلا دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی میں بے مثال محبت ہو جائے گی۔

صاحب کمال ہو جائے

اگر کوئی شخص سات (۷) روز تک اس اسم الٰہی ''یا جلیل'' کو روٹی پر سات (۷) مرتبہ لکھ کر کھائے اور روزانہ ایک سادی روٹی خیرات کرے تو چالیس (۴۰) دن میں صاحب کمال ہو جائے اور مخلوق اس کی عزت کرنے پر مجبور ہو۔

''یا جلیل'' کا عامل بننے کے لیے

''یا جلیل'' کا عامل بننے کے لیے بزرگوں نے فرمایا ہے کہ چھ ہزار دو سو پچاس (۶۲۵۰) مرتبہ اس کا ورد کرنا چاہیے۔ چالیس (۴۰) دن میں زکوۃ ادا ہو گی۔ اس کے بعد صرف ۷۳ مرتبہ روزانہ کافی ہے۔

الکریمُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۲۷۰	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

اپنی شخصیت کو بارعب اور محبوب بنانا

ہمیشہ باوضو رہے اور رات کو وضو کر کے سویا کرے۔ سونے سے پہلے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد "یَا کَرِیْمُ" چار سو چونتیس (۴۳۴) بار پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عوام میں مقبولیت حاصل ہوگی اور ہر شخص محبت سے پیش آئے گا۔

کام میں آسانی اور سہولت، کاروبار میں ترقی، مشکلات ختم

ہر قسم کے کام میں آسانی اور سہولت کے لیے اور کاروبار میں ترقی کے لیے بعد نمازِ عشاء، اوّل تین بار درود شریف پڑھ کر تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار "یَا کَرِیْمُ" پڑھیں۔ آخر میں تین تین بار درود شریف پڑھ کر رزق میں ترقی کی دعا کریں۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ کاروبار میں خوب ترقی ہوگی اور سب کام آسانی سے انجام پائے گا۔ مشکلات ختم ہوں گی۔

عزت اور بے گمان رزق ملے

جو شخص "یَا کَرِیْمُ" کو روزانہ ہر نماز کے بعد دو سو ستر (۲۷۰) مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ بے گمان رزق دے۔

ہم چشموں میں عزت اور مقام ملے

جو شخص ہم چشموں میں عزت اور مقام کا خواہستگار ہو وہ "یَا کَرِیْمُ" کو ہر شب دو ہزار سات سو (۲۷۰۰) مرتبہ پڑھے، باعزت ہو۔

مستجاب الدعوۃ بننا

"یَا کَرِیْمُ" کو اگر عمر بھر روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھا جائے تو پڑھنے والا مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ پھر وہ جو بھی دعا کرتا ہے قبول ہوتی ہے۔

روحانی و مخفی علوم پر کتب کا ذخیرہ

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دار العمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
042-35410586, 0332-4487877, 0322-4773786

قدیم اور نایاب کتب (پرنٹڈ Printed) کی نئی ورائٹی
جو کہ روحانی عملیات کا خزانہ ہیں

نام کتاب	تعارف کتاب / مصنف	اشاعت	قیمت
آسان عملیات حب (عرف شو منتر)	(سلیم قادری) تسخیر حب لاجواب کا تیر، حب قرآنی، حب موکل، منتر نوری، موہنی کا جل	دستی بیاض	750
آئینہ قسمت (حصہ اول) آئینہ قسمت (حصہ دوم)	(پنڈت دیوی دیال جوتشی) جنم کنڈلی سے حالات زندگی دیکھنے کی بے نظیر کتاب	جالندھر 1953ء	750 750
خزینہ اعمال	اعمال محبت، مسخرات، حاضری مطلوب، طالع دار بنانا، عداوت، جدائی، زبان بندی، فراخی رزق	دستی بیاض	750
خواتین کے مسائل کا روحانی حل	(ملازم حسین، اسلام آباد) رشتوں کا نہ آنا، شادی میں رکاوٹیں، پسند کی شادی، نکاح باندھنا، طلاق باندھنا		1050
دوا اور دعا سے علاج	(حکیم محمد شعیب) مختلف امراض کی پہچان اور ان کے علاج پر طب کی بہترین کتاب مع دعاؤں سے علاج		300
سرچشمہ حیات (کلید اعظم)	(فیروز نظامی) روحانی قوت اور دل کی مرادیں حاصل کرنے کے انمول راز	لاہور	340
طلسمات بخاری	(فیصل حمید نقشبندی) سید صفدر شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے عطا کردہ مجرب طلسمات و عملیات	قلمی کا عکس	340
غوثیہ قلمی ڈائری	(محمد سلیم قادری) ڈنکا حضرت علی		1050

نام کتاب	تعارف کتاب / مصنف	اشاعت	قیمت
فالنامہ پیغمبری (فارسی) مع شجرہ شریف قادری	(فقیر محمد شریف نوشاہی) فالنامہ پیغمبری فارسی، شجرہ شریف قادری نوشاہی	قلمی کا عکس	340
کلید الحوائج	(حکیم محمد شریف سعیدی پاکپتنی) غمگین شخص اور اذان، نظر بد کا علاج، لاعلاج مرض کا علاج	قلمی خوش خط	1050
کلید اسرار مخفی	(پنڈت گردھاری لال، انڈیا) سوالات کے جوابات اور زندگی کے حالات معلوم کرنے کیلئے کتاب	دہلی	385
کاتب تقدیر	(پنڈت گردھاری لال) شائقین فن علم الرمل کے لیے بے نظیر کتاب	لاہور طبع قدیم	385
مجموعہ اوراد	مجموعہ اوراد، خزانہ آیات نور مع نقش، تعویذات و اسناد	بمبئی 1386ھ	210
مجربات دیربی (اردو)	(امام خواجہ احمد دیربیؒ) ترجمہ: مولانا بشارت علی خان، سینکڑوں سال سے پرانی قدیم اور مشہور عربی کتاب	نول کشور کانپور 1327ھ	900
مجربات قلندری	(پیر ناصر قلندری کوہاٹ) عملیات و تعویذات کے بنیادی اصول، بروج، ستارے، نقشہ جات	قلمی کا عکس	750
مفید اور آسان عملیات و تعویذات	(مولانا اشرف علی تھانویؒ) مستند اور آسان روحانی اعمال و وظائف		205
نام اور اس کے اثرات	(میر محبوب علی) دلچسپ اور مفید کتاب		340
ہپناٹزم کا مکمل انسائیکلوپیڈیا	اسلام حسین		440

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, info@darulamal.org

نامردوں کو مرد اور مردوں کو شیر بنانے والی قیمتی، آزمودہ

مجرب ادویات

آزمائش شرط ہے

ان کے استعمال سے وہ تمام خوشیاں ایک مرد کی جھولی میں آ گرتی ہیں۔۔۔ جو کسی غلط کاری یا کمزوری کی وجہ سے چھن گئی ہوں

(۱) معجون خاص زعفرانی قیمت: 950 روپے

☆ جوانوں میں جوانی کی حقیقی چمک و دمک پیدا کرتا ہے۔ ☆ بوڑھوں میں نوجوانوں جیسی چستی اور تیزی پیدا کرتا ہے۔ ☆ جنسی کمزوریوں کا نام ونشان تک ختم کر دیتا ہے۔ ☆ بے رغبتی، بے توجہی، عدم دلچسپی اور بے حسی کا خاتمہ کرتا ہے۔ ☆ خواہشات میں زبردست اور بے انتہا اضافہ کرتا ہے۔ ☆ قوت مردانگی کیلئے ایک بے مثل، باکمال اور لاجواب تحفہ ہے۔ ☆ جنسنگ اور قیمتی جڑی بوٹیوں کا ایک خاص الخاص مرکب ہے۔ ☆ ہر عمر کا مریض بلا جھجک اور بغیر کسی خوف کے استعمال کر سکتا ہے۔ ☆ جسم کو مضبوط اور چہرے کو سرخ وسفید کرتا ہے۔ ☆ اعضائے رئیسہ شریفہ کو زبردست قوت وطاقت دیتا ہے۔ ☆ ہر قسم کی اعصابی کمزوریوں کو ہمیشہ کیلئے ختم کرتا ہے۔ ☆ عضو خاص میں سختی اور مضبوطی کو قائم ودائم رکھتا ہے۔ ☆ نامرد کو مرد بنانے اور کمزور حضرات کو طاقت ور بنانے کے کام آتا ہے۔ ☆ قدرتی طریقے سے ہر قسم کی مردانہ کمزوریوں کو دور کرتا ہے۔ ☆ جسم کو لوہے کی طرح مضبوط اور طاقت ور بناتا ہے۔ ☆ لاعلاج مریضان باہ کیلئے ہماری دیگر ادویات کا ایک اہم حصہ ہے۔ ☆ طب یونانی اور دیسی جڑی بوٹیوں کا ایک بہترین شاہکار ہے۔ ☆ معجون خاص زعفرانی ہر وقت مطب العارف پر دستیاب ہے۔

(۲) پیغام جوانی کیپسول چھوٹی پیکنگ: 750 روپے بڑی پیکنگ: 1500 روپے

☆ طاقت وقوت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے۔ ☆ مخفی و پوشیدہ طاقتوں کا سرچشمہ ہے۔ ☆ زندگی کا ایک سچا اور بہترین ساتھی ہے۔ ☆ ہمیشہ کی شرمندگی سے نجات دلاتا ہے۔ ☆ مسرت وشادمانی کے لمحات میں اضافہ کرتا ہے۔ ☆ خاص اوقات میں زبردست اضافہ کرتا ہے۔ ☆ بلا مبالغہ حقیقت میں ہی جوانی کا پیغام ہے۔ ☆ ازدواجی تعلقات کو مستحکم ومضبوط بناتا ہے۔ ☆ روزانہ کی گھریلو لڑائیوں کو محبتوں میں تبدیل کرتا ہے۔ ☆ زوجین کے اعتماد کو ہمیشہ بحال رکھتا ہے۔ ☆ خاوند کو جلدی گھر آنے پر مجبور کرتا ہے۔ ☆ طلاق کے مطالبات کو ختم کروانے والا بہترین تحفہ ہے۔ ☆ مایوس الباہ دوستوں کیلئے ایک عظیم خوشخبری ہے۔ ☆ فوری اور پہلی خوراک میں رزلٹ دینے والا گفٹ ہے۔ ☆ منٹوں کو گھنٹوں میں بدلنے والا ایک خاص نسخہ ہے۔ ☆ ہر عمر کے مرد حضرات بلاخوف وخطر استعمال کر سکتے ہیں۔ ☆ ہر قسم کی نشہ آور اور مضر اثرات سے سو فیصد پاک ہے۔ ☆ آپ کی سوچ سے زیادہ قیمتی اجزاء سے تیار کیا گیا ہے۔ ☆ قدردانوں کیلئے ایک انمول، بے مثال اور لاجواب چیز ہے۔ ☆ مطب العارف کی طرف سے عوام الناس کیلئے طب یونانی کا 100 فیصد رزلٹ دینے والا ایک خاص مثالی تحفہ ہے۔

(۳) سفوف شباب آور قیمت: 850 روپے

☆ مایوسیوں کو امیدوں میں تبدیل کرتا ہے۔ ☆ جسم انسانی میں حقیقی شباب کو قائم رکھتا ہے۔ ☆ حکماء اور طبیبوں کے سینوں کا خاص راز ہے۔ ☆ رگوں اور پٹھوں میں غضب کا جوش پیدا کرتا ہے۔ ☆ اعصاب میں زبردست مضبوطی پیدا کرتا ہے۔ ☆ بوڑھوں کو نوجوان بنانے والا ایک نسخہ کیمیا ہے۔ ☆ برف کی مانند ٹھنڈوں کو آگ کی سی تپش دیتا ہے۔ ☆ مرجھائے ہوئے چہروں کو گلاب جیسی رعنائی دیتا ہے۔ ☆ مرد کو حقیقی مرد اور جسم میں بجلی کی سی تیزی پیدا کرتا ہے۔ ☆ قدیم اور شاہی حکیموں کی زندگی بھر کا نچوڑ اور خلاصہ ہے۔ ☆ شوگر کے مریضوں کے لیے بھی ایک نایاب وکامیاب چیز ہے۔ ☆ انتہائی مقوی، بے حد مغلظ اور بے انتہا محرک ہے۔ ☆ جوانی کو قائم ودائم اور ہمیشہ فٹ رکھنے والا سفوف ہے۔ ☆ بڑھاپے کے اثرات اور نشانیوں کو ختم کرتا ہے۔ ☆ ہر قسم کے نقصان دہ اور صحت کو تباہ کرنے والے مضر اجزاء سے پاک ہے۔ ☆ تازندگی استعمال کیا جا سکنے والا ایک بے ضرر قیمتی ٹانک ہے۔ ☆ انتہائی کم خوراک میں بہت زیادہ طاقت پیدا کرتا ہے۔ ☆ ہر عمر میں استعمال ہونے والا ایک ارزاں دیسی نسخہ ہے۔ ☆ سفوف شباب آور مطب العارف کا ایک اہم اور کثیر تعداد میں فروخت ہونے والا انتہائی مفید اور قیمتی اجزاء پر مشتمل بیش قیمت مرکب ہے۔

مطب العارف کی تمام ادویات بذریعہ ڈاک / کوریئر منگوائی جا سکتی ہیں۔ مطب العارف: 586 کامران بلاک اقبال ٹاؤن لاہور

042-35410586, 0307-5525103, Web: darulamal.org/matabalaarif
Email: matabalaarif@gmail.com, Blog: matabalaarif.blogspot.com

دارالعمل چشتیہ کی علاج گاہ کے عاملین کے خاص الخاص دم شدہ روحانی تیل کی مختلف ورائٹی، جو ہر گھر کی اشد ضرورت ہے

روحانی تیل (1) برائے دفع جادو/ جنات

قیمت: 100 روپے

☆ جادو/جنات کے دورہ والے مریضوں کیلئے پیام شفا ہے۔☆ جادو/جنات کے اثرات کو جسم سے چُن چُن کر ختم کرتا ہے۔☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم میں پیدا ہونے والی بے چینی کو ختم کرتا ہے۔☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے۔☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی خارش کو ختم کرتا ہے۔☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے سُستی اور کاہلی کو جڑ سے مٹاتا ہے۔☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے بخار کی سی کیفیت کو ختم کرتا ہے۔☆ ہاتھ پاؤں کے ناخنوں پر لگانے سے متاثرہ مریضوں کو بہت فائدہ پہنچتا ہے۔☆ عاملین دارالعمل چشتیہ کا تیار کردہ ایک خاص روحانی تحفہ ہے۔

روحانی تیل (2) برائے سکون

قیمت: 350 روپے

☆ جادو/جنات کے اثرات کو دماغ سے نکالتا ہے۔☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والی بے خوابی کو دور کرتا ہے۔☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والے ذہنی دباؤ اور ڈیپریشن کو ختم کرتا ہے۔☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے ہمیشہ سرگرم رہنے کو اعتدال پر لاتا ہے۔☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والے غلط خیالات کو ختم کرتا ہے۔☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والی ہاتھ پاؤں کی جلن کو ختم کرتا ہے۔☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے سر چکرانے والے مریض کیلئے فائدہ مند ہے۔

روحانی تیل (3) برائے دفع درد ہر قسم

قیمت: 200 روپے

☆ متاثرہ مریضوں کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے۔☆ جادو جنات سے متاثر جوڑوں کے درد میں مبتلا مریضوں کے لیے اکسیر ہے۔☆ جسم کے تمام دردوں کو ختم کرتا ہے۔☆ پٹھوں کے درد کو فی الفور آرام دیتا ہے۔☆ پسلیوں کے درد کو دور کرتا ہے۔☆ ہر قسم کے ریاحی دردوں میں تریاق کا کام دیتا ہے۔☆ ہڈیوں تک کے درد کو ختم کرتا ہے۔☆ ہر قسم کے زخموں پر لگانے سے بہت جلدی زخم ٹھیک ہو جاتے ہیں۔☆ دارالعمل چشتیہ کے عاملین کا تیار کردہ ایک زبردست روحانی تحفہ ہے۔

روحانی روغن بادام (4)

قیمت: 300 روپے

☆ جادو/جنات کی وجہ سے معدہ میں ہونے والی پرابلم کو دور کرتا ہے۔☆ جادو/جنات کی وجہ سے ثقل سماعت کو ٹھیک کرتا ہے۔☆ جادو/جنات کی وجہ سے دماغی کمزوری کو ختم کرتا ہے۔☆ جادو/جنات کی وجہ سے معدہ میں زخم اور سوزش میں مفید ہے۔☆ جادو/جنات کی وجہ سے کان میں درد، کان میں آوازیں آنا، کان کے بہنے اور بہرے پن کیلئے اچھا ہے۔☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے دوران حمل استعمال کروانا بہتر ہے۔☆ اثرات کی وجہ سے رہنے والی شدید قبض کو ختم کرتا ہے۔☆ ناک میں رہنے والی خارش میں لگانے سے خارش ختم کرتا ہے۔☆ سر کی خشکی، خارش، بال گرنے اور بالوں کے اور سر کے جملہ امراض کیلئے آزمودہ ہے۔☆ روحانی تیل نمبر 1، روحانی سکونی تیل (2) اور روحانی روغن بادام (4) میں ملا کر استعمال کرنا انتہائی فائدہ مند ہے۔

روحانی تیل (5) برائے اعصاب

چھوٹی پیکنگ: 250 روپے
بڑی پیکنگ: 450 روپے

☆ جادو/جنات سے متاثر اعصابی مریضوں کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے۔☆ جادو/جنات سے متاثر پٹھوں کے مریض پٹھوں کی مالش کریں ☆ جادو/جنات کے معالجین کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے۔☆ چلہ کشی کی وجہ سے پیدا ہونے والے دردوں کیلئے اکسیر ہے۔☆ متاثرہ مریض کو اثرات کی وجہ سے مستقل معذوری سے بچاتا ہے۔☆ مستقل ریاضت کی وجہ سے ہونے والی تمام دردوں، تھکاوٹوں کو فی الفور ختم کرتا ہے۔

روحانی عرق گلاب آئی ڈراپر

قیمت: 50 روپے

☆ آنکھوں کے دھندلا پن کو دور کرتا ہے۔☆ آنکھوں کی سوزش کو ختم کرتا ہے۔☆ نظر کی کمزوری کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے☆ آنکھوں سے گندی رطوبات کو ختم کرتا ہے۔☆ آنکھوں کا بوجھل پن دور کرتا ہے۔☆ آنکھوں کے غبار، جالا، میلا پن کو صاف کرتا ہے۔☆ آنکھوں کی خارش، آنکھوں کی جلن کو دور کرتا ہے۔☆ نظر کو زبردست طاقت دیتا ہے۔☆ آشوب چشم کے مرض کو ختم کرتا ہے۔☆ آنکھوں میں قدرتی چمک پیدا کرتا ہے۔

اَلرَّقِیبُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۳۱۲	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

اولاد یا نوکر کا فرماں بردار ہونا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کے بچے اس کا کہنا مانیں، اس کی اطاعت کریں۔ اسی طرح کوئی آدمی یہ چاہتا ہے کہ اس کا نوکر اس کا فرمانبردار اور وفادار ہو تو اس کے لیے اسم مبارک ''یَارَقِیبُ'' باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے بسکٹ پر گیارہ (۱۱) بار لکھے اور بچے یا نوکر کو کھلا دے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ کہنا ماننے لگیں گے۔

موکلان حاضر ہوں.....جادو ایک نظر سے دور ہو جائے

جو شخص اس اسم مبارک ''یَارَقِیبُ'' کو معہ پرہیز اور روزے کے ساتھ چار ہزار چار سو چوالیس (۴۴۴۴) مرتبہ پڑھے، موکلانِ اسم، اس کے سامنے حاضر ہوں اور اس کے ساتھ مل کر اس اسم کی تسبیح کریں۔ ہر جادو اس کی ایک نظر سے مثل ہوا ہو۔

مکان، کھیت اور کارخانے کی حفاظت اور برکت

جو شخص اپنے مکان، کھیت، کارخانے کی حفاظت چاہے، اس اسم ''یَارَقِیبُ'' کو چار مضبوط چھ انچ لمبی کیلوں پر تین ہزار ایک سو بیس (۳۱۲۰) مرتبہ بروزِ جمعہ، اوّل ساعت میں دم کر کے چاروں کونوں میں گاڑ دے۔ ان شاءاللہ محفوظ رہے اور برکت حاصل ہو۔

''یَارَقِیبُ'' کا عامل بننے کے لیے

اگر کوئی روزانہ اس اسم الٰہی ''یَارَقِیبُ'' کو چار ہزار نو سو بانوے (۴۹۹۲) مرتبہ چالیس (۴۰) روز تک پڑھے۔ تو وہ شخص اس اسم کا عامل ہو جائے گا۔ اس کے بعد اس اسم الٰہی کا جو بھی عمل کرے گا وہ مؤثر اور مفید ہوگا۔

اَلْمُجِیبُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۵۵	عنصر: بادی	طبیعت: جمالی

جو چاہے مانگے، اللہ تعالیٰ عطا کریں

جو شخص بعد ہر نماز پچپن (۵۵) مرتبہ اس اسم ''یَامُجِیبُ'' کو پڑھے، حق تعالیٰ سبحانہ سے جو چاہے مانگے، عطا ہو۔

تحفظ مال

اس اسم ''یَامُجِیبُ'' کو سات دفعہ پڑھ کر اپنے مکان اور مال و متاع کا انگلی کے اشارے سے حصار کریں تو وہ محفوظ رہیں۔

لڑکی کی شادی کے لیے

اگر کسی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو اس کو چاہئے کہ اس اسم الٰہی ''یَامُجِیبُ'' کو گیارہ (۱۱) دن تک روزانہ پانچ ہزار پانچ سو (۵۵۰۰) مرتبہ پڑھے اور اپنی شادی کی دعا کرے۔ ان شاءاللہ جلد ہی اس کی شادی کہیں طے ہو جائے گی۔

ناراض بیوی کو واپس لانا

اگر کسی کی بیوی ناراض ہو کر مائیکہ چلی گئی ہو تو اس کو چاہئے کہ اس اسم الٰہی ''یَامُجِیبُ'' کو گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اپنے دروازے پر پانی چھڑک دے۔ اس عمل کو گیارہ (۱۱) دن تک روزانہ کرے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ اس کی بیوی واپس آجائے گی۔ یہی اس شوہر کے لئے بھی کیا جاسکتا ہے۔

''یَامُجِیبُ'' کی زکوٰۃ

اس اسم الٰہی کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس (۴۰) دن تک اس اسم الٰہی ''یَامُجِیبُ'' کو روزانہ چھ ہزار دو سو پچاس (۶۲۵۰) مرتبہ بہ نیت زکوٰۃ پڑھے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوگی۔

الواسع کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۳۷	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

گھر میں رزق کی فراوانی

گھر میں رزق کی کمی محسوس ہو یا گھر میں برکت نہ ہو، جس کے سبب ہاتھ تنگ رہتا ہو تو اس کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ رات کو عشاء کی نماز کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ پھر ایک سو بار (۱۰۰) ''یَاوَاسِعُ'' پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا کرے۔ یہ عمل اکتالیس (۴۱) دن تک کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ گھر میں برکت ہوگی اور رزق وافر مقدار میں حاصل ہوگا۔ نیز برکت کے لئے سب گھر کے افراد نماز کی پابندی کریں۔

بچھو کے ڈنک کا علاج

اگر کسی کو بچھو ڈنک مار دے اور وہ سخت تکلیف میں مبتلا ہو تو اسم پاک ''یَاوَاسِعُ'' ستر (۷۰) بار پڑھ کر ڈنک کی جگہ پھونک دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی۔

توسیع رزق اور حالات میں بہتری

توسیع رزق اور حالات میں بہتری کے لیے روزانہ ہر نماز کے بعد ''یَاوَاسِعُ'' ایک سو سینتیس (۱۳۷) مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

کشادہ ذہن

اگر کسی بچے کو قرآن مجید یاد نہ ہوتا ہو تو ہر قمری مہینے کی پہلی، دوسری، تیسری کو سو (۱۰۰) مرتبہ ''یَاوَاسِعُ'' پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کر کے پلانا چاہیے۔ ان شاء اللہ ذہن کھل جائے گا۔

غربت و افلاس سے نجات

جو شخص غربت و افلاس کا شکار ہو، اس کو چاہئے کہ تین (۳) دن تک روزانہ اسم الٰہی ''یَاوَاسِعُ'' کو پانچ ہزار (۵۰۰۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ افلاس سے نجات مل جائے گی۔

مخلوق تابع کرنا

اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی ''یَاوَاسِعُ'' کو سترہ (۱۷) دن تک روزانہ ستر ہزار (۷۰۰۰۰) مرتبہ پڑھے تو تمام مخلوقات اس کے تابع ہو جائیں اور اس کو مرتبہ بلند حاصل ہو۔

کاروبار میں زبردست اضافہ

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی دکان میں زبردست ترقی ہو تو جمعہ کے دن تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ اس اسم الٰہی کو خود پڑھے۔ یا کچھ لوگ مل کر پڑھیں اور لگاتار چالیس (۴۰) دن تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دکان میں زبردست ترقی ہوگی۔

عمر میں اضافہ کے لیے

صاحب شمس المعارف فرماتے ہیں کہ جو شخص ''یَاوَاسِعُ'' تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ روزانہ پڑھنے کی عادت ڈالے، اس کی عمر میں اضافہ ہو اور اس کے ہر کام میں آسانی پیدا ہو جائے۔

کاروبار اور رزق میں اضافہ

اگر اس اسم الٰہی ''یَاوَاسِعُ'' کو روزانہ تینتیس (۳۳) مرتبہ پڑھنے کی عادت ڈالے تو کاروبار اور رزق میں اضافہ ہوتا رہے۔

روزی فراخ ہو جائے

''یَاوَاسِعُ'' اگر کوئی روزانہ ایک سو سینتیس (۱۳۷) مرتبہ صبح و شام پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کی روزی فراخ ہو جائے۔

''یَاوَاسِعُ'' کا عامل بننے کے لیے

اس اسم الٰہی ''یَاوَاسِعُ'' کو تیرہ ہزار سات سو (تیرہ ہزار سات سو) مرتبہ روزانہ پڑھنے سے چالیس (۴۰) دن میں اس اسم الٰہی کا عامل بن جاتا ہے۔

الحکیم کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۷۸	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

مشکل حل ہو

جو شخص کسی مشکل میں پھنس جائے ''یَاحَکِیۡمُ'' کو سات سو اسی (۷۸۰) مرتبہ پڑھے، اس کی مشکل حل ہوجائے گی۔

جائز آرزو پوری ہو

اگر کسی شخص کی کوئی آرزو پوری نہ ہوتی ہو تو چھ (۶) دن تک اس اسم ''یَاحَکِیۡمُ'' کا ورد گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ روزانہ کرے۔

میاں بیوی میں نا اتفاقی

اگر میاں بیوی میں نا اتفاقی ہو اور بیوی چاہے کہ شوہر اس سے محبت کرے تو کسی میٹھی چیز پر ایک ہزار مرتبہ ''یَاحَکِیۡمُ'' پڑھ کر دم کر کے شوہر کو کھلا دے۔ ان شاء اللہ شوہر کے دل میں بیوی کی محبت پیدا ہوگی۔

حاجات پوری ہوں

اگر کوئی اس اسم ''یَاحَکِیۡمُ'' کے اعداد اٹھہتر (۷۸) مرتبہ روزانہ بطور وظیفہ مسلسل پڑھتا رہے تو اس کی کوئی حاجت رکی نہ رہے اور ظاہر و باطن کی تمام پریشانیاں دور ہوں۔

حصول حکمت

اگر کوئی ''یَاحَکِیۡمُ'' سات ہزار آٹھ سو (۷۸۰۰) مرتبہ روزانہ اس اسم پاک کا وظیفہ پڑھے تو صاحب حکمت ہوجائے۔

''یَاحَکِیۡمُ'' کا عامل بننے کے لیے

جو شخص چالیس (۴۰) دن بہ نیت زکوٰۃ اس اسم الٰہی ''یَاحَکِیۡمُ'' کو بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ پڑھے گا، وہ اس اسم کا عامل ہوجائے گا۔ اس اسم الٰہی کا نقش صرف دینا چاہیے۔

الودود کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۲۰	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

شوہر اور بیوی میں محبت

اگر شوہر سے بیوی کم محبت کرتی ہو یا بیوی سے شوہر کم محبت کرتا ہو تو اس کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ بعد نمازِ عصر باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے، اس کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) بار ''یَاوَدُوْدُ'' پڑھے۔ اس کے بعد تین بار درود شریف پڑھے اور مطلوب کا تصور باندھ کر اس کے سینہ پر تصور ہی میں دم کر دے۔ یہ عمل پڑھتے وقت منہ میں مصری کی ڈلی رکھ لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آپس میں میاں بیوی ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے۔ مجرب عمل ہے۔

بیٹا بیٹی بدراہ ہوں یا عورت خاوند سے اور خاوند بیوی سے لڑے

اگر خدانخواستہ کسی کا بیٹا یا بیٹی غلط راستے پر پڑ گئے ہوں۔ زنا کاری، بروں کی صحبت، والدین سے جھگڑا اور ناراضگی یا نشے کی لت کا شکار ہو گئے ہوں یا ہر ہر بات میں والدین کی مخالفت کرتے ہوں یا راتوں کو گھر سے غائب رہتے ہوں۔ اسی طرح بیوی بدمزاج، آوارہ، لڑائی جھگڑا کرنے والی منہ پھٹ، زبان دراز ہو۔ شوہر بیوی کے حقوق ادا نہیں کرتا یا راتوں کو گھر سے غائب رہتا ہے......تو ان تمام باتوں کے لیے کسی میٹھی چیز پر باوضو اول آخر گیار بار درود شریف درمیان میں ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ ''یَاوَدُوْدُ'' پڑھ کر اس کو کھلانے والی چیز پر دم کر کے رکھ لے اور کسی بھی موقع پر اس کو کھلا دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے کھانے سے سیدھے راستے پر لگ جائے گا۔

طبیعت میں استقلال اور غصہ میں کمی کا عمل

طبیعت میں مستقل مزاجی کے لیے باوضو اول سات بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد ایک سو ستاسی (۱۸۷) بار ''یَاوَدُوْدُ'' پڑھیں۔ آخر میں سات بار درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل کسی بھی نماز کے بعد کیا جا سکتا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد کرے۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ طبیعت میں مستقل مزاجی پیدا ہو گی اور ترقی کی راہیں کھلیں گی۔ شرط یہ ہے کہ عمل ہمیشہ کرتا رہے۔

لوگوں کی نظروں میں عظمت حاصل کرنا

بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھے۔ اس کے بعد روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ''یَاوَدُوْدُ'' پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھ کر دعا مانگے۔ یہ عمل اکتالیس (۴۱) دن کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہو گی۔

بھائیوں یا رشتہ داروں کی ناراضگی دور کرنا

اگر آپس میں بھائیوں میں اختلافات پیدا ہو گئے ہوں یا خاندان کے لوگ کسی وجہ سے ناراض ہوں تو ان کو راضی کرنے کے لیے روزانہ باوضو ایک ہزار (۱۰۰۰) بار ''یَاوَدُوْدُ'' پڑھے۔ اول و آخر گیارہ (۱۱) گیارہ (۱۱) بار درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مخالفین بہت جلد راضی ہو جائیں گے۔

میاں بیوی میں اتفاق اور محبت ہو

''یَاوَدُوْدُ'' کسی کھانے کی چیز پر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور میاں بیوی جن میں نااتفاقی ہو یا کچھ کشیدگی ہو گئی ہو تو کھلا دے۔ ان شاء اللہ اتفاق پیدا ہو جائے گا اور باہم محبت پیدا ہو جائے گی۔

''یَاوَدُوْدُ'' کا عامل بننے کے لیے

اس اسم الٰہی کا عامل بننے کے لیے پانچ ہزار ایک سو بیس (۵۱۲۰) مرتبہ روزانہ پڑھنے کی عادت ڈالیں۔ اور بہ نیت زکوٰۃ یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ چالیس (۴۰) دن میں زکوٰۃ ادا ہو گی۔ اس اسم الٰہی کا نقش برائے محبت تیر کی طرح کام کرتا ہے۔

المجید کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۵۷	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

برص (سفید داغ) کے مرض کا علاج

بعض مرتبہ جسم کے مختلف حصوں پر سفید سفید داغ ظاہر ہو جاتے ہیں اور بعض مرتبہ وہ پھیلتے رہتے ہیں اور مختلف حصوں پر ظاہر ہوتے رہتے ہیں، جس سے انسانی جسم کی خوبصورتی متاثر ہوتی ہے۔ اور انسان دوست احباب میں تنقید کا نشانہ بنتا ہے یا شرمندگی کے باعث اپنے احباب کی ملاقات سے گھبراتا ہے۔ ایسا اکثر ناقص غذا کے استعمال سے ہوتا ہے۔ اس کا روحانی علاج یہ ہے: ہر چاند کی تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں تاریخ کو روزہ رکھیں اور افطار سے قبل برص سے نجات کی دعا کریں۔

اس کے علاوہ روزانہ بعد نماز عشاء اول تین سو بار درود ابراھیمی پڑھیں۔ اس کے بعد ایک سو بار (۱۰۰) ''یَا مَجِیْدُ'' پڑھیں۔ آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر برص سے نجات کی دعا کریں۔ پنج وقت نماز کی پابندی کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ برص کے داغ آہستہ آہستہ بالکل مٹ جائیں گے۔ یہ عمل مسلسل کریں، ناغہ نہ کریں۔ اور رجب تک داغ دور نہ ہوں برابر کرتے رہیں۔

لوگوں میں بزرگی اور فضیلت عطا ہو

جو شخص ہر رات ''یَا مَجِیْدُ'' کی تلاوت اٹھارہ ہزار نو سو (۱۸۹۰۰) مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو اپنی خلق میں بزرگ کرے۔ اس کو فضیلت عطا فرمائے۔

''یَا مَجِیْدُ'' کا عامل بننے کے لیے

اس اسم الٰہی کا مکمل عامل بننے کے لئے یہ ضروری ہے کہ اس اسم الٰہی کو روزانہ بہ نیت زکوٰۃ بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ لگاتار چالیس (۴۰) دن تک پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد مذکورہ بالا تمام عملیات میں زبردست کامیابی ملے گی۔

الباعث کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۷۳	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

ملازمت حاصل کرنا، ترقی مرتبہ، ادائیگی قرض، قید سے رہائی، شادی کے لیے

یہ نقش ملازمت حاصل کرنے، عہدہ میں ترقی پانے، قرض کی ادائیگی میں سہولت، قیدی کی رہائی اور لڑکے لڑکیوں کے رشتوں کے لیے بہت کارآمد اور مفید ہے۔ مندرجہ ذیل نقش باوضو سیسے کی تختی پر کسی نوک دار چیز سے کھود کر بنالیں یا کسی سنار کو وضو کرا کے اس سے بنوالیں۔ جب تختی بن جائے تو دار چینی یا لوبان کو جلتے ہوئے انگاروں پر ڈال کر اس کا دھواں اس تختی کو دیں۔ اور باوضو سبز کپڑے میں موم جامہ کر کے اپنی قمیض یا کرتے کی جیب یا بٹوے میں رکھ لیں۔ یہ بات یاد رکھیں کہ نقش ناف سے اوپر کی جیب میں رہنا چاہیے۔ نقش یا تعویذ کو کبھی بھی ناف سے نیچے کی جیب میں نہ رکھیں۔ چاہے وہ موم جامہ کیا ہوا ہی ہو۔ پتلون کی جیب میں رکھنا بہت بری بات ہے اور اس سے تعویذ کی تاثیر ختم ہو جاتی ہے۔

اگر جیب میں رکھنا ممکن نہ ہو تو گھر میں کسی صندوق یا محفوظ جگہ میں رکھ دیں۔ روزانہ کچھ نہ کچھ خیرات کیا کریں۔ وہ نقش یہ ہے:

ال	با	ع	ث
۷۱	۴۹۹	۳۲	۲
۴۹۸	۶۸	۵	۳۳
۴	۳۴	۴۹۷	۶۹

''یَا بَاعِثُ'' کا عامل بننے کے لیے

اگر کوئی شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے تو روزانہ نو ہزار ایک سو اڑسٹھ (۹۱۶۸) مرتبہ اس کا ورد چالیس دن تک لگاتار کرے۔ چالیس دن میں زکوٰۃ ادا ہوگی اور پھر اس اسم کی برکتوں سے عامل پوری طرح معمور ہوگا۔

اَلشَّہِیۡدُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۳۱۹	عنصر: بادی	طبیعت: مشترک

مقدمات میں کامیابی

روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ "یَاشَہِیۡدُ" چالیس (۴۰) دن تک مسلسل پڑھیں۔

نافرمان اولاد کو فرمانبردار بنانا

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو تو اس کی پیشانی پکڑ کر باوضو ایک ہزار (۱۰۰۰) بار "اَلشَّہِیۡدُ" پڑھے اور اس بچہ پر دم کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ فرمانبردار ہو جائے گا۔

"یَاشَہِیۡدُ" کا عامل بننا

"یَاشَہِیۡدُ" چھ ہزار دو سو پچاس (۶۲۵۰) مرتبہ روزانہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھیں۔

نافرمان بیٹا، تابع اور فرماں بردار ہو

جس شخص کا بیٹا نافرمان ہو، وہ اس اسم مبارک کو تین سو انیس (۳۱۹) مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے، وہ تابع اور زیر فرمان ہو۔

مخالفین کو بھی اپنا حمایتی بنانا

"یَاشَہِیۡدُ" پانچ ہزار ایک سو (۵۱۰۰) مرتبہ روزانہ سات (۷) دن تک پڑھیں۔

بے ہوش کو ہوش میں لانا

"یَاشَہِیۡدُ" تین سو انیس (۳۱۹) مرتبہ دم کریں اور دم شدہ پانی کے چھینٹے لگائیں۔

شہادت کے خواہش مند

"یَاشَہِیۡدُ" روزانہ تینتیس (۳۳) مرتبہ صبح شام پڑھیں۔

اَلۡحَقُّ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۰۸	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

گم شدہ یا ضبط شدہ سامان واپس مل جائے

گم شدہ یا ضبط شدہ سامان کے لیے ہر جمعہ کو ستر (۷۰) مرتبہ "یَاحَقُّ" پڑھے اور اس طرح لگاتار سات (۷) جمعوں تک پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ گمشدہ یا ضبط شدہ سامان واپس مل جائے گا۔

مقدمے کی اپیل میں کامیابی

اگر کوئی مقدمہ ہار گیا ہو تو وہ اپیل کرے اور روزانہ ہر فرض نماز کے بعد "یَاحَقُّ" ایک سو آٹھ (۱۰۸) مرتبہ پڑھا کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ وہ اپیل جیت جائے گا۔

"یَاحَقُّ" کا عامل بننا

چھ ہزار آٹھ سو بہتر (۶۸۷۲) مرتبہ روزانہ چالیس (۴۰) دن پڑھیں۔

چوری شدہ سامان کی برآمدگی

ایک کاغذ کی چاروں نکروں میں "یَاحَقُّ" لکھیں۔ درمیان میں سامان کی تفصیل لکھ کر کاغذ دائیں ہاتھ کی مٹھی میں بند کر کے گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھیں۔

بے گناہ قیدی کی جیل سے رہائی

"یَاحَقُّ" آدھی رات ننگے سر کھڑے ہو کر ایک سو آٹھ (۱۰۸) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

کرایہ دار سے مکان، دکان وغیرہ خالی کروانا

"یَاحَقُّ" کے چاروں مزاج کے نقوش بنا کر ان کو مزاج کے مطابق استعمال کروائیں۔ نیچے یہ عبارت لکھیں یخرج من البیت فلاں ابن فلاں بحق فلاں بن فلاں۔ (ناجائز ہرگز نہ کریں)۔

الوکیلُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۶۶	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

دشمن کی ریشہ دوانیوں سے محفوظ رہے

شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص کا دشمن قوی ہو اور اس کو اپنے دشمن سے اپنی جان و مال کا خطرہ درپیش ہو تو اس کو چاہیے کہ گیارہ (۱۱) دن تک یہ عمل کرے۔ گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھ کر آخر میں گیارہ مرتبہ ''حَسْبِیَ اللہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ'' پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن کی ریشہ دوانیوں سے محفوظ رہے گا۔

ڈر، خوف، گھبراہٹ، بےچینی دور کرنا

ہر طرح کا ڈر، خوف، گھبراہٹ، بےچینی دور کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد ''یَاوَکِیْلُ'' چھیاسٹھ (۶۶) مرتبہ پڑھیں۔

ہر جائز مقصد میں کامیابی کے لیے

ہر جائز مقصد میں کامیابی کے لیے ''یَاوَکِیْلُ'' گیارہ سو (۱۱۰۰) بار اکیس (۲۱) دن تک پڑھیں۔

مکان، دوکان وغیرہ کی حفاظت کے لیے

مکان، دوکان وغیرہ کی حفاظت کے لیے رات سونے سے پہلے ''یَاوَکِیْلُ'' سات (۷) مرتبہ پڑھ کر تالی بجائیں۔

آسمانی آفات بجلی وغیرہ سے حفاظت کے لیے

آسمانی آفات بجلی وغیرہ سے بچنے کے لیے ''یَاوَکِیْلُ'' سات (۷) بار کاغذ پر لکھ کر گھر میں لگائیں۔

''یَاوَکِیْلُ'' کا عامل بننے کے لیے

''یَاوَکِیْلُ'' کا عامل بننے کے لیے چھ ہزار دو سو پچاس (۶۲۵۰) مرتبہ روزانہ کے اعتبار سے چالیس (۴۰) دن کا چلہ کریں۔

القَوِیُّ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۱۶	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

ہاتھ پاؤں، گھٹنے کا درد

ہاتھ پاؤں اور گھٹنے کے درد سے نجات کے لیے، اسی طرح دیگر جسمانی دردوں کے لیے زیتون کے سوا پاؤ (تین سو گرام) تیل پر باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد گیارہ سو (۱۱۰۰) بار ''یَاقَوِیُّ'' پڑھیں۔ اس کے بعد آخر میں درود شریف گیارہ بار پڑھ کر دم کر دیں۔ روزانہ رات کو سونے سے قبل کوئی باوضو شخص ہاتھ پیروں پر مالش ہلکے ہلکے ہاتھوں سے کرے یا پھر خود وضو کی حالت میں یہ تیل درد کی جگہ لگالیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اکتالیس (۴۱) دن مالش کرنے سے درد دور ہوجائے گا۔

بیماری کے بعد کی کمزوری کا علاج

طویل علالت کے بعد پیدا ہونے والی کمزوری کو دور کرنے کے لیے ''یَاقَوِیُّ'' روزانہ ایک سو سولہ (۱۱۶) مرتبہ پڑھیں۔

فالج، پولیو، ٹی بی، کینسر کا معاون روحانی علاج

فالج، پولیو، ٹی بی، کینسر کے طبی علاج کے ساتھ روزانہ ایک سو سولہ (۱۱۶) مرتبہ ''یَاقَوِیُّ'' پڑھ کر دم کریں۔

مردانہ کمزوری کا علاج

مردانہ کمزوری دور کرنے کے لیے روزانہ بادام کی گیارہ گریوں پر ''یَاقَوِیُّ'' گیارہ گیارہ بار دم کرکے کھائیں۔

''یَاقَوِیُّ'' کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کے لیے سولہ سو (۱۶۰۰) مرتبہ ''یَاقَوِیُّ'' روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلّہ کریں۔ چلہ کی تکمیل کے بعد ایک سو سولہ مرتبہ کا معمول رکھے۔

المتینُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۵۰۰	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

بچوں کی نافرمانی کا علاج

بچوں کی نافرمانی سے تنگ والدین "یَامَتِیْنُ" پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر بچوں پر دم کریں یا کھلائیں۔

چلنے کی عمر میں نہ چلنے والے بچوں کا علاج

چلنے کی عمر میں نہ چلنے والے بچوں کو "یَامَتِیْنُ" کا نقش پہنائیں، تیل پر دم کر کے مالش کریں۔

دودھ کی کمی کا علاج

دودھ کی کمی سے پریشان مائیں "یَامَتِیْنُ" کی ایک تسبیح صبح شام پڑھیں۔

بچوں کا دودھ چھڑانا

بچے کا دودھ چھڑانا مقصود ہو تو بھینس وغیرہ کے دودھ پر "یَامَتِیْنُ" ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ دم کر کے بچے کو پلائیں۔

"یَامَتِیْنُ" کا عامل بننا

"یَامَتِیْنُ" کا عامل بننے کے لیے چوبیس ہزار پانچ سو (۲۴۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلہ کریں۔

جس عورت کے ہر مرتبہ لڑکی ہوتی ہو اُس کے لڑکا ہونے کیلئے

ایسی عورت جس کے بار بار لڑکی ہوتی ہو، لڑکا نہ ہوتا ہو تو اس کے لڑکا ہونے کے لیے حمل قائم ہونے کے بعد باوضو شہادت کی انگلی (ہاتھ کے انگوٹھے کے برابر والی انگلی) سے دائرہ کی شکل میں ستر (۷۰) بار "یَامَتِیْنُ" لکھے اور زبان سے بھی "یَامَتِیْنُ" کہتا جائے۔ (انگلی سے بغیر روشنائی کے لکھنا ہے) ان شاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

الوَلِیُّ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۴۶	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

کشف القلوب

کشف القلوب کے شوقین ایک سال تک مسلسل بلاناغہ روزانہ "یَاوَلِیُّ" گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

افسران کی ڈانٹ سے بچنا

افسران بالا کی ڈانٹ ڈپٹ سے بچنے اور ان کے ہمیشہ خوش رہنے کے لیے "یَاوَلِیُّ" پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

گھریلو لڑائی جھگڑوں کا خاتمہ

گھریلو لڑائی جھگڑوں کو ختم کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد یا صبح شام "یَاوَلِیُّ" چھیالیس (۴۶) مرتبہ پڑھیں۔

زوجین کی مثالی محبت

زوجین کی مثالی محبت کے لیے کہ جس کو دیکھ کر خاندان حیران رہ جائے "یَاوَلِیُّ" کا درج ذیل نقش زعفرانی سیاہی سے تیار کر کے کسی پھل دار درخت سے لٹکائیں۔

یاولی		یاولی
	فلاں بن فلاں بحق فلاں بن فلاں	
یاولی		یاولی

"یَاوَلِیُّ" کا عامل بنئے

"یَاوَلِیُّ" کا عامل بننے کے خواہشمند اکتالیس (۴۱) دن کا چلہ کریں۔ یکم رمضان المبارک سے آخری روزے تک روزانہ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ سوا لاکھ میں سے باقی تعداد کو رمضان کے بعد مکمل کر لیں۔

اَلْحَمِیْدُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۶۲	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

ہر قسم کے نشے سے چھٹکارا

ہر قسم کا نشہ مثلاً ہیروئن، افیم، چرس، سگریٹ، نسوار وغیرہ سے تنگ مریضوں کو "یَاحَمِیْدُ" کا نقش پینے اور باندھنے کے لیے دیں اور ایک تسبیح صبح شام پڑھنے کو بتلائیں۔

گالیوں اور فحش گفتگو سے بچنے کیلیے

گالیوں اور فحش گفتگو کرنے والوں کو "یَاحَمِیْدُ" کے نقش کے ساتھ ساتھ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ عرق گلاب یا پانی پر دم کرکے پلائیں۔

آوارہ یا بدچلن میاں یا بیوی کی اصلاح

آوارہ یا بدچلن میاں یا بیوی کی اصلاح کے لیے "یَاحَمِیْدُ" گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھ کر پلائیں۔

مخلوق کی زبان بندی اپنے حق کے لیے

مخلوق کی زبان بندی اپنے حق میں کرنے کے لیے "یَاحَمِیْدُ" کا کثرت سے ورد کریں۔

"یَاحَمِیْدُ" کا عامل بننے کے لیے

"یَاحَمِیْدُ" کا عامل بننے کے لیے چھ ہزار ایک سو (۶۱۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر اکتالیس (۴۱) دن کا چلّہ کریں۔

زبردست دولت تسخیر

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ۲۱ روز میں دو لاکھ مرتبہ "یَاحَمِیْدُ الفعال ذوالمن علی جمیع خلقه بلطفهٖ" پڑھے۔ تو اس کو زبردست دولت تسخیر حاصل ہوگی۔ جہاں بھی وہ شخص جائے گا مقبول عام ہوگا۔ اور ہر قدم پر اس کو لوگ خراج عقیدت پیش کریں گے۔ وہ جدھر بھی نظر ڈالے گا اسے محبت اور اپنائیت نظر آئے گی اور ہر دیکھنے والا اس کا گرویدہ رہے گا۔

اَلْمُحْصِیُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۴۸	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

ہر پریشانی سے نجات و چھٹکارے کے لیے

"یَامُحْصِیُ" ہر پریشانی سے نجات و چھٹکارے کے لیے ایک سو اڑتالیس (۱۴۸) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

تسخیر خلائق کے لیے

"یَامُحْصِیُ" تسخیر خلائق کے لیے روٹی کے بیس (۲۰) ٹکڑوں پر لکھ کر چالیس (۴۰) دن تک کھائیں۔

دکان، مکان، گاڑی کی حفاظت کے لیے

"یَامُحْصِیُ" دکان، مکان، گاڑی وغیرہ کی حفاظت کی نیت سے صبح شام گیارہ (۱۱) بار پڑھیں۔

گم شدہ بچے یا کسی بھی فرد کے لیے

"یَامُحْصِیُ" گم شدہ بچے یا کسی بھی فرد کے لیے اس کا نقش لکھ کر کسی پھل دار درخت پر باندھیں۔

یامحصی   یامحصی

بچے کا نام
والدہ کا نام

یامحصی   یامحصی

قوت حافظہ

اگر کسی شخص کی قوت حافظہ متاثر ہو تو اس نقش کو لکھ کر نہار منہ پانی میں گھول کر لگاتار ۲۱ روز تک پیئے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ قوت حافظہ ٹھیک ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

م	ح	ص	ی
۱۱	۸۹	۵	۴۳
۶	۴۲	۱۲	۸۸
۹۱	۹	۴۱	۷

المُبدِیُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۵۶	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

اسقاط حمل سے حفاظت کے لیے

اسقاط حمل سے حفاظت کے لیے دورانِ حمل ''یَامُبدِیُ'' چھپن (۵۶) بار روزانہ پڑھیں۔

مرض اٹھرا سے نجات کے لیے

مرض اٹھرا سے نجات کے لیے ایک تسبیح ''یَامُبدِیُ'' کی روزانہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھیں۔

کشائش رزق کے لیے

کشائش رزق کے لیے نوچندی جمعرات سے آغاز کرکے ''یَامُبدِیُ'' ایک سوستر (۱۷۰) مرتبہ روزانہ بعد نماز مغرب اکتالیس (۴۱) دن تک پڑھیں۔

تعمیراتی کاموں میں رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے

تعمیراتی کاموں میں رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے سات (۷) دن پانچ ہزار چھ سو (۵۶۰۰) بار پڑھیں۔

جائیداد، مکان، دکان، کاروبار کے لیے

جائیداد، مکان، دکان، کاروبار الغرض کسی بھی کام کی ابتدا سے پہلے سات (۷) دن ہر نماز کے بعد ''یَامُبدِیُ'' چھپن (۵۶) مرتبہ پڑھیں۔

''یَامُبدِیُ'' کا عامل بننے کے لیے

''یَامُبدِیُ'' کا عامل بننے کے لیے بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلّہ کریں۔

المُعِیدُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۲۴	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

کاروباری حالات کی بہتری کے لیے

کاروباری حالات اچانک خراب ہونے کی صورت میں بہتری کے لیے ''یَامُعِیدُ'' گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ اکیس (۲۱) دن تک پڑھیں۔

مال مسروقہ کی واپسی کے لیے

مال مسروقہ کی واپسی کے لیے ''یَامُعِیدُ'' گیارہ ہزار دو سو چالیس (۱۱۲۴۰) مرتبہ گیارہ (۱۱) دن تک پڑھیں۔

کھوئی ہوئی عزت ومقام دوبارہ حاصل کرنے کے لیے

لوگوں کی نظر میں کھوئی ہوئی عزت ومقام دوبارہ حاصل کرنے کے لیے کثرت سے پڑھیں۔

دوسری شادی کا خواہشمند

دوسری شادی کے خواہشمند اکتالیس (۴۱) دن تک روزانہ ایک سو چوبیس (۱۲۴) مرتبہ پڑھیں۔

سوکڑا، مسان یا بدن کمزور کا علاج

سوکڑا، مسان یا دن بدن کمزور ہونے والے سرسوں کے تیل پر تیرہ سو (۱۳۰۰) مرتبہ ''یَامُعِیدُ'' دم کرکے روزانہ مالش کریں۔

اس اسم کا یہ نقش مفرور جانور یا انسان کے لیے درخت سے لٹکائیں۔

د	ی	ع	م
۶۹	۴۱	۳	۱۱
۴۲	۷۲	۸	۲
۹	۱	۴۳	۷۱

''یَامُعِیدُ'' کا عامل بننے کے لیے

عامل بننے کے لیے چار ہزار چار سو چونسٹھ (۴۴۶۴) 4464 مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلّہ کریں۔

المحیی کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ٦٨	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

نماز، قرآن کی تلاوت کی طرف دل کی رغبت کے لیے

''یامحیی'' نماز، قرآن کی تلاوت اور عبادت کی طرف دل کی رغبت اور دل نہ چاہنے کی صورت میں کثرت سے پڑھیں۔

پیداوار کی قلت، خشک سالی یا پھلوں کی کمی

''یامحیی'' پیداوار کی قلت، باغ وغیرہ کی خشک سالی یا پھلوں کی کمی کو کثرت میں بدلنے کے لیے ریت یا پانی پر سات (٧) دن تک اڑسٹھ (٦٨) مرتبہ دم کر کے چھڑکیں۔

یرقان، اختلاجِ قلب، شوگر حیض، دردوں کے لیے

''یامحیی'' یرقان، اختلاجِ قلب، شوگر، ماہواری کے درد، کثرت حیض، جسمانی دردوں کے لیے روزانہ صبح شام اڑسٹھ (٦٨) مرتبہ پڑھیں۔ یہ نقش بندھوائیں اور پینے کے لیے دیں۔

١٦	٢٠	٢٣	٩
٢٢	١٠	١٥	٢١
١١	٢٥	١٨	١٤
١٩	١٣	١٢	٢٤

اس نقش کی زکوٰۃ روزانہ اڑسٹھ (٦٨) مرتبہ لکھ کر نکالیں۔

''یامحیی'' اسم کا عامل بننے کے لیے

''یامحیی''، اس اسم کا عامل بننے کے لیے روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس (٣١٢٥) مرتبہ پڑھ کر چالیس (٤٠) دن کا چلہ کریں۔

المُمِیتُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۴۹۰	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

نظرِ بد کے شکار مریض کے لیے

نظرِ بد کے شکار مریض پر گیارہ گیارہ کے تین دم کریں یا وہ خود پڑھ کر دم کرے۔

غصہ کی زیادتی کے لیے

غصہ بہت زیادہ آنے کی صورت میں ایک تسبیح ''یَامُمِیتُ'' صبح شام پڑھیں۔

جادو سے بچنے کے لیے

جادو سے بچنے کے لیے ''یَامُمِیتُ'' اکیس (۲۱) مرتبہ روزانہ صبح شام پڑھیں۔

ظالم دشمن کو ہلاک کرنے کے لیے

ظالم دشمن کو ہلاک کرنے کے لیے اکتالیس (۴۱) دن ترکِ حیوانات کے ساتھ روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ ''یَامُمِیتُ'' پڑھیں۔

سفلی جادو کے تمام اثرات کو دور کرنے کے لیے

سفلی جادو کے تمام اثرات کو دور کرنے کے لیے سات ہزار (۷۰۰۰) مرتبہ ''یَامُمِیتُ'' پانی پر دم کرکے رکھ لیں اور گیارہ (۱۱) دن تک دن میں تین مرتبہ پییں۔

ہر قسم کے اثرات بد سے بچنے کے لیے

ہر قسم کے اثرات بد سے بچنے کے لیے کثرت سے ''یَامُمِیتُ'' پڑھیں۔

سخت سے سخت نظرِ بد کو دور کرنے کے لیے

سخت سے سخت نظرِ بد کو دور کرنے کے لیے ''یَامُمِیتُ'' کا نقش استعمال کریں۔

یَامُمِیت		یَامُمِیت
	یَامُمِیت	
یَامُمِیت		یَامُمِیت

یَامُمِیتُ کے نقوش ہر مزاج کے مطابق استعمال کروائیں۔

''یَامُمِیتُ'' اسم کا عامل بننے کے لیے

اگر کوئی شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے تو چار لاکھ نوے ہزار کی تعداد چالیس (۴۰) دن میں پوری کرے، روزانہ کی تعداد بارہ ہزار پچیس مرتبہ رہے گی۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد روزانہ صرف ۳۳ مرتبہ پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوگی اور زبردست تاثیر ظاہر ہوگی۔

نفس اس کا مطیع

جس انسان کا نفس اس کا مطیع نہ ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ رات کو سونے سے پہلے اس اسم الٰہی کو لاتعداد مرتبہ پڑھتا رہے، جب تک نیند نہ آجائے چند ہفتوں ایسا کرنے سے نفس غلام ہو جائے گا۔

نفس کو تابع کرنا

اسم مبارک ''یَامُمِیتُ'' کو روزانہ سوتے وقت دل پر ہاتھ رکھ کر پانچ سو بانوے (۵۹۲) بار پڑھا جائے تو نفس مسخر ہو جاتا ہے۔

علم کا خزانہ عطا ہو

اگر کوئی طالب علم اسم مبارک ''یَامُمِیتُ'' کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے علم کا خزانہ عطا فرمائے گا اور اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اسے ایسا عالم فاضل بنائے گا جس کا علم و فضل خلق خدا کے لیے نافع ہوگا اور خود اس کی عزت و تکریم میں اضافے کا موجب ہوگا۔

مشکلات کا حل

اگر کوئی شخص گوناگوں مشکلات میں گھرا ہو اور ان سے خلاصی کی کوئی تدبیر اسے دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ اسم مبارک ''یَامُمِیتُ'' کا بکثرت ورد کرے۔ پروردگار عالم اپنے فضل و کرم سے اس کی جملہ مشکلات آسان فرمائے گا اور اسے غیب سے سہولتیں عطا کرے گا۔

الحیُّ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۸	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

لمبی عمر کے خواہش مند کے لیے

لمبی عمر کے خواہش مند ہر نماز کے بعد "یَاحَیُّ" اٹھارہ (۱۸) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔

ڈاکٹر، حکیم اپنے ہاتھ کو دست شفا بنانے کے لیے

ڈاکٹر، حکیم اپنے ہاتھ کو دستِ شفا بنانے کے لیے 'یَاحَیُّ'' گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

ہائی بلڈ پریشر کے مریض کے لیے

ہائی بلڈ پریشر کے مریض پانی کے گلاس پر یہ دعا پڑھ کر پئیں۔ یاحیی قبل کل شیئ یاحیی بعد کل شیئ

موذی اور سخت مایوس کن بیماریوں کے لیے

"یَاحَیُّ" موذی اور سخت مایوس کن بیماری میں مبتلا مریضوں کو زعفران کی سیاہی سے لکھ کر یہ نقش مبارک پلائیں اور روحانی عجائبات کا مشاہدہ کریں۔

عبارت نقش مبارک

یاحیی حین لاحیی فی دیمومة ملکه وبقائه

یاحیی یاحیی یاحیی یاحیی یاحیی

اللہ کی بارگاہ میں مقبولیت کے لیے

جو شخص چاہے کہ ہمیشہ اس کا نام اللہ کے دوستوں میں لکھا جائے، وہ "یَاحَیُّ" کا کثرت سے ذکر کرے۔

ہر قسم کے مرض سے شفاء کے لیے

جو چاہے کہ کسی مرض کہنہ سے شفا ملے، 'یَاحَیُّ'' کو بکثرت پڑھے اور زعفران در گلاب سے سعد ستارے کی سعد ساعت میں لکھ کر پئے، اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمائے۔

حمل کی حفاظت کے لیے

جس عورت کے بچے مرجاتے ہوں، یا حمل کچا گر جاتا ہو تو اس اسم کی تلاوت کرنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ اولاد کو محفوظ اور مامون رکھے گا۔

حیات قلب

"یَاحَیُّ" کا ذاکر اتنا ذکر کرے کہ اس کا حال غالب آجائے تو اس کی عمر میں اضافہ ہو، نور توحید سے اللہ تعالیٰ اس کا قلب زندہ کردے گا۔

حصول صحت

اگر کوئی شخص بیمار ہو، اس اسم کو بہت پڑھے، صحت پائے یا کوئی دوسرا بیمار پڑھے تو بھی صحت پائے، اگر بیمار پر نظر جما کر پڑھے تو صحت پائے، اگر ہر روز ستر بار پڑھے، عمر اس کی دراز ہو اور قوت روحانیت میں زیادہ ہو۔

عبادت پر آمادگی

اگر بعد از نماز فجر طلوع آفتاب تک یاحی یاقیوم پڑھتا رہے اور اس کا معمول بنالے تو طبیعت میں مستعدی اور عبادت کرنے میں آمادگی پیدا ہوتی ہے۔

یاحیی اسم کا عامل بننے کے لیے

'یَاحَیُّ'' اس اسم کا عامل بننے کے لیے روزانہ دس ہزار (۱۰۰۰۰) ہزار مرتبہ پڑھ کر ایک سو دس (۱۱۰) دن کا چلّہ کریں۔

یاحیی کا عامل بننے کا دوسرا طریقہ

'یَاحَیُّ'' اس دعا کا عامل بننے کے لیے پچھتر (۷۵) دن تک روزانہ سات ہزار (۷۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

القَیُّومُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۵۶	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

تازندگی غربت و افلاس سے بچنے کے لیے

تازندگی غربت و افلاس سے بچنے کے لیے ایک سو چھپن (۱۵۶) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

نیند کے بے جا غلبے کو دور کرنے کے لیے

نیند کے بے جا غلبے کو دور کرنے کے لیے ایک سو چھپن (۱۵۶) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے

کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے دو ہزار چار سو بتیس (۲۴۳۲) مرتبہ گیارہ (۱۱) دن تک پڑھیں۔

پاؤں پر کمزوری کی وجہ سے کھڑے ہونے کے لیے

اپنے پاؤں پر کمزوری کی وجہ سے نہ کھڑے ہو سکنے والے مریض کثرت سے پڑھیں، دم کریں۔ دم شدہ پانی پئیں اور نقش بنا کر باندھیں۔

"یَاقَیُّوْمُ" کا عامل بننے کے لیے

اس اسم کا عامل بننے کے لیے پندرہ ہزار دو سو (۱۵۲۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلّہ کریں۔

حمل ساقط نہ ہو

مانع اسقاط حمل ہے۔ اس اسم "یَاقَیُّوْمُ" کو ہر شب و صبح ایک سو چھپن (۱۵۶) مرتبہ حاملہ کے پیٹ پر دم کر دیا جائے۔ حمل پختہ ہو، ولادت آسانی سے ہو۔

نیند کا غلبہ ختم ہو

جو شخص یا قیوم کا ذکر کرے گا، اس سے نیند کا غلبہ جاتا رہے گا اور جو شخص نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب تک یا حی یا قیوم کا ورد کرتا رہے گا، اس کی طبیعت میں مستعدی پیدا ہوگی اور سستی و کاہلی دور ہو جائے گی اور لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت قائم ہو۔

غرق سے تحفظ

سمندری یا دریائی سفر کے دوران جوان ہر دو اسماء کی تلاوت کرے گا، اللہ تعالیٰ اسے غرق ہونے سے محفوظ فرمائیں گے۔

کام سرانجام پائیں

اگر کوئی شخص اس کو پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کے تمام دلی مقاصد پورے ہوتے رہیں اور ہر نیک کام اس کا پورا ہو جایا کرے اور ہمیشہ خوش و خرم رہے گا۔

مفلسی دور ہو

اگر کوئی شخص تنہائی میں اس اسم پاک یا قیوم کو بکثرت پڑھے، اگر غریب ہو تو مالدار ہو جائے۔ جملہ مقاصد پورے ہوں۔

حاسدوں اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو

اگر کوئی شخص اپنے حاسدوں کی شرارتوں اور دشمنوں کی چالوں سے سخت پریشان اور آزردہ خاطر ہو، وہ اسم مبارک "یا قیوم" کا ورد کثرت سے کرے، اللہ تعالیٰ تبارک العزیز اس اسم مبارک کی برکت سے اور اپنے فضل و کرم کے ساتھ اسے حاسدوں اور دشمنوں کے تمام فتنوں سے نجات دلائے گا اور اسے حاسدوں اور دشمنوں پر غلبہ عطا فرمائے گا۔

تصرف دلوں میں ظاہر ہو

سحری کے وقت جو کوئی بلند آواز سے اس اسم کو پڑھے گا، اس کا تصرف دلوں میں ظاہر ہوگا یعنی لوگ اسے دوست رکھیں گے۔

ہر مقصد میں کامیابی کے لیے

بزرگوں کا کہنا ہے کہ "یاحیی یاقیوم" اسم اعظم ہے۔ اس کو ہر مقصد میں کامیابی کے لیے پڑھیں۔

سخت پریشانی سے نجات کے لیے

سخت پریشانی میں گھر کے سب افراد مل کر تین (۳) دن روزانہ تریسٹھ ہزار (۶۳۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

الواجِدُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۴	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

دولت مند بننے کے لیے

دولت مند بننے کے لیے ''یَاوَاجِدُ'' کو روزانہ بعد نمازِ مغرب تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ پڑھیں۔

دل میں نورانیت پیدا کرنے کے لیے

دل میں نورانیت پیدا کرنے کے لیے کھانے کے ہر لقمے پر پڑھ کر کھائیں۔

کاروباری بندشیں ختم کرنے کے لیے

کاروباری بندشیں ختم کرنے کے لیے چالیس (۴۰) دن تک روزانہ کاروباری جگہ پر تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ ''یَاوَاجِدُ'' پڑھیں۔

بندش رشتہ کو ختم کرنے کے لیے

بندش رشتہ کو ختم کرنے کے لیے گیارہ (۱۱) جمعرات مسلسل گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

ہر مقصد میں کامیابی اور مراد حاصل کرنے کے لیے

ہر مقصد میں کامیابی اور مراد حاصل کرنے کے لیے کثرت سے پڑھیں۔

اس اسم کا عامل بننے کے لیے

اس اسم کا عامل بننے کے لیے تیرہ ہزار سات سو پچاس (۱۳۷۵۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر اسی (۸۰) دن کا چلّہ کریں۔

تونگری حاصل ہو

بزرگوں نے نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی تاریک جگہ میں نصف رات کو گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھے گا تو اس کو تونگری حاصل ہوگی۔

الماجِدُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۴۸	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

ملازمت سے معطل ملازمین کی بحالی کے لیے

ملازمت سے معطل ملازمین اپنی بحالی کے لیے چالیس (۴۰) دن روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھیں۔

جرم سے بری اور الزام سے برأت کے لیے

جرم سے بری اور الزام سے برأت کے لیے بھی چالیس (۴۰) دن روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھیں۔

مریدوں اور عقیدت مندوں میں اضافے کے لیے

مریدوں اور عقیدت مندوں میں اضافے کے لیے رمضان کے آخری عشرے میں اکتالیس ہزار (۴۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل روزانہ کرنا ہے۔

کاروبار بڑھانے اور گاہکوں کے رش کیلئے

کاروبار بڑھانے اور گاہکوں کے رش میں اضافہ چاہنے والے روزانہ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

ہر قسم کی ذلت، رسوائی، شرمندگی سے بچنے کے لیے

ہر قسم کی ذلت، رسوائی، شرمندگی اور ندامت سے بچنے کے لیے صبح شام اڑتالیس (۴۸) بار پڑھیں۔

''یَامَاجِدُ'' کا عامل بننے کے لیے

اس اسم کا عامل بننے کے لیے نو ہزار دو سو (۹۲۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں اور چالیس (۴۰) دن کا چلّہ کریں۔

روحانی صلاحیت کے لیے

جو کوئی خلوت میں اس کو اتنا پڑھے کہ خودی سے بے خود ہو جائے تو اس کے دل پر انوار ظاہر ہوں۔

الواحد کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۹	عنصر: بادی	طبیعت: مشترک

ہر طرح کے خطرات سے حفاظت کے لیے

ہر طرح کے خطرات سے حفاظت کے لیے چالیس (۴۰) دن تک بارہ سو سولہ (۱۲۱۶) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

گندے خیالات سے چھٹکارا کے لیے

ہر طرح کے گندے خیالات سے چھٹکارا کے لیے روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

کسی کے پاس اپنے مقصد کے لیے

کسی کے پاس اپنے مقصد کے لیے جاتے ہوئے اس کے انکار سے بچنے کے لیے انیس (۱۹) مرتبہ پڑھ کر اس کے پاس جا کر غیر محسوس طریقے سے پھونک ماریں۔

رجعت میں مبتلا رجعت کو ختم کرنے کے لیے

رجعت میں مبتلا رجعت کو ختم کرنے کے لیے 11 دن بلاناغہ تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

نرینہ اولاد سے مایوس افراد کے لیے

نرینہ اولاد سے مایوس رمضان المبارک کے پہلے جمعہ کو ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ ۲ کاغذوں پر لکھ کر دونوں میاں بیوی باندھیں۔

مرد یا عورت کو بانجھ کرنا

مرد یا عورت کو بانجھ کرنے کے لیے اس اسم میں بڑی تاثیر ہے مگر اللہ کے نام سے کسی کو ستانا درست نہیں۔

اس اسم کا عامل بننے کے لیے

اس اسم کا عامل بننے کے لیے سات ہزار چھ سو (۷۶۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلّہ کریں۔

الاحد کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۳	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

دنیا کی مالی محبت دل سے ختم کرنے کے لیے

دنیا اور مال و دولت کی محبت دل سے ختم کرنے کے لیے بکثرت پڑھیں۔

گناہوں کی دلدل سے بچنے کے لیے

گناہوں کی دلدل سے نکلنے اور بچنے کے لیے صبح شام ایک تسبیح پڑھیں۔

زہریلے جانوروں کے ڈسے ہوئے کے لیے

سانپ، بچھو اور دیگر زہریلے جانوروں کے ڈسے شخص پر ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

نفسانی خواہشات کے غلبے کو دور کرنے کے لیے

نفسانی خواہشات کے غلبے کو دور کرنے کے لیے چالیس (۴۰) دن تک باون سو (۵۲۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

عذاب قبر سے محفوظ رہنے کے لیے

عذاب قبر سے محفوظ رہنے کے لیے روزانہ ایک ہزار ایک سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

ظالم کے ظلم سے بچاؤ

جو کوئی اس اسم کو پڑھے گا، ان شاء اللہ ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا۔

عزت و سرفرازی پائے

جو کوئی اس اسم کو ۹ مرتبہ پڑھ کر حاکم کے سامنے جائے گا، ان شاء اللہ عزت و سرفرازی پائے گا۔

اس اسم کا عامل بننے کے لیے

اس اسم کا عامل بننے کے لیے پانچ ہزار دو سو (۵۲۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلّہ کریں۔

اَلصَّمَدُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۳۴	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

مخالفین کی زبان بندی

مخالفین کی زبان بندی کے لیے تہجد کے وقت دو رکعت نفل ادا کریں اور سجدے میں جا کر ایک سو پندرہ (۱۱۵) مرتبہ پڑھیں۔

غربت اور فقر فاقہ سے نجات

غربت اور فقر فاقہ سے نجات کے لیے فجر اور مغرب کی نماز کے بعد ایک سو چونتیس (۱۳۴) مرتبہ پڑھیں۔

زبان میں تاثیر پیدا ہو

زبان میں تاثیر پیدا کرنے کے لیے گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

زوجین میں مثالی محبت پیدا ہو

زوجین میں مثالی محبت پیدا کرنے کے لیے چینی پر چودہ سو (۱۴۰۰) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

ظاہری و باطنی استغناء کا حصول

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اسے ظاہری غنا حاصل ہو، اسی طرح اس کا باطن بھی عطیہ خداوندی پر راضی ہو، دل میں کسی قسم کا شکوہ شکایت پیدا نہ ہو تو اس کے لیے اول گیارہ بار درودِ ابراھیمی پڑھے، اس کے بعد اسم الٰہی ''اَللّٰہُ الصَّمَدُ'' تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ اور آخر میں گیارہ بار درودِ ابراھیمی پڑھا کرے۔ یہ عمل چالیس دن تک بلاناغہ کرے۔ چالیس دن کے بعد روزانہ بعد نمازِ عشاء اول و آخر درودِ ابراھیمی گیارہ گیارہ بار درمیان میں ''اَللّٰہُ الصَّمَدُ'' پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھا کرے اور ہمیشہ یہ عمل کرتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ غناء ظاہری و باطنی حاصل ہوگا۔ اہل دنیا سے مال و دولت کا لالچ ختم ہو جائے گا اور طبیعت کو سکون حاصل ہوگا۔

ف: یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ اگر عشاء کے بعد پڑھنے والا عمل پانچ سو مرتبہ والا، اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن ایک ہزار بار پڑھے۔ اگر دو دن ناغہ ہو جائے تو تیسرے دن پندرہ سو بار پڑھے اور اگر مسلسل تین دن پڑھنے کا ناغہ ہو جائے اور تین دن برابر نہیں پڑھا تو عمل ختم ہو گیا۔ اب پھر چالیس (۴۰) دن تک تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھ کر جلد مکمل کرے ورنہ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھنے سے کچھ فائدہ نہ ہوگا۔

بدکاری، شراب نوشی، چوری کی عادت چھڑوانا

اس اسم کا ورد اور نقش بدکاری، شراب نوشی، چوری کی عادت چھڑوانے کے لیے دیں۔

''اَللّٰہُ الصَّمَدُ'' کا عامل بننا

''اَللّٰہُ الصَّمَدُ'' کا عامل بننے کے لیے روزانہ دس ہزار (۱۰۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر اسّی (۸۰) دن کا چلّہ کریں۔

عیب جوئی سے نجات حاصل ہو

اگر کوئی شخص نصف رات گزر جانے کے بعد سجدے میں جا کر ۱۵ ہزار مرتبہ ''یا صمد'' پڑھے تو غیبت، جھوٹ، نفاق اور لوگوں کی عیب جوئی سے نجات حاصل ہو۔

ظالم کے ظلم کا شکار

اگر کوئی شخص کسی ظالم کے ظلم کا شکار ہو تو مغرب کی نماز کے بعد ''اللہ الصمد'' ایک ہزار مرتبہ ۱۱ روز تک پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے اور قید سے نجات حاصل ہوگی۔

دنیا کی محبت دل سے نکل جائے

جو شخص چاہے کہ دنیا کی محبت سے دامن بچائے، وہ اس کو ہر نماز کے بعد ایک سو چونتیس (۱۳۴) مرتبہ پڑھے۔ دنیا سے بے پرواہ ہوگا۔

القادِرُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۳۰۵	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

ہر دلی مراد کے حصول کیلئے

ہر دلی مراد کے حصول کیلئے روزانہ ۳۰۵ مرتبہ پڑھیں۔

ہر مقام پر برتری حاصل ہو

ہر جگہ ہر مقام پر برتری حاصل کرنے کیلئے ہر نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ پڑھیں۔

اپنا حق لینے کی قدرت نہ رکھنے والے

اپنا حق لینے کی قدرت نہ رکھنے والے ۴۰ دن تک روزانہ تین سو پانچ (۳۰۵) مرتبہ پڑھیں۔

حاسدین، مخالفین اور شریروں کے شر سے بچنے

حاسدین، مخالفین اور شریروں کے شر سے بچنے اور حفاظت کیلئے دوران وضو بکثرت پڑھیں۔

بیوی پر جماع کی طاقت و قدرت نہ رکھنے والے

بیوی پر جماع کی طاقت و قدرت نہ رکھنے والے ۴۰ دن تک روزانہ تین سو پانچ (۳۰۵) مرتبہ پڑھیں اور پانی یا دودھ پر دم کر کے پی لیں۔

اس اسم کا عامل بننے کیلئے

اس اسم کا عامل بننے کیلئے روزانہ نو ہزار دو سو پچھتر (۹۲۷۵) مرتبہ پڑھ کر ۴۱ دن کا چلّہ کریں۔

دشمنوں کے لیے اللہ کافی ہو

جو شخص صبح و شام اس کو تین سو پانچ (۳۰۵) مرتبہ خلوص نیت سے پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کے دشمنوں کے لیے خود کافی ہو جائے گا۔

شدید مشکل سے نجات

جو کسی شدید مشکل میں پھنس جائے، وہ ہر نماز کے بعد آٹھ سو اٹھائیس (۸۲۸) مرتبہ پڑھے، پریشانی زائل ہو۔

المُقتَدِرُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۷۴۴	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے

اپنے مقصد میں کامیابی و کامرانی کے لیے گیارہ (۱۱) دن لگاتار تین ہزار سات سو بیس (۳۷۲۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

مقدمات، لڑائی میں فتح، دشمنوں پر رعب

مقدمات میں کامیابی، لڑائی میں فتح، دشمنوں پر رعب اور دوستوں پر اپنا اثر قائم کرنے کیلئے یا قادر یا مقتدر کا مشترکہ نقش تیر بہدف ہے۔ بنوائیں اور پہنیں۔

نقش مبارک

۲۶۲	۲۶۵	۲۶۸	۲۵۴
۲۶۷	۲۵۵	۲۶۱	۲۶۶
۲۵۶	۲۷۰	۲۶۳	۲۶۰
۲۶۴	۲۵۹	۲۵۷	۲۹۹

اس اسم کا عامل بننے کے لیے

اس اسم کا عامل بننے کیلئے چھ ہزار دو پچاس (۶۲۵۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر ۴ ماہ ریاضت کریں۔

قدرت ظاہر کرنے والا

اگر اس اسم کو ہمیشہ پڑھے، اس کی غفلت آگاہی سے بدل جائے اور جو کوئی سونے سے اٹھتے کے وقت اس کو بیس بار پڑھے، اس کے تمام کام آسانی سے ہوں گے۔

رحمت الٰہی میں رہے گا

جو اس اسم کو روزانہ بیس (۲۰) مرتبہ وردر کھے گا، ان شاء اللہ رحمت الٰہی میں رہے گا۔

اَلْمُقَدِّمُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۱۸۴	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

ہر کام، ہر مقصد، ہر جگہ، ہر وقت ہر ایک سے سبقت

ہر کام، ہر مقصد، ہر جگہ، ہر وقت اور ہر ایک سے سبقت لینے یعنی آگے بڑھنے کیلئے تازندگی صبح شام ایک سو چوراسی (۱۸۴) مرتبہ پڑھیں۔

دنیا، آخرت میں اپنا نام اونچا اور سربلند کرنے کیلئے

دنیا، آخرت میں اپنا نام اونچا اور سربلند کرنے کیلئے کثرت سے پڑھیں۔

ملازمت میں ترقی کیلئے

ملازمت میں ترقی کیلئے ترقی ہونے تک روزانہ ایک سو چوراسی (۱۸۴) مرتبہ پڑھیں۔

پڑوسیوں کے شر سے بچے

پڑوسیوں کے شر سے بچنے کیلئے صبح شام تینتیس (۳۳) مرتبہ پڑھیں۔

اس اسم کا عامل بننے کیلئے

اس اسم کا عامل بننے کے لیے گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ روزانہ ۴ مہینہ ریاضت کریں۔

کمزور طاقتور ہو جائے

اگر کوئی کمزور چاہے کہ مجھ میں اتنی طاقت آجائے کہ میں اللہ جل شانہ کی اطاعت اور وظائف وغیرہ پڑھنے میں اپنے اندر بشاشت اور قوت محسوس کرنے لگوں تو اس کو چاہئے کہ روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ "یا مقدم" پڑھا کرے۔

محبت کرنے لگے

اگر چوّن (۵۴) مرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کسی کو کھلائے تو وہ محبت کرنے لگے گا۔

اَلْمُؤَخِّرُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۸۴۶	عنصر: خاکی	طبیعت: مشترک

ہر کام کا انجام بہتر بنانا

ہر کام کا انجام بہتر بنانے کیلئے اس کو شروع کرنے سے پہلے ۷ دن تک آٹھ سو چھیالیس (۸۴۶) مرتبہ پڑھیں۔

بیماری کے آخری سٹیج پر پہنچے ہوئے مریض کیلئے

بیماری کے آخری سٹیج پر پہنچے ہوئے مریض کو دم کریں، دم شدہ پانی پلائیں اور اس کا نقش باندھنے کو دیں۔

اللہ کی سرپرستی کے لیے

اپنے تمام کاموں میں اللہ کی سرپرستی کیلئے روزانہ ایک تسبیح پڑھیں۔

اس اسم کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کیلئے روزانہ چار ہزار (۴۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر ۴۰ دن کا چلّہ کریں۔

دل یاد خداوندی سے غافل نہ ہو

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص روزانہ اس اسم الٰہی کی ۸ تسبیح پڑھے گا، اس کا دل یاد خداوندی سے کبھی غافل نہیں رہے گا۔

دلی مقاصد پورے ہوں

اگر کوئی شخص ہر فرض نماز کے بعد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ "یا مؤخر" پڑھنے کا معمول بنائے تو اس کے تمام دلی مقاصد پورے ہو جائیں اور اس کا نفس اس کا مطیع ہو جائے۔

سخت بیماری سے نجات پائے

جو لوگ کسی بیماری سے تنگ آ گئے ہوں اور علاج کے باوجود مکمل صحت نہیں ہو پا رہی ہو تو اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے "یا مؤخر" بلا تعداد پڑھیں۔ ان شاء اللہ، چند ماہ میں بیماری سے نجات مل جائے گی۔

الاوّلُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۳۷	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

غیر ملک میں یا غیروں کے ہاتھ یرغمال کیلئے

غیر ملک میں یا غیروں کے ہاتھ یرغمال ۲۱ دن تک ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

رزلٹ وغیرہ میں اول آنے کیلئے

رزلٹ وغیرہ میں اول آنے کیلئے رزلٹ آنے تک ہر نماز کے بعد سینتیس (۳۷) مرتبہ پڑھیں۔

ذہن کی کشادگی، علم و فہم کے اضافے، کند ذہنی ختم ہو

اس اسم کا نقش ذہن کی کشادگی، علم وفہم کے اضافے، کند ذہنی ختم ہو جانے، بے خوابی، درد دماغ، درد جگر، رعشہ فالج، لقوے وغیرہ میں استعمال کریں اور شفایابی کے جوہر سمیٹیں۔

نقش مبارک

ا	لا	وّ	ل
۸	۲۸	۳	۹۲
۶۲	۲	۵۳	۵
۳۳	۷	۲۴	۴

اسم کا عامل بننے کے لیے

اس اسم کا عامل بننے کیلئے تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھ کر ۴۰ دن کا چلہ کریں۔

اولاد نرینہ

جو شخص نرینہ اولاد سے محروم ہو اس کو چاہئے کہ ۴۰ دن تک روزانہ چالیس مرتبہ پڑھے اور اس کی بیوی بھی پڑھے، ان شاء اللہ اس کے بعد جب حمل ٹھہرے گا تو لڑکا ہی پیدا ہوگا۔

الآخرُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۸۰۱	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

سخت یرقان کے مریض کیلئے

سخت سے سخت یرقان کے مریض کو اکتالیس سو (۴۱۰۰) مرتبہ عرق مکو پر دم کر کے پلائیں۔

پنچائیت یا فیصلے کی جگہ پر اپنی دھاک بٹھانا

پنچائیت یا فیصلے کی جگہ پر اپنی دھاک بٹھانے کیلئے آٹھ سو ایک (۸۰۱) مرتبہ پڑھ کر جائیں۔

اس اسم کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کیلئے تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھ کر ۴۰ دن کا چلہ کریں۔

خاتمہ ایمان پر ہو

اگر کوئی شخص آخری عمر کو پہنچ گیا ہو اور زندگی کا اکثر حصہ غفلت خداوندی میں گزرا ہو تو اس کو چاہئے کہ نماز کی پابندی کرے اور بکثرت اس اسم مبارک کا ورد صبح و شام کرے، ان شاء اللہ خاتمہ ایمان پر ہوگا۔

روحانیت کی ترقی، الہام کی بارش اور کشف کی دولت عطا ہو

اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا ورد روزانہ اکیس (۲۱) مرتبہ نماز عشاء کے بعد پڑھے اور لگاتار ۲ سال تک اس عمل کو جاری رکھے تو اس کی روحانیت اتنی بڑھ جائے کہ لوگ اس کو دیکھ کر عش عش کریں، اس پر الہام کی بارش ہونے لگے اور اس کو کشف کی دولت بیکراں وافر مقدار میں عطا ہو جائے، اس کی دعائیں قبول ہونے لگیں۔ اور اس کے اشاروں پر کام بننے لگیں، اس عمل کے دوران عبادت خداوندی کے ساتھ ساتھ رزق حلال کا اہتمام رکھے۔

اَلظَّاھِرُ کے خواص و اعمال

اعداد قمری: ۱۱۰۶	عنصر: خاکی	طبیعت: مشترک

دشمنوں کی خفیہ سازشوں کو ظاہر کرنا

دشمنوں کی خفیہ سازشوں کو ظاہر کرنے کیلئے گیارہ (۱۱) دن تک گیارہ سو چھ (۱۱۰۶) مرتبہ پڑھیں۔

زمین میں پوشیدہ خزانوں کو ظاہر کرنا

زمین میں پوشیدہ خزانوں کو ظاہر کرنے کیلئے گیارہ (۱۱) دن تک گیارہ سو چھ (۱۱۰۶) مرتبہ پڑھیں۔

جادو کروانے والے کا نام جاننا

جادو کروانے والے کا نام جاننے کیلئے بکثرت پڑھیں۔

چور کی شناخت

چور کی شناخت کیلئے 7 دن تک روزانہ سونے سے پہلے گیارہ سو چھ (۱۱۰۶) مرتبہ پڑھیں۔

روحانی صلاحیت کے لیے

جو کوئی اسم ''اَلظَّاھِرُ'' کو بعد نماز اشراق کے پانچ سو بار پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کی آنکھ روشن کردے گا۔

لوگوں کے دل کھلی کتاب کی طرح پڑھے

کشف القلوب کے لیے اس کو ہر شب گیارہ ہزار ایک سو اسی (۱۱۱۸۰) مرتبہ پڑھے، لوگوں کے دل کھلی کتاب کی طرح پڑھے۔

''اَلظَّاھِرُ'' کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کیلئے چار ہزار چار سو چوالیس (۴۴۴۴) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلہ کریں۔

اَلْبَاطِنُ کے خواص و اعمال

اعداد قمری: ۶۲	عنصر: خاکی	طبیعت: مشترک

پوشیدہ چیز کا سراغ لگانا

کسی بھی پوشیدہ چیز کا سراغ لگانے کیلئے بعد نماز عشا سونے سے پہلے گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھیں اور بغیر بات کیے سو جائیں۔

چھپے دشمنوں کو دوست بنانا۔۔۔۔۔۔چھپی خبریں معلوم ہوں

چھپے دشمنوں کو دوست بنانے کے لیے باسٹھ (۶۲) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ ہر طرح کی پوشیدہ خبریں معلوم کرنے کیلئے رات سوتے وقت بکثرت پڑھیں۔

کسی کے دل میں آپ کی محبت یا نفرت جاننا

کسی کے دل میں آپ کے بارے میں محبت یا نفرت کو جاننے کے لیے تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ رات سوتے وقت سات (۷) دن تک پڑھیں۔

روحانی صلاحیت کے لیے

جو کوئی ہر روز ''اَلْبَاطِنُ'' تینتیس (۳۳) بار کہے تو اسرار الٰہی کے جاننے والوں میں سے ہوجائے گا۔

اللہ جل جلالہ حکمت کے دروازے کھول دے

جو شخص ہر نماز کے بعد اس کو تین سو بیس (۳۲۰) مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس پر حکمت کے دروازے کھول دے۔

''یَا بَاطِنُ'' کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کیلئے تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلہ کریں۔

اَلوَالِیُ کے خواص و اعمال

اعداد قمری: ۴۷	عنصر: بادی	طبیعت: مشترک

دشمن سے سخت انتقام

دشمن سے سخت انتقام کیلئے رات (۱۲) بجے تیرہ سو (۱۳۰۰) مرتبہ تیرہ (۱۳) دن تک پڑھیں۔

نئے مکان کی حفاظت

نئے مکان کی ہمیشہ حفاظت کیلئے مکان شروع کرتے وقت تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پانی پر دم کر کے اس کی بنیادوں میں چھڑکیں۔

اناج کے ذخائر کی حفاظت

اناج کے ذخیرے میں آڑھتی حضرات اور سٹاکسٹ حضرات سامان کی کیڑوں وغیرہ سے حفاظت کیلئے ایک کاغذ پر سینتالیس مرتبہ لکھ کر اس میں رکھیں۔

ٹھیکیدار کا کام مزید بڑھانا

ٹھیکیدار حضرات کام کو مزید بڑھانے کیلئے گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

"اَلوَالِیُ" کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کے لیے چار ہزار (۴۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلہ کریں۔

گھر کی حفاظت کے لیے

جس کو منظور ہو کہ اس کا گھر یا دوسرے کا معمور اور آباد ہو اور آندھی اور بارش اور تمام آفتوں سے محفوظ رہے تو اس کو کورے آبخورے پر لکھے اور اس آبخورہ میں پانی بھرے اور اس سے دیواروں پر پانی چھڑکے تو وہ گھر سب آفتوں سے محفوظ رہے اور اگر کسی کی تسخیر کی نیت سے پڑھے تو گیارہ مرتبہ پڑھے، وہ آدمی مطیع و فرمانبردار ہو۔

اَلمُتَعَالُ کے خواص و اعمال

اعداد قمری: ۵۵۱	عنصر: بادی	طبیعت: مشترک

حیض کی تکالیف

حیض کی مختلف تکالیف میں مبتلا عورتیں دوران حیض روزانہ پانچ سو اکیاون (۵۵۱) مرتبہ پڑھیں۔

قضائے حاجت کے لیے

قضائے حاجت کیلئے حاجت کی تکمیل تک بکثرت پڑھیں۔

ناجائز مقدمات کا خاتمہ

ناجائز مقدمات کے خاتمے اور وکیل پیشہ لوگ بعد نماز عشاء ایک تسبیح پڑھ لیں۔

نیک رشتوں کے خواہش مند

نیک رشتوں کے خواہش مند اکیس (۲۱) دن پانچ سو اکیاون (۵۵۱) مرتبہ پڑھیں۔

مکان کی شیاطین سے حفاظت ہو

واسطے دفع شیاطین کے ہر شب اس کو پانچ سو اکیاون (۵۵۱) مرتبہ پڑھنا، مکان کو محفوظ رکھتا ہے۔

حاکم حاجت پوری کرے

حاکم سے حاجت ہو تو اس کو تین شب آٹھ سو چودہ (۸۱۴) مرتبہ پڑھے۔ پھر حاکم کے پاس جائے۔ مطلب حاصل ہو۔

"اَلمُتَعَالُ" کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کیلئے بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر (۴۰) دن کا چلہ کریں۔

اَلْبَرُّ کے خواص و اعمال

اعداد قمری: ۲۰۲	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

گندے وساوس سے چھٹکارے کیلئے

گندے وساوس، نماز میں خیالات کی کثرت، برے خیالات کے غلبے سے چھٹکارا پانے کیلئے روزانہ دوسودو (۲۰۲) مرتبہ پڑھیں۔

برے حالات کے خاتمے

برے حالات کے خاتمے اور حالات کے سدھار کیلئے روزانہ ایک تسبیح پڑھیں۔

بچپن میں بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنا

بچپن میں بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے والدین ستر (۷۰) بار پڑھ کر دم کریں۔

بچوں کو نیک اور ایماندار بنانا

بچوں کو دودھ پلاتے وقت بکثرت پڑھیں، بچے نیک اور ایماندر بنیں گے۔

حادثات سے بچنا

سواری پر سوار ہوتے وقت حادثات سے بچنے کیلئے (۷) بار پڑھیں۔

گناہوں سے توبہ کی توفیق ہو

جو ہر روز سات سو (۷۰۰) بار پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو لازمی گناہوں سے توبہ کی توفیق بخش دیں گے۔

''اَلْبَرُّ'' کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کیلئے تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلہ کریں۔

اَلتَّوَّابُ کے خواص و اعمال

اعداد قمری: ۴۰۹	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

گناہوں کی بخشش کے لیے

جو کوئی ''اَلتَّوَّابُ'' کو بعد نماز چاشت تین سو ساٹھ بار پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو توبہ نصوح عطا کرے اور اگر اس کی کثرت کرے، اس کے کام درست ہوں اور اس کا نفس طاعت الٰہی میں آرام پکڑے۔

حج کے اسباب مہیا ہوں

جو شخص حج کی خواہش رکھتا ہو، وہ خالص توبہ کر کے ہر شب سولہ سو چھ (۱۶۰۶) مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ حج کے اسباب مہیا کرے۔

قبولیت توبہ

اگر کوئی شخص نماز چاشت کے بعد اسم پاک کو تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے، حق تعالیٰ اسے سچی توبہ نصیب فرمائے۔ اور اس کے نفس کو طاعت الٰہی میں آرام حاصل ہوگا۔ اگر اس کو پڑھنے کا معمول بنالے تو ان شاء اللہ توبہ پر قائم رہنا بھی نصیب ہوگا۔ اگر گناہوں کے عادی شخص کو لکھ کر پلائیں تو اسے بھی توبہ نصیب ہو۔

ظالم سے نجات

اگر ظالم سے نجات مطلوب ہو تو دس بار پڑھ کر ظالم پر پھونکے، ان شاء اللہ ظالم سے نجات ملے گی۔

فوائد کثیرہ

ابوالعباس بونیؒ شمس المعارف میں لکھتے ہیں کہ اس اسم پاک کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ کے مبداء کی طرف لوٹنا آسان ہوگا۔ اس لیے ہر شخص کو دن رات اس کا ذکر کرنا چاہئے۔ اس اسم میں جسم سے مکھیاں اور حشرات دور کرنے کی بھی خاصیت ہے۔

اَلْمُنْتَقِمُ کے خواص و اعمال

اعدادِ قمری: ۶۳۰	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

حد سے زیادہ ظالم کی بربادی

جو شخص بہت ظالم قسم کا ہو اور از حد سنگ دل ہو۔ لوگوں کی جان، ان کا مال، ان کی عزت اس سے محفوظ نہ ہو تو ایسے شخص کی تباہی اور بربادی کے لیے یہ عمل بہت کارگر ہے۔ روزانہ زوال کے بعد ظہر کی نماز سے پہلے تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ ''یَامُنْتَقِمُ'' پڑھا کریں۔ آگے پیچھے درود شریف پڑھنے کی ضرورت نہیں، نہ پڑھیں۔ پڑھائی کے دوران دشمن کا تصوّر باندھیں۔ دل و دماغ میں اس کی شکل سامنے رکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ کے اندر اندر وہ ظالم شخص اپنے کیے کی سزا بھگتے گا اور تباہ و برباد ہو جائے گا۔

تنبیہ: یہ عمل بہت مجبوری میں کرنے کا ہے۔ سب سے اچھی بات یہ ہے کہ دشمن کو معاف کر دیا جائے کیونکہ بعض مرتبہ ایسا عمل اُلٹا ہو جاتا ہے اور عامل کی زندگی خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ لہٰذا اس عمل کو کرنے سے قبل کسی نیک متقی اور فاضل عالمِ دین سے مشورہ کر کے عمل کریں تو بہتر ہے۔

دشمن سے نجات

جو شخص دشمن سے پریشان ہو، عزت اور آبرو خطرے میں ہو، اس اسم کو زوالِ ماہ میں ننگے سر، کھلے آسمان تلے، آٹھ ہزار چھ سو اسی (۸۶۸۰) مرتبہ پڑھے اور دشمن سے نجات چاہے۔ اللہ تعالیٰ دشمن کو مبتلائے عذاب کرے۔ خبردار دشمن کے مرنے کی بددعا نہ کرنا۔

دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رہنا

دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رہنے کے لیے اور لوگوں کے قلوب کو مسخر کرنے کے لیے ہر جمعہ کو بعد نمازِ جمعہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ''یَامُنْتَقِمُ'' پڑھے۔

قبولیت دُعا

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص نصف شب کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ''یَامُنْتَقِمُ'' پڑھ کر کوئی دُعا کرے گا تو اس کی دُعا قبول ہوگی۔

دشمن سے نجات

اگر کوئی شخص کسی دشمن کے نرغے میں ہو اور دشمن سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ لگاتار تین (۳) جمعوں تک جمعہ کی نماز کے بعد سات ہزار (۷۰۰۰) مرتبہ ''یَامُنْتَقِمُ'' پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن سے نجات مل جائے گی۔

ناجائز مقدمہ سے نجات

اگر کوئی شخص کسی ناجائز مقدمہ میں پھنس گیا ہو تو دن کے بارہ 12 بجے اور رات کے بارہ بجے ''یَامُنْتَقِمُ'' پانچ ہزار (۵۰۰۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ، مقدمہ سے نجات مل جائے گی۔

دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

آج کل ہر کوئی کسی نہ کسی درجہ میں پریشان ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا انسان ہو جس کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ پریشانی کے حل کے لئے ہر کوئی اپنے بس میں جہاں تک ممکن ہو، تدابیر اختیار کرتا ہے۔ ان تدابیر میں روحانی تدابیر بھی ہیں جن سے وہ فائدہ ممکن ہے، جو اکثر اوقات دنیوی تدابیر سے ممکن نہیں ہوتا۔ ذیل میں مختصر تفصیل دی جارہی ہے، جس کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ روحانی علاج کن مقاصد میں آپ کے لئے مفید ہوسکتا ہے۔

معاشی مسائل 8 قرض ادا نہ ہونا، قرض وصول نہ ہونا، تنگیٔ رزق، نوکری نہ ملنا یا جلدی چھوٹ جانا، کاروبار نہ چلنا، جو بھی کام کریں اس میں نقصان ہی ہونا، پیسہ آنا مگر خرچ ہوجانا، بیرونِ ملک سفر میں رکاوٹ ہونا۔

تعلیمی مسائل 8 سبق یاد نہ ہونا، پڑھنے میں دل نہ لگنا، یاد ہونے کے باوجود غلطی کرنا، امتحان میں نتیجہ اچھا نہ آنا یا فیل ہونا۔

شادی کے مسائل 8 رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ، منگنی ہوکر یا رشتہ طے ہوکر ٹوٹ جانا وغیرہ۔

زوجین کے مسائل 8 زبان دراز ہونا، گالیاں دینا، مارنا پیٹنا، خرچہ نہ دینا، باہر عورتوں میں دلچسپی رکھنا، ناجائز تعلقات، طلاق یا خلع تک معاملہ پہنچنا، ساس سسر نند بھاوج وغیرہ کے ناجائز رویے، گھر والوں کا آپس میں لڑنا، گھر والوں کا ایک دوسرے کی عزت نہ کرنا وغیرہ۔

اولاد کے مسائل 8 نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، بچوں کا آپس میں لڑنا وغیرہ۔

دشمن کے مسائل 8 جان کا دشمن ہوجانا، ناجائز مقدمہ کردینا، جائیداد یا حق پر قبضہ کرلینا، جادو ٹونہ کرواتے رہنا، زبان سے نقصان دینا وغیرہ۔

جادو کی تخریب کاریاں 8 رشتہ، صحت، اولاد، کاروبار، معاش، ترقی، عزت، کسی بھی قسم کی بندش و نقصان کرنا۔

جنات کی ستم ظریفیاں 8 نظر آنا، دباؤ ڈالنا، ڈرانا، آوازیں آنا، چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں آنا، رونے ہنسنے کی آوازیں آنا، چیز یا رقم کا چوری ہونا، چیزوں کا اپنی جگہ سے غائب ہوکر دوسری جگہ سے ملنا، خون پانی تیل وغیرہ کی چھینٹیں پڑنا، گھر میں موجودگی کا احساس ہونا وغیرہ۔

جسمانی امراض 8 علاج کروانے کے باوجود بیماری کا ٹھیک نہ ہونا، رپورٹس ٹھیک آنے کے باوجود بیماریاں ہونا، ایک بیماری کا ٹھیک ہونا تو دوسری کا لگ جانا، مسلسل گھر میں بیماری کا ڈیرے جمائے رکھنا، بڑی بیماریاں مثلاً کینسر، دل و جگر و دماغ کے امراض وغیرہ۔

خواتین کے خاص امراض 8 اولاد نہ ہونا، حمل کا اسقاط ہونا یا ہوتے رہنا، صرف لڑکیاں ہونا، اولادِ نرینہ کا حصول، رحم کے ہر قسم کے امراض

نفسیاتی امراض 8 غصہ، خوف، مایوسی، شہوت، بے سکونی، دہشت، وہم، وساوس کی کثرت، خیالوں میں کھوئے رہنا وغیرہ۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد کے ساتھ تفصیل سے خط لکھیں، email کریں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کرلیں۔ عام ملاقات بروز اتوار شام 4 بجے تا 7 بجے کی جاتی ہے۔

سید عامر علوی **0344-8439477** (اوقات: دوپہر 3 تا 9 بجے علاوہ جمعہ و اتوار) مولانا سلیم اللہ ظفر **0343-4686217** (اوقات: صبح 8 بجے تا رات 8 بجے علاوہ جمعہ)

العَفُوُّ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۱۵۶	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی معافی

بلاناغہ پابندی کے ساتھ اس کا ورد کرتے رہنا چاہیے، ایسا کرنے سے ان شاء اللہ سخت گنہ گار کو بھی صالح اور نیک بننے میں مدد ملے گی اور اللہ تعالیٰ اس کے ورد کرنے والے کے گناہوں کو معاف کردے گا۔

(اس مقدس نام کو خاص طور سے جنت میں داخلے کے لیے پڑھا جاتا ہے)

گناہوں کی بخشش کے لیے

جس کے گناہ بہت ہوں تو اس کو بلاناغہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ بخش دیں گے۔

مرتبہ پر فائز رہے

ہر نماز کے بعد ایک سو چھپن (۱۵۶) مرتبہ پڑھنے سے اپنے مرتبہ پر فائز رہے۔

اللہ جل جلالہٗ توبہ قبول کرے

جو شخص حضوری قلب سے ہر شب دو ہزار دو سو چالیس (۲۲۴۰) مرتبہ پڑھے، اللہ جل جلالہٗ تمام گناہوں سے توبہ قبول کرے۔

زبردست روحانی طاقت

اگر کوئی شخص "یَا عَفُوُّ" گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھے تو اس کے اندر زبردست روحانی طاقت پیدا ہو جائے گی اور اس کے گناہ بھی معاف ہو جائیں گے۔

"یَا عَفُوُّ" کا عامل بننا

اس اسم الٰہی کا عامل بننے کے لیے اس کو روزانہ چھ ہزار دو سو پچاس مرتبہ بہ نیت زکوٰۃ اکتالیس (۴۱) دن تک پڑھنا چاہیئے۔ ان شاء اللہ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد اس اسم الٰہی کے تعویذات میں زبردست تاثیر پیدا ہو گی۔

الرَّؤُفُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۲۸۶	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

ظالم وجابر حکمران کے چنگل سے آزادی

پابندی کے ساتھ اس کا ورد کرنا چاہیے۔ دس مرتبہ اس کو پڑھ کر ظالم وجابر حکمران کی سمت میں (یا اگر ممکن ہو تو ٹھیک اس کے منہ پر) پھونک دیجیے۔ ایسا کرنے سے ان شاء اللہ۔ (۱) اللہ تعالیٰ اس کو اپنے سایے میں رکھے گا (۲) پڑھنے والے کی روح بلند ہو گی اور دوسروں کی جانب سے مزید مہربان اور نرم دل بن جائے گا۔ (۳) پریشان وہراساں شخص ظالم وجابر حکمران کے چنگل سے نکل آئے گا۔ (اگر اس کا ورد کرنے اور اپنے لیے کر رہا ہے، تب بھی دونوں کو فائدہ ہو گا)۔

"الرؤف" کا عامل بننا

یہ اسم مبارک تسخیر ومحبت اور دشمن کے پنجہ ظلم سے رہائی کے لیے پڑھنا چاہیے، اس کے عامل کو ہر فرد انسانیت ومحبت سے دیکھے۔ اگر اس کے عامل کے پاس ایک پیسہ نہ ہو اور وہ بڑے سے بڑا کاروبار کرنا چاہے تو لوگ اسے بخوشی قرض دیں اور تقاضا نہ کریں۔ کیونکہ عامل کو قرض دینے والے کو اللہ تعالیٰ بڑی برکت دیتا ہے۔ اگر کوئی بہ نیت خیانت اس عمل کو کرے تو ذلیل وخوار ہو اور نہ عظمت ووقار اس کے قدم چومے۔

چہرے پر نور آئے

جو شخص ہر نماز کے بعد دو سو چھیاسی (۲۸۶) مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے چہرے پر نور عطا کرے۔

مخلوق مطیع ہو، دعائیں قبول ہوں

جو شخص ہر صبح اور شام دو سو پچانوے (۲۹۵) مرتبہ پڑھے، مخلوق اس کی مطیع ہو۔ کام سیدھے ہوں۔ دُعائیں قبول ہوں۔ مخلوق میں سربلند ہو۔

مالِکُ المُلک کے خواص و اعمال

اعداد قمری: ۲۱۲	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

ہولِ دل اور قلبی گھبراہٹ کا علاج

اگر کسی کا دل لرزتا ہو اور انجانا اندیشہ اس کے دل میں پیدا ہوتا ہو اور ہولِ دل کا مرض محسوس ہوتا ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل نقش باوضو چالیس (۴۰) عدد لکھ کر رکھ لے یا ایک نقش روزانہ فجر کی نماز کے بعد لکھ لیا کرے اور باوضو اس نقش کو پانی میں گھول کر ناشتہ سے قبل پی لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دل کی گھبراہٹ، ہولِ دل، دل کا کانپنا سب ختم ہوجائے گا۔

وہ نقشِ معظم یہ ہے:

ک	ل	م	ل	ا
ا	ک	ل	م	ل
ل	ا	ک	ل	م
م	ل	ا	ک	ل
ل	م	ل	ا	ک

عامل بننے کا طریقہ

اس اسم الٰہی کا عامل بننے کے لیے اس اسم کو روزانہ انیس ہزار اسّی (۱۹۰۸۰) مرتبہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھے، دورانِ چلّہ گرم چیزوں سے پرہیز رکھے، سادہ اور معتدل قسم کی غذا لے، گوشت سے بھی پرہیز کرے، اکتالیس (۴۱) ویں دن شیرینی تقسیم کرے۔

پابندی کے ساتھ اس کا ورد کرنے سے ان شاء اللہ تمام سعی و کوشش میں کامیابی ملے گی (۲) ساتھیوں کی جانب سے عزت ملے گی (۳) حکمران اس کا ورد اس لیے کرتے ہیں تاکہ ان کی حکومت باقی رہے اور مسلسل وہ حکمران رہیں (۴) دولت حاصل ہوگی (۵) جو نماز اس نام کے ساتھ ملا کر پڑھی جائے، قبول ہوگی۔

ذُوالجلالِ والاِکرام کے خواص و اعمال

اعداد قمری: ۱۱۰۰	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

جمیع مقاصد و دلی مراد حاصل کرنا

یہ دونوں اسم خواص میں یکتا ہیں۔ حضرت امام علی رضاؒ فرماتے ہیں (ان میں سے کوئی) اسم اگر سات روز تک روٹی کے ایک ٹکڑے پر لکھ کر خود کھائے، باقی روٹی صدقہ کردے تو تمام مخلوق مسخر ہو اور با اکرام پیش آئے۔ اس اسم کا پڑھنے والا خدا اور بندگان خدا کے سامنے معزز و مکرم ہو اور جمیع مقاصد و مرادیں حاصل ہوں۔ اگر سفید کاغذ پر لکھ کر مکان میں رکھے، برکت ہو۔ لوگ اس کی جانب رجوع کریں۔

"ذوالجلال والاکرام" کے فوائد

حاملہ عورت باندھے تو حمل اسقاط سے محفوظ رہے اور بچہ جن و آسیب ام صبیان کے خلل سے مامون رہے۔ اگر کھانے یا پینے پر دم کر کے طرفین کو کھلائیں تو صلح ہو، سیسہ کی تختی پر لکھ کر مطلوب کی صورت بنا کر اس کے مکان میں رکھ دیں، نکسیر جاری ہو اور مٹی کا پتلا بنا کر لکھ کر سکھا کر برادہ بنا کر ظالم کے گھر میں ڈالے، برباد ہوجائے۔

حاجت روائی کے لیے

جو کوئی اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے تونگر ہوجائے گا۔ کوئی بھی حاجت اور مشکل لوگوں کی طرف نہ رہے گی۔

تمام دن خوشحالی سے گذرے

جو شخص اس کو ہر صبح گیارہ سو مرتبہ پڑھے، تمام دن خوشحالی نصیب ہو۔

خاص شخص حاجت پوری کرے

جو شخص پریشان حال ہو اور کسی سے کوئی جائز غرض رکھتا ہو، اس اسم کو دو ہزار اکتالیس (۲۰۴۱) مرتبہ قرأت کرے اور اس کے پاس جائے۔ وہ اس کا کام بخوشی کرے۔

المُقسِطُ کے خواص واعمال

اعدادقمری: ۲۰۹	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

بگڑے کام سنور جائیں

ہر نماز کے بعد دوسونو (۲۰۹) مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام بگڑے کام سنوارے۔

توفیق انصاف ملے

اگر کوئی قاضی، مصنف یا جج یہ چاہے کہ جب وہ کرسی عدالت پر بیٹھے، اس سے صحیح صحیح انصاف کا فیصلہ صادر ہو، کسی سے زیادتی نہ ہو اور ہر فریق کو اس کا اصل حق ملے۔ تو اسے چاہئے کہ اس اسم پاک کا بکثرت ذکر کیا کرے، وہ صحیح معنوں میں منصف بن جائے گا۔

شیطانی وساوس کا علاج

دل میں آنے والے وسوسوں اور شیطان کے مکروفریب سے بچنے کے لیے روزانہ ۲۰۹ مرتبہ اس کا ورد کرے۔ ان شاء اللہ ذاکر کا نفس اس کے قابو میں رہے گا۔

خاوند سے طلب انصاف کیلئے

اگر کسی شخص کی دو یا دو سے زیادہ بیویاں ہوں اور وہ ان میں سے کسی ایک بیوی کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کرتا ہو تو وہ بیوی روزانہ اپنے خاوند کو ۲۰۹۰ مرتبہ یہ اسم پاک پڑھ کر پانی یا کسی خوردنی چیز پر دم کر کے کھلائے۔ ان شاء اللہ وہ اپنی اس بیوی سے منصفانہ سلوک کرے گا۔

کاروباری لوگوں کیلئے بہترین عمل

ابوالعباس بونیؒ نے شمس المعارف میں لکھا ہے کہ اس اسم پاک کے ذاکر کے دل سے افراط وتفریط دور ہو جاتی ہے اور خالص عادل ہو جاتا ہے، دُکانداروں اور کاریگروں کے لیے فائدہ مند ہے۔

الجَامِعُ کے خواص واعمال

اعدادقمری: ۱۱۴	عنصر: خاکی	طبیعت: مشترک

بچھڑے ہوئے مل جائیں

جو شخص عزیزوں سے بچھڑ گیا ہو، وہ طلوع آفتاب کے وقت اس کو تین ہزار آٹھ سو چالیس (۳۸۴۰) مرتبہ پڑھے۔ بچھڑے ہوئے مل جائیں۔

گمشدہ کی خبر ملے

جو ایسا گمشدہ ہو کہ اس کی کوئی خبر نہ آئے تو اس شخص کے نام، ماں کا نام اور جس روز گم ہوا ہے، اس دن کے تمام اعداد جمع کرے۔ پھر اس اسم کے اعداد جمع کرے اور کل تعداد کے مطابق اس اسم کو پڑھے۔ ان شاء اللہ وہ بخیر واپس آئے یا اس کی معتبر اطلاع ملے۔

بچھڑے اقارب کو ملانے کا ایک اور عمل

بعض علما نے بچھڑے ہوئے عزیز واقارب کو ملانے کا یہ مجرب عمل بھی لکھا ہے کہ چاشت کے وقت غسل کر کے آسمان کی طرف منہ کر کے دس بار اسم مبارک ''یا جامع'' پڑھے اور ایک انگلی بند کرے، اسی طرح ہر دس بار پڑھ کر انگلیاں بند کرتا جائے۔ جب تمام انگلیاں بند ہو جائیں تو پھر اپنے ہاتھوں کو اپنے منہ پر مل لے۔ ان شاء اللہ ان کے درمیان جلد اجتماع ہو جائے گا۔

فوائد کثیرہ

اگر بیوی ناراض ہو کر سسرال سے چلی جائے، یا اولاد یا کوئی اچھا ملازم ناراض ہو کر کام چھوڑ جائے۔ یا کسی نے جائیداد پر ناجائز قبضہ کر رکھا ہو تو طالب اس اسم پاک کو ۱۱۴۰ مرتبہ روزانہ پڑھ کر اول آخر درود شریف اور پھر اپنے مطلب کی دعا کرے۔ اگر چاہے کہ بہت جلد اس اسم پاک کا اثر ظاہر ہو تو ایک ہزار چار سو (۱۴۰۰) بار روزانہ ورد کرے۔ ان شاء اللہ بہت جلد اثرات ظاہر ہوں گے۔

اعداد قمری: ۱۰۶۰	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

حصولِ غنیٰ

جو شخص طلوع آفتاب سے قبل اس کی جانب منہ کر کے اس اسم کو گیارہ سو ستتر (۱۱۷۷) مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو غنی کردے۔

تمام مرادیں پوری ہوں

جو شخص ہر نماز کے بعد اس کو ایک سو چھ (۱۰۶) مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کی تمام مرادیں پورے کرے۔

شفائے امراض

جو شخص کسی مرض یا بلا میں گرفتار ہو، وہ اپنے اعضائے بدن پر اسم پاک ''اَلْغَنِیُّ'' کو پڑھ کر دم کرے۔ ان شاء اللہ مرض سے نجات ملے گی۔

عادت بد سے نجات

اگر کسی شخص میں عادات بد مثلاً لالچ، طمع، حسد اور بغض وغیرہ ہوں تو وہ اس اسم پاک کو ایک ہزار ساٹھ (۱۰۶۰) مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے، اس کی سب بری عادات جاتی رہیں گی اور اخلاق حسنہ ایسے شخص میں پیدا ہوجائیں گے۔

حصولِ غنائے ظاہر و باطن

اگر کوئی شخص ظاہری و باطنی غنا کا طالب ہو تو ''یا مُغْنِیُ'' گیارہ سو بار روزانہ تلاوت کیا کرے، اول آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل یا تو صبح کی نماز کے بعد پڑھے یا عشاء کے بعد۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اسے صبح کی نماز کے بعد پڑھتے اور اس کے ساتھ سورۃ مزمل بھی تلاوت کرتے۔ یہی معمول حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کا تھا۔ اور ان کے سلسلے میں رائج ہے۔

المُغنِیُ کے خواص و اعمال

اعداد قمری: ۱۱۰۰	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

رزق کا دروازہ کھلنے کا عمل

رزق کی تنگی دُور کرنے اور غیب سے رزق کا دروازہ کھلنے کے واسطے یہ عمل مکمل اور مسلسل بلا ناغہ چالیس (۴۰) روز کرنا ہے۔

ایک وقت مقرر کر کے باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ پھر گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ ''یا مُغنِیُ'' پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ بار سورۂ مزمّل پڑھے اور پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

یہ عمل بہت مجرّب ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے روزگار کے دروازے کھل جائیں گے اور ہر قسم کی مالی پریشانی سے نجات حاصل ہو گی۔ عمل شرط ہے۔

غناء ظاہری و باطنی اور مالداری کا حصول

اگر کسی شخص کی آمدنی کم ہو اور خرچ زیادہ ہوتا ہو اور بظاہر آمدنی بڑھنے کا امکان بھی نہ ہو اور قرض ملنا بھی دشوار ہو تو ایسی صورت میں اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کرنی چاہیے اور اسی سے مدد طلب کرنی چاہیے۔ اس کے لیے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔

بعد نمازِ عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ''یا مُغنِیُ'' تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) بار پڑھے۔ آخر میں درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ یہ عمل بلا ناغہ چالیس (۴۰) دن تک برابر کرے۔ اس طرح پڑھنے سے زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اب روزانہ بعد نماز عشاء اول تین بار درود شریف، اس کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ ''یا مُغنِیُ''، آخر میں تین بار درود شریف پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جیب خالی نہ رہے گی اور آمدنی کا غیب سے ذریعہ بن جائے گا۔ یہ عمل مسلسل اور بلا ناغہ کرے۔ اگر تین دن مسلسل نہ کیا تو عمل ٹوٹ جائے اور چلّہ دوبارہ کرنے پڑے گا۔

سفر میں یا کسی بھی حالت میں ناغہ نہ کرے۔ اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن دوگنا کر لے اور اگر دو دن ناغہ ہو جائے تو تیسرے دن تین گنا کر کے پڑھے اور اگر مسلسل تین دن ناغہ ہو گیا تو عمل ٹوٹ گیا، عمل دوبارہ کرے اور چالیس (۴۰) دن تک تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ یہ عمل مسجد میں بیٹھ کر نہ کرے۔ دنیا کے لیے عمل مسجد میں کرنا بہت بُرا ہے۔ یہ عمل گھر یا کسی دوسری جگہ پڑھے۔

روزی میں برکت ہو

روزی میں برکت اور آمدنی میں تنگی کو دور کرنے کے لیے یہ عمل بہت مفید اور مؤثر ہے۔ وقتِ مقررہ پر روزانہ اوّل گیار بار درود شریف پڑھے، اس کے بعد ایک سو (۱۰۰) بار ''یا مُغنِیُ'' پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر روزی میں برکت کی دُعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تنگدستی دور ہو گی اور رزق کی پریشانی دور ہو گی۔

تسخیر خلائق کے لیے

جو کوئی اسم ''اَلْمُغْنِیُ'' کو دس جمعہ بلا ناغہ ہمیشہ پڑھے، ہر جمعہ کو ہزار (۱۰۰۰) دفعہ پڑھے مخلوق سے بے پرواہ ہو اور جناب شیخ المشائخ شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے اپنی بعض تصانیف میں لکھا ہے کہ گیارہ (۱۱) بار درود شریف اول و آخر اور ''یا مُغنِیُ'' بقدر تعداد اعداد حروف یعنی گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ ہر روز وظیفہ کرنا، غنائے ظاہر و باطن کے لیے نہایت مفید ہے۔

سات سلام اور چہل کاف کے عامل بنیں

تعارف سات سلام اور چہل کاف کا عمل ''پیرانِ پیر غوثِ اعظم حضرت شاہ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ'' سے منقول ہے۔ یہ عمل سایہ اور جادو کا خاص توڑ ہے۔ اس عمل کا عامل بننے کے لئے صرف اجازت کی ضرورت ہے۔ اجازت نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے۔ اجازت حاصل کرنے کے بعد اس عمل کے ذریعے سے جنات، جادو ٹونہ اور نظرِ بد کا علاج کیا جاسکتا ہے۔ چہل کاف کے عامل اور اہلِ خانہ پر جادو اور سایہ اثر نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سب محفوظ رہتے ہیں بشرطیکہ وہ اجازت لیتے وقت پہلے سے جادو اور جنات کے مریض نہ ہوں۔

کل چھ درجوں کی زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ 5100 روپے میں پہلے تین درجوں کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔

چہل کاف وہ عمل ہے جو عاملین میں بہت مقبول ہے۔ دنیا کا شاید ہی کوئی جائز کام ایسا ہو، جو اس عمل سے ممکن نہ ہو۔ شرط یہ ہے کہ اس عمل کا ماہرانہ استعمال کرنا آتا ہو۔ اسلحہ تو بہت لوگوں کے پاس ہوتا ہے مگر اچھی طرح چلانا کسی کسی کو ہی آتا ہے۔ یہی روحانی اسلحہ کا بھی معاملہ ہوتا ہے۔ اگر اسلحہ کو صحیح استعمال نہ کرنا آتا ہو یا پھر بوقت ضرورت پاس نہ ہو، بیشک سامنے رکھا ہو، تو دشمن مار جائے گا۔ اس لئے دنیاوی اسلحہ کی طرح روحانی اسلحہ کو بھی ہر وقت لوڈ رکھنا چاہئے تاکہ بوقت ضرورت فوری استعمال کیا جاسکے۔

